بحیثیت علم اسی طرح ارادہ اور قدرت ورنوریت اور
وحدت اس حیثیت سے کہ وہ عین واحد ہے نہ اس حیثیت سے
کہ وہ واحد کی صفت ہے اور اوسکے مسائل وہ چیزین ہین
جو یہ اسماء ذات محققین کے مناسب اسماء صفات اور افعال
سے ظاہر ہون اور تعین کی نسبتین اوس تعین کے متعلقات
اور مراتب اور مواطن کے ساتھ اور اوس کے آثار کی
تفصیل بلحاظ تعلق یا ظہور یا ثبوت کے اور صفات و
اسماء جزئیہ جن سے وہ تعین متعین ہوا ہے اور ان سب کا
مرجع دو امرون کی طرف ہے ایک تو اون کے ارتباط
کا پہچاننا اور دوسرے اس کی شناخت کہ کس کی معرفت
ممکن ہے اور کس کی غیر ممکن ہے انتہی

قوله جمعتها بمحض فضل الله وكرمه

اقول یکجا آوردم این کلمات را بمحض فضل و
کرم جناب باری در اصطلاح قوم اطلاق جمع بر
چند معنی آمده از انجمله آن که قوم اشاره کرده اند
بجمع سوے حق بلا خلق و بتفرقہ عکس این و
مقابل این فرق است که آن رویت خلق بود

یعنی مین نے ان کلمات کو محض اللہ کے فضل و کرم سے
یکجا کیا۔ مین کہتا ہون اصطلاح قوم مین جمع کا
اطلاق کئی معنون پر آیا ہے از انجملہ یہ کہ صوفیہ نے
جمع سے حق بلا خلق کی طرف اشارہ کیا ہے اور تفرقہ سے
اس کے عکس اور اس جمع کی مقابل ہین فرق ہی جس سے مراد خلق

بلا حق ونوشته اند که جمع اشتغال بحق است
طوریکه مجتمع بود مقصود ومتضرع شود خاطر بسبب
توجه بسوے اقدس تعالی شانه ونیز از جمع قصد
کرده می شود اشتمال بشهود الله از ماسوے الله
وگاهے مراد گیرند شهود ماسوی قائماً بالله وگاهے
از حال کسیکه ثابت داشت نفس خود را وحق را و
مشاهده را قائم بالله وبعضے همین را الجمع الجمع نیز
تعبیر کنند ونیز جمع ذکر کنند وشهود وحدت در کثرت
مراد گیرند وانچه مذکور است عالم الجمع وحضرت الجمع و
مقام الجمع آن است که مشهود بود ذات بحسب واحدیت
خود که محیط جمیع اسماء وحقایق است وبرخی از جمع
قصد سازند یکے از منازل عشرهٔ سائرین الی الحق
وآن منزلیست که هرگاه سائر دران فرود آید متحقق
گردد بحقیقة الجمع بین نفی التفرقة وبین اثباتها چون
دیدن مجمل در مفصل ومفصل در مجمل وجمیع مراتب
حقیه وخلقیه وگاه اطلاق جمع بر حضرت الجمع آید
وآن حقیقت برزخیه است جامع بین الواحدیت
وبین المبدء والمنتهاء والظهور والبطون پس جمع
حقایق بتضمن معنی لغوی جمع که یکجا کردن است
کمال مناسبت دارد وبه اداے مقصود که بر قریحه
ذکیه مخفی نیست وگو مقصود مصنف این جا این نیست

بغیر حق کے دیکھنا ہے اور بعضون نے لکھا ہے کہ جمع سے
مراد مشغول بحق اس طرح ہونا کہ مقصود مجتمع ہو اور دل مین
خداے تعالی کی طرف متوجہ ہونے سے تضرع ہو اور جمع سے
مراد ماسوے اللہ سے علیحدہ ہو کر مشاہدہ حق مین مشغول
ہونا اور کبھی ماسوا کو قائم بحق مشاہدہ کرنا مقصود ہوتا ہے
اور کبھی اوس شخص کے حال کو بھی کہتے ہین جو اپنے
نفس اور حق اور مشاہدہ کو اللہ کے ساتھ قائم رکھے بعضے
اسی کو جمع الجمع بھی کہتے ہین اور جمع کہکر شہود وحدت
در کثرت مراد لیتے ہین اور عالم الجمع وحضرت الجمع
ومقام الجمع یہ ہے کہ ذات بحسب واحدیت خود مشہود ہو جو
تمام اسماء وحقائق کو محیط ہے اور اکثر جمع سے سائرین
الی الحق کے مراتب عشرہ مین سے ایک مرتبہ کو مراد لیتے
ہین جو وہ منزل ہے کہ سالک جس وقت اوس مین نزول
کرتا ہے تو تحقیق جمع نفی واثبات تفرقہ مین متحقق ہوتا
ہے جیسے مشاہدہ مجمل در مفصل ومفصل در مجمل وتمام
مراتب حقیہ وخلقیہ کا اور کبھی لفظ جمع کا اطلاق
حضرت الجمع پر بھی ہوتا ہے جو حقیقت برزخیہ ہے اور
واحدیت اور مبدا اور منتہا اور ظہور اور بطون کا جامع ہے
تو جمع حقایق بشمول معانی لغوی جمع اداے مقصود سے
پوری مناسبت رکھتا ہے جو صاحب عقل سلیم پر
پوشیدہ نہین اگرچہ حضرت مصنف کا مقصود یہان یہ

نہ بود اما کمتر ازان نہ باشد کہ روح پر فتوح حضرت
مصنف رضی بدین تشریح بود واین جیب کمتر
است ومحض بالفتح وضاد معجمہ ہر چیز خالص ودر
لفظ محض اشارہ بدانست کہ ادراک این حقایق
موقوف بر جذب ست وجذب در اختیار کسے
نیست جذبة من جذبات الحق توازی
عمل الثقلین یعنی جذبہ از جذبہائے حق مقابلہ
می کند عمل جن وانس را ؎ وجدوا ما طلبوا
واین هم من معشر طلبوا وما وجدوا والجذبة
هی تقرب العبد بمقتضی العناية الالهية
المهياة له کل ما یحتاج الیه فی طی منازل
الحق بلا کلفة وسعی منه کذا فی اصطلاحات الکاشی

نہو لیکن کم سے کم اون کی روح پر فتوح اس تشریح
سے ضرور خوش ہوگی اور یہی کیا کم ہے۔ محض بفتح و
ضاد معجمہ خالص چیز جس سے اشارہ اس طرف ہے کہ
ان حقایق کا ادراک جاذبہ پر موقوف ہے جو کسی
کے اختیار مین نہین۔ جذبات حق سے ایک جاذبہ
جن وانس کے عمل کا مقابلہ کرتا ہے ؎ لوگون نے
پایا جو کچھ طلب کیا + اور کہان ہین وہ لوگ جنھون نے
طلب کیا اور نہ پایا + اور جذبہ کہتے ہین بندے کے
تقرب کو بمقتضائے عنایت الٰہی جو اوسکے لیے وہ تمام
چیزین بلا کلفت و کوشش کے مہیا کر دیتا ہے جنکی
منازل الی الحق طے کرنے مین ضرورت پڑتی ہے ایسا
ہی شیخ عبد الرزاق کاشی کی اصطلاحات مین ہے

قولہ وجعلت ثوابها لروح رسول الله صلی الله علیه وسلم وسمیته بالتحفة المرسلة الی النبی

اقول گردانیدم ثواب این جمع را بہر روح پر فتوح
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم وموسوم می گردانم آن را
بنام تحفہ مرسلہ بحضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم و
حقیقت آن سرور علیہ السلام عبارت از تعین اول
ذات است کہ منشا آن حب گشتہ فلہ الاسماء
الحسنی کلها وهو الاسم الاعظم و گردانیدن
ثواب یکجا کردن کلمات مر حقیقت جامعہ را چہ
خوش امریست یعنی تا حقیقت جامعہ بحیثیت تعین اولی

یعنی مین نے اس جمع کا ثواب آنحضرت صلعم کی روح
پر فتوح کو نذر کیا چنانچہ مین اس کو تحفہ مرسلہ بحضور
نبی صلعم کے نام سے موسوم کرتا ہون اور حقیقت
آنحضرت ؐ سے مراد ذات کا تعین اول ہے جو
منشا حب ہوئی ہے۔ پس اوسی کے لیے تمام
اسمائے حسنے ہین اور وہی اسم اعظم ہے اور کلمات
یکجا کرنے کا ثواب حقیقت جامعہ کو پہونچانا کتنی اچھی
بات ہے تا کہ حقیقت جامعہ بحیثیت تعین اول ہو نیکے

از تذکیر و تذکار برہانی احدیت خود محظوظ گردد که
احتظاظ سرمایهٔ یاد مہجوران می تواند شد و کدام
خوشتر ازین منزلیست که رفته رفته جذب
بخودش راه دہد پس تعین اول واسطهٔ استہلاک
ماسوی در حقیقت خود است این جا نیز بدین
احتظاظ وسیلهٔ جذبهٔ وصال حقیقی گردد این است
حقیقت مقصود گردانیدن ثواب در باطن هذا
ولعل الله یحدث بعد ذلك امرًا

اپنی یکتائی کی مدلل بات چیت سے محظوظ ہو تاکہ
وہی حظ مہجورین کی یاد کا سرمایہ ہو سکے اور اس
سے زیادہ اچھا کون مرتبہ ہو سکتا ہے کہ جذب
رفتہ رفتہ اپنی جانب متوجہ کرلے اور تعین اول
جس طرح اپنی حقیقت میں ماسوے کی نفی کرنے کا
واسطہ ہے یہاں بھی بواسطہ اس حظ کے جذبہ وصال
حقیقی کا وسیلہ ہو جاوے یہی مقصود حقیقتاً باطن میں ثواب پہونچانے
سے ہے اور شاید اللہ اسکے بعد کوئی اور بات پیدا کردے۔

قوله اسئل الله تعالی ان یبلغ ثوابها لروح رسول الله

اقول وی خواہم از حق سبحانه که برساند ثواب
آن را بروح حضرت صلی الله علیه وسلم و خود این
جمله نیز مفید تاویل آن می تواند شد ثواب بمعنی
مزد و جزاے خیر در آخرت توان دانست که روح
محمدی در اصطلاح قوم عبارت است از جهت
وحدت علم اعلے مختصه بمظہریت روحانیت
که منسوب است بتجلی اول فعلیه حکم الاعمال
والوحدة و روح محمدی مظہر این روح است
بسبب کمال طہارت مرآت قابلیت قلب
آنحضرت ص مضاہات آن در تبعیت برای حضرت
حق تعالی طہارةً و تبعیةً که مقتضی اند به مقابلاتے که
قبول کرده است قلب شریف وے از حقایق

یعنی میں اللہ سے یہ چاہتا ہوں کہ وہ اس کا ثواب
آنحضرت ص کی روح کو پہونچا دے میں کہتا ہوں کہ یہ
جملہ خود سابقہ تاویل کے مفید ہے ثواب کے معنے
مزدوری اور جزاے خیر اُخروی کے ہیں جاننا چاہیے
کہ روح محمدی سے مراد اصطلاح صوفیہ میں جہت
وحدت علم اعلے مختص بہ مظہریت روحانیت سے ہے
جو تجلی اول سے منسوب ہے تو اوسی پر اعمال اور وحدت
کا حکم ہے اور روح محمدی اس روح کی مظہر ہے
بسبب کمال طہارت آئینۂ قابلیت آنحضرت ص اور
اوس کے متعلقات کے جو حضرت حق کی تبعیت کے
لیے ہے یہ طہارت اور تبعیت مقتضی ہیں اون مقابلات
کی جن کو آنحضرت ص کے قلب مبارک نے اون حقائق

اسماے حق کہ ظاہر اند دران پس گردیدند جمیع
آنچہ ظاہر است دران از حقایق کونیہ
روحانیہ وعوالم قدسیہ عقلیہ تعابر لے ظہورات
حقائق واسماء الٰہیہ تظہر الکل فیہ کذلک اے
علی ما ہو علیہ من غیر تبدیل ولا تغیر توجہہ
فکان ظہور اسماء الحق فیہ وحقیقۃ الروح
انما ہو مجرد تعین غیر قادح فی النزاہۃ والطہارۃ
الثابتۃ للمرتبۃ الاول ولغیرہ من الحقائق
الاسماء التی ظہرت فیہ صلے اللہ علیہ وسلم۔

اسماء حق سے قبول کیا ہے جو اوس مین ظاہر ہین تو
جو حقائق کونیہ روحانیہ وعوالم قدسیہ قلب شریف
مین ظاہر ہین وہ سب ظہورات حقایق واسماے الٰہیہ
کے تابع ہوئے پس تمام چیزین اوس قلب مین ایسی
ہی ظاہر ہوئین جیسی کہ تھین بلا کسی تبدیلی وتغیر کے تو
قلب مین اسماء حق کا ظہور ہوا اور روح صرف
تعین کا نام ہے وہ اوس نزاہت اور طہارت مین ہارج
نہین جو مرتبہ اول اور حقایق اسماء مین ثابت ہے کہ
جو آنحضرت صلعم مین ظاہر ہوئے ہین۔

قولہ انہ علے کل شیء قدیر وبالاجابۃ جدیر

اقول بتحقیق حق سبحانہ بر ہر شئے قادر است
وبہ قبول کردن دعا لائق جدیر بروزن فقیر
بمعنے لایق وسزاوار کذا فی الصراح ودلیل لیاقت
اجابت مر حق سبحانہ را خود لفظ اللہ است کہ
در اصل ذاتے را گویند کہ مستجمع جمیع کمالات باشد
پس اجابت دعاء داعی نیز یکے از کمالات جزئیہ
ولیست وآوردن سوال خود دلیل کرم عام اوست

یعنی بالتحقیق اللہ تعالی ہر چیز پر قادر ہے اور دعا قبول
کرنے کے لائق ہے مین کہتا ہون صراح مین ہے کہ جدیر
بروزن فقیر بمعنی لائق وسزاوار اور دلیل لیاقت قبولیت
کی خاصکر حق تعالے کے لیے خود لفظ اللہ ہے جس سے
در اصل وہ ذات مراد ہے جو جامع جمیع کمالات ہو تو کسی
دعا کرنے والے کی دعا قبول کرنا اسکے اور کمالات جزئیہ مین سے
ایک یہ بھی کمال ہے اور سوال کا پیدا کرنا خود اسکی کرم عام کی دلیل ہے

قولہ اعلموا اخوانی اسعدکم اللہ وایانا

اقول شروع در مطلب می فرماید کہ بدانید
ای برادران من نیک بخت کناد شمارا او تعالی
ومرا۔ مراد از عمدہ ترین سعادت حب ایمانی است

مین کہتا ہون مطلب کو شروع کرتے ہوے
کہتے ہین کہ آگاہ ہولے بھائیو اللہ تعالی تم کو اور مجھکو
نیک بخت کری اور عمدہ ترین سعادت سے حب ایمانی

و مؤیدات آن واز عمدہ مؤیدات آن استحکام
عزیمت قلبیہ است بر اتباع شریعت و کمال
و فور رغبت بر موافقت سنت و شدت نفرت
از ملابست بدعت و قوت اعتصام بحبل اللہ المتین
یعنی اقتداء ظاہر و باطن بہ کتاب مبین و سنت
رسول امین و کمر ہمت را بہ رضا جوئی حضرت حق
چست بستن و اعتقاد و تعظیم اوامر و شعائر اولا سیما
شرع شریف کہ اعظم الشعائر است درست کردن و
ترجیح جانب حق بر جانب نفس بوجہی کہ در صلب
نفس انکسارے ازان پدید آید و در اساس قوت
بہیمیہ ازان انقلاعے ہویدا گردد و در امورے کہ باعث
این انکسار و مقتضی این انقلاع تواند شد بحسب
اشخاص و اوقات اختلافے عظیم و تفاوتی فاحش
متحقق است و اخوان اشارہ بہ طائفہ از اولیاء
و خلفا و ورثہ گویند و اخوان حضرت مصطفے
صلے اللہ علیہ وسلم علی الحقیقت ایشانند و اشوقاہ
الی لقاء اخوانی من بعدی اشارہ بدین طائفہ
مخصوص است و علماء امتی کانبیاء
بنی اسرائیل ہم ایشانند پس درین لفظ
اخوان نیز اشارہ بہ کمال اتباع حدیث است
مر مصنف را فافہم۔

اور اوس کے مؤیدات مراد ہین جن مین سب سے اعلے
عزیمت قلبیہ کا استحکام ہے شریعت کی متابعت پر اور
کمال رغبت موافقت سنت پر اور بے انتہا نفرت امور
بدعت سے اور مضبوطی سے اللہ تعالے کے ارشادات
پر عامل رہنا یعنی ظاہر اور باطن مین کتاب مبین اور
احادیث رسول امین کی اقتدا کرنا اور رضا جوئی حق
مین آمادہ و مستعد رہنا اور اعتقاد درست رکھنا اور
اوس کے احکام کی تعظیم واجب جاننا خصوصًا شرع
شریف کی جو بزرگترین احکامات سے ہے اور امر حق کو
ہر حالت مین امر نفس پر مرجح رکھنا اس طرح کہ جس سے
نفس مین شکستگی پیدا ہو اور قوت بہیمی کمزور ہو جو امور کہ
اس شکستگی اور کمزوری کے باعث ہو سکتے ہین اون مین
اشخاص اور اوقات کے موافق بڑا اختلاف اور بدیہی فرق
ہو جاتا ہے اور اخوان سے اشارہ گروہ اولیا و خلفاء و
ورثہ امت کی طرف ہے جو درحقیقت آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے اخوان ہین اس ارشاد سے کہ مین اپنے
اون بھائیون کی ملاقات کا مشتاق ہون جو میرے
بعد ہونگے اسی گروہ مخصوص کی طرف اشارہ ہے اور اس ارشاد
کے مورد بھی یہی حضرات ہین کہ میری امت کے علما انبیائے
بنی اسرائیل کی طرح ہین پس اس لفظ اخوان سے بھی حضرت
مصنف کا اشارہ کمال متابعت حدیث نبوی کی طرف ہے

قوله ان الحق سبحانه هو الوجود المطلق

اقول تحقیق حق سبحانه وجود مطلق است
تحقیق این در هفت مقدمه باید شنید مقدمهٔ
اول آن که وجود اجلی بدیهیات است واعرف
اشیاء و بوجود دیگر اشیاء شناخته می شوند و حق
است به تحقیق زیراکه غیروے بوے متحقق می شود
پس جهل به مسئلهٔ وجود جهل باصول معارف
می شود باید دانست که معیار صدق قول ما هذا
موجود و لیس ذالك بموجود ترتب احکام و
آثار وعدم ترتب آنها است پس موجود عبارت
از چیزی ست که مرتب الاحکام والآثار است هر چیز
مترتب الاحکام والآثار المختصة خود باشد وے را
موجود گویند پس معدوم مفهوم می باشد که مصداق
مترتب الاحکام والآثار نه باشد و چون سبب ترتب
احکام و آثار جمیع ماهیات وجود است پس سبب
ترتب احکام خود بطریق اولی بود چون نور که سبب
تنویر دیگر اشیاء است همچنان سبب روشن شدن
ذات خود بطریق اولی است پس وجود را بطریق
اولی موجود توان گفت وفی رسالة الوجودیة
الوجود بمعنے ما بانضمامه الی الماهیات
الممکنة تترتب علیها آثارها المختصة بها

یعنی بے شک حق سبحانہ تعالی وجود مطلق ہی اسکی تحقیق
سات مقدمون مین سننا چاہیے۔ پہلا مقدمہ یہ کہ وجود
بدیہیات مین سب سے زیادہ ظاہر اور سب سے زیادہ قابل
معرفت ہے اور اسی وجود سے اور اشیاء بھی پہچانے جاتے
ہین اور اس کی تحقیق سب سے زیادہ اس لیے ضروری ہے کہ
اس کے غیر کی تحقیق بھی اسی سے ہوتی ہے اور مسئلۂ وجود کے
جہل سے اصول معارف کا جہل لازم آتا ہے جاننا چاہیے کہ
اس قول کے کہ کیا یہ موجود ہے اور یہ موجود نہین) صدق کا
معیار احکام اور آثار مترتب ہونا یا نہونا ہے اور موجود سے مراد
وہ چیز ہے جو احکام و آثار سے مرتب ہو تو جو چیز اپنے آثار اور
احکام مخصوصہ سے مترتب ہوگی اوس کو موجود کہین گے اور
جو آثار و احکام سے مترتب نہو وہ معدوم ہے اور جب تمام
ماہیات کے آثار و احکام کے مترتب ہونے کا سبب وجود
ہی ہے تو اپنے احکام مترتب ہونے کا سبب تو بطریق اولی
ہوگا جیسے نور جب اور چیزون کے روشن کر دینے کا
سبب ہے تو اپنی ذات کے روشن کرنے کا بطریق اولی
سبب ہوگا پس وجود کو بطریق اولے موجود کہہ
سکین گے رسالہ وجودیہ مین ہے کہ وجود کے یہ معنے
ہین کہ جس کے انضمام ماہیات ممکنہ سے اوس پر
اوس کے آثار مخصوصہ مرتب ہون تو وہ

متن	ترجمہ
موجود فانه لو لم یکن موجوداً لم یوجد	موجود ہے کیونکہ اگر وہ موجود نہ ہو تو کوئی چیز بالکل پائی
شیٔ اصلا و لو التالی باطل فالمقدم مثله	ہی نہ جاے۔ اور اگر تالی باطل ہے تو مقدم بھی۔ اس
بیان الملازمة ان الماهیة قبل انضمام	لازم و ملزوم ہونے کا بیان یہ ہے کہ ماہیت قبل انضمام
الوجود الیها غیر موجود قطعاً فلو کان	وجود قطعی موجود نہ تھی پس اگر وجود بھی موجود نہ ہوتا تو
الوجود ایضاً غیر موجود لا یمکن ثبوت	ان مین سے ایک کا ثبوت بھی ممکن نہ ہوتا کیونکہ کسی
احدهما لان ثبوت شیٔ لشیٔ فرع وجود	چیز کا ثبوت کسی چیز کے لیے وجود مثبت لہ کی فرع ہے
المثبت له و اذا لم یثبت احدهما للاخر	اور ان دونون سے اگر ایک بھی دوسرے کے لیے
لم یکن الماهیة معروضة للوجود کما ذهب	ثابت نہ ہوتا تو وجود ماہیت کو عارض نہ ہوتا چنانچہ
الیه اهل النظر انتهی۔ و اطلاق وجود در محاورات	اکثر متکلمین اس طرف گئے ہین اور محاورات مین وجود
بر چہار معنی یافتہ شد یکے معنی مصدری یعنی کون و	کا اطلاق چار معنون مین پایا جاتا ہے ایک معنی مصدری
حصول بعضی گویند کہ وجود امر انتزاعی ست کہ ماہیات	یعنی کون او رحصول بعضے کہتے ہین کہ وجود ایک امر
بآن متصف می شوند و جاعل نہ ماہیت را ماہیت	انتزاعی ہے جس سے ماہیات متصف ہوتے ہین اور جاعل
گردانیدہ و نہ وجود را وجود بلکہ ماہیت را متصف	یعنی خالق نے نہ ماہیت کو ماہیت بنایا ہے اور نہ وجود کو وجود
بوجود گردانید و بعضے گویند جاعل از ذات خود	بلکہ ماہیت کو وجود سے متصف کیا اور بعضے کہتے ہین کہ
اصدار ماہیات کردہ در خارج و چون ناظران	جاعل نے خود اپنی ذات سے ماہیات کو فی الخارج صادر کیا ہے
ترتب احکام و آثار بران ماہیات دیدند صورتے	دیکھنے والون نے احکام اور آثار کا ترتب ان ماہیات پر دیکھا
مشترکہ منتزعہ ازان ماہیات در ذہن ایشان مرتسم	تو ایک صورت مشترکہ منتزعہ ان ماہیات کی ان لوگون کے ذہن
شد آن را وجود نامیدند پس در خارج ہمان	مین چھپ گئی اوس کا وجود نام رکھا پس خارج مین وہی
ماہیات اند کہ معقولات اولیہ اند و وجود امرے	ماہیات معقولات اولیہ ہین اور وجود ایک امر انتزاعی
انتزاعی ذہنی ست و معقول ثانوی این ہر دو قول	ذہنی و معقول ثانوی ہے یہ دونون قول اگرچہ ایک
اگرچہ بوجہے صحیح اند لیکن حصر معرفت وجود کہ منشائے	طرح صحیح ہین لیکن معرفت وجود کا اس معنی مین کہ وہ

ترتب احکام و آثار باشد باین معنی خطا است
واین معنی بیشک زائد بر جمیع ماہیات است
لیکن حکیم می گوید کہ واجب بذات منشأ انتزاع
این مفہوم است و در ممکن منشأ انتزاع ذات
من حیث ہی نیست بلکہ ازین جہت کہ مستند است
بفاعل و اثر وی است پس می گوید وجود واجب
عین ویست و وجود ممکن زائد بر ذات وے
اما متکلم و صوفی پس بہ زیادتی این معنی بر ذوات
جمیع موجودات قائل اند و این معنی قابل آن
نیست کہ کسی گوید کہ وجود باین معنی مبدء المبادیست
زیادہ ازان کہ عقلا و عرفا مذہب خود قرار دہند
پس ہر کہ از کلام صوفیہ توہم این معنی نمودہ و بر ان
اعتراض کردہ یا جاہل است بہ اصطلاح ایشان
یا متعصب مغرور البتہ در اوائل بعضے از اعزہ
کہ قریب زمانہ شیخ اکبر بودند مثل علاء الدولہ و ملا
سعد الدین پس ایشان معذور بودند زیرا کہ علم
باصطلاح شیخ اکبر چندان شائع نہ شدہ بود لیکن
الحال چون شارحان فصوص مثل قیصری و
جامی در مصنفات خود تصریح نمودند کہ مراد ما از وجود
مطلق وجود بمعنی معقول ثانوی نیست پس الحال
اگر کسے بر ایشان اعتراضات کند مبنی بر این معنی

احکام و آثار کے ترتب کا منشأ ہے حصر کرنا غلطی ہے اور
اس طرح بے شک وجود کل ماہیات پر زائد ہے لیکن
حکما قول ہے کہ واجب بذاتہ اس مفہوم کے انتزاع کا منشا
ہے اور ممکن میں منشأ انتزاع ذات بحیثیت ذات نہین
ہے بلکہ اس سبب سے ہے کہ وہ فاعل سے منسوب ہے اور اوسکا
اثر ہے لہذا کہتے ہین کہ وجود واجب عین واجب ہے
اور وجود ممکن اوس کی ذات پر زائد ہے اور متکلمین اور
صوفیہ کل موجودات کی ذاتون پر اس معنے کی زیادتی کے
قائل ہین اور یہ معنی اس قابل نہین کہ کوئی کہے کہ وجود
اس طرح مبدأ المبادی ہے اس سے زیادہ کہ عرفا و
عقلا اپنا مذہب قرار دین تو جو شخص کلام صوفیہ سے یہ
معنی سمجھے اور اوس پر اعتراض کرے وہ یا تو متعصب و مغرور
ہے یا اون کی اصطلاحات سے بالکل جاہل البتہ
اوائل مین بعض حضرات جو شیخ اکبر کے زمانے سے قریب
تھے جیسے شیخ علاء الدولہ سمنانی و ملا سعد الدین
تو یہ لوگ معذور تھے اس لیے کہ شیخ اکبر کی اصطلاحات
کا علم اوس زمانے مین ایسا شائع نہ تھا لیکن
اب جب کہ شراح فصوص مثل قیصری و جامی نے
اپنی اپنی شرحون مین تصریح کر دی کہ ہمارا مقصود
وجود مطلق سے وجود بمعنی معقول ثانوی نہین ہے
پس اگر کوئی ان لوگون پر اس حیثیت سے اعتراضات کرے

معذور نخواہد بود ان اللہ بصیر بالعباد دوم
اطلاق وجود بر وجود خاص ہر شے یعنی حقیقت
خاصہ وے ازان جہت کہ مترتب الاحکام والآثار
باشد. وباین معنے شیخ ابو الحسن اشعری فرمودہ کہ وجود
ہر شے عین ذات اوست وحکیم وصوفی با شیخ
اشعری در واجب موافق اند واہل کلام در قول خود
کہ حقایق الاشیاء ثابتۃ والعلم بہا متحققۃ
این معنی را ارادہ کردہ اند زیرا کہ حقائق اشیاء
درین قول عبارت از وجودات خاصۂ اشیاء است
کہ ہویات خارجیہ اند واسباب ترتب احکام وآثار
معنی سوم اطلاق وجود بر وجود منبسط است کہ صوفیہ
آن را نفس رحمانی گویند وآن بطریق ابداع
صادر اول است از مبدء المبادی زیرا کہ مقید است
بقید انبساط اما باعتبار اشیاء کہ در تحت وے اند
از وجودات خاصہ پس وجود مطلق است لا بشرط
شے وشمول وے مر وجودات خاصہ را مثل شمول
کلی مر جزئیات را نیست بلکہ از باب انبساط وسریان
مجہول الکنہ است زیرا کہ صادر اول متحصل ومتقرر
بالفعل است وطبیعت کلیہ مبہمہ نیست وچون صدور
ابداعی کہ مادہ وحدت در انجا نیست بمنزلۂ تفصیل
اجمالی وظہور شے در مرتبۂ دوم می باشد بعضی صوفیہ

تو وہ معذور نہین ہو سکتا بیشک اللہ بندون کی نیت
دیکھتا ہے دوسرے وجود کا اطلاق ہر شے کے وجود
خاص یعنی اوس کی حقیقت خاصہ پر کہ جو مترتب الاحکام
والآثار ہو اور اسی معنی مین شیخ ابو الحسن اشعری نے
فرمایا ہے کہ وجود ہر شے کا اوس کا عین ذات ہے
حکما وصوفیہ واجب مین شیخ اشعری سے موافق ہین اور
اہل کلام بھی اپنے قول مین کہ حقایق اشیا ثابت
ہین اور علم اون کا متحقق ہے یہی معنے مراد لیتے ہین
کیونکہ حقائق اشیاء سے مراد اس قول مین وجودات
خاصۂ اشیا یعنی ہویات خارجیہ اور اسباب ترتب
احکام وآثار ہین تیسرے معنے وجود کے یہ کہ اطلاق وجود
کا وجود منبسط پر ہے جس کو صوفیہ نفس رحمانی کہتے ہین
اور وہ بطریق ایجاد مبدأ المبادی سے صادر اول ہے
اس لیے کہ وہ بقید انبساط مقید ہے یا باعتبار اشیا
اوسکے تحت مین ہین وجودات خاصہ سے تو وجود مطلق
لا بشرط شئ ہے اور اوسکا شمول موجودات خاصہ پر مثل شمول
کلی کے جزئیات پر نہین ہے بلکہ بطریق سریان وانبساط کے
ہے جسکی ماہیت نامعلوم ہی اسلیے کہ صادر اول متحصل اور متقرر
بالفعل ہے اور طبیعت کلیہ مبہمہ نہین اور مثل صادر ہونے
اوس ایجاد کے کہ جس مین مادہ وحدت نہین ہی بمنزلۂ تفصیل
اجمالی کی ہے اور شئ کا ظہور دوسرے مرتبہ مین ہوتا ہی بعضے صوفیہ

گاہے در عبارات بطریق تسامح این مرتبہ را
از مبدء المبادی ممتاز نمی کنند و احکام آن مرتبہ
را بر مبدء المبادی محمول می سازند مثلاً گویند

هو الساری فی جمیع الذرارئ و حقیقة الحق

سبحانه و تعالی هو الوجود المطلق اما
برہان عقلی حاکم است کہ سریان و اطلاق لا
بشرط شئ وجود منبسط را بلا واسطہ است و
مبدء المبادی را بواسطہ زیرا کہ مبدء المبادی
متعالی ست از انکہ ہیچ حکمے در وے ملحوظ کنند معنی
چہارم اطلاق وجود بر اول الاوائل و مبدء المبادی
یعنی الوجود الحق البحت کہ در وے ہیچ وجہ ثبوت
ماہیت نباشد زیرا کہ ہر ماہیتے کہ باشد در مرتبہ خود
نہ موجود است نہ معدوم کما بین فی موضعه پس
بسبب چیزیکہ ترتب احکام و آثار ماہیت شود اگر
وے ہم ماہیت باشد ہیچ چیز موجود نشود پس بضرورت
معلوم شد کہ درین جا چیز ہست کہ مطلقاً ماہیت
نیست و آن موجود محض است لہذا حکیم می گوید لا

ماهية للواجب سوی الوجود پس در حقیقت
منشأ انتزاع مفہوم کون و حصول و مبدء ترتب
احکام و آثار این معنی ست زیرا کہ وی فعل محض است
و ماسواے وے فی الجملہ بالقوہ است چنانچہ مبدء

کبھی عبارات مین بطریق تسامح اس مرتبہ کو مبدء المبادی
سے علیحدہ قرار نہین دیتے اور اوس مرتبے کے احکام کو
مبدء المبادی پر محمول کرتے ہین مثلاً کہتے ہین کہ وہی

تمام ذرات مین ساری ہے اور حقیقت حق سبحانہ وجود
مطلق ہے لیکن دلیل عقلی اس بات پر حکم کرتی ہے
کہ سریان اور اطلاق لابشرط شئے کا وجود منبسط کے
لیے بلا واسطہ ہے اور مبدء المبادی کے لیے بواسطہ
کیونکہ مبدء المبادی اس سے اعلے ہے کہ کسی حکم کا
اوس مین لحاظ کیا جاوے چوتھے معنے اطلاق وجود
اول الاوائل و مبدء المبادی یعنی وجود محض حق پر
کہ جس مین کوئی وجہ ثبوت ماہیت کی نہو اس لیے
کہ جو ماہیت ہوگی وہ اپنے مرتبے مین نہ موجود ہوگی اور
نہ معدوم جیسا کہ بجائے خود بیان ہوا تو بسبب اوس چیز کے
کہ جس سے ماہیت کے آثار و احکام کا ترتب ہوتا ہے
اگر وہ بھی ماہیت ہوتا تو کوئی چیز موجود ہی نہ ہوتی
پس ثابت ہوا کہ یہان ایک چیز ہے جو مطلقاً ماہیت
نہین ہے اور وہ وجود محض ہے اس واسطے حکما کا

قول ہے کہ واجب کے لیے بجز وجود کے کوئی ماہیت
نہین تو درحقیقت مفہوم کون و حصول کے انتزاع کا منشا
اور ترتب احکام و آثار کا مبدء یہی معنی ہین اس لیے کہ
وہ فعل محض ہے اور اوس کے علاوہ فی الجملہ بالقوہ ہی جیسے

اضارت نیست مگر نور محض خواه بلاواسطه باشد یا
بواسطه پس وجودات خاصه بسبب وجود منبسط مظهر
حضرت وجود الحق می شوند و فعلیت حاصل می کنند
و منشأ ترتب احکام و آثار می شوند و ازان جهت
که مقیدات و بالقوه اند منشأ ترتب احکام و آثار
نتوانند شد زیراکه هرچه بالقوه است از حیثیت بالقوه
معدوم است و معدوم منشأ ترتب احکام و آثار موجود
نتواند شد آری معدوم بالقوه بمنزله شروط و آلات
برائے تاثیر فاعل حقیقی می توانند شد و حکما بر این
قاعده تفریع کرده اند استناد جمیع ممکنات را
سوئے واجب و این معنی صلاحیت آن دارد که
وجود باین معنی اول الاوائل و اصل الاصول و
مبدء المبادی باشد و مصطلح صوفیه بوجود مطلق و
ذات بحت و احدیت مطلقه همین معنی است و قال
الشیخ صدر الدین القونوی بعد ان صوّر الوجود
بالمعنی الثالث و مثله بالمادة بقوله الوجود
مادة الممکن والعرض العام هوالوصف اللاحق
به عند تقیده بقید الامکان و بعده
عن حضرة الوجود وقد سماه العارف
الصمدانی شیخ محی الدین بن عربی فی مواضع من
کتبه نفس الرحمانی والهباء والعنقاء انتهی کلامه.

روشنی کا مبدء نور محض کے سوا کچھ نہین خواه بلاواسطہ
ہو یا بواسطہ پس موجودات خاصہ بسبب وجود منبسط
مظہر حضرت وجود حق ہوتے ہین اور فعلیت حاصل
کر لیتے ہین اور منشأ ترتب احکام و آثار بھی ہو جاتے
ہین اور اس طرح کہ مقیدات بالقوہ ہین منشأ ترتب
احکام و آثار نہین ہو سکتے اس لیے کہ ہر بالقوہ چیز
بحیثیت بالقوہ ہونے کے معدوم ہے اور معدوم منشأ
ترتب احکام و آثار موجود نہین ہو سکتا البتہ معدوم
بالقوہ بمنزلہ آلات و شروط تاثیر فاعل حقیقی کے لیے
ہو سکتے ہین اور حکما نے اسی قاعدے پر واجب
کی طرف تمام ممکنات کے منسوب ہونے کی تفریع کی ہے
اور یہ معنی اس امر کی صلاحیت رکھتے ہین کہ وجود اس
معنے مین اول الاوائل اور اصل الاصول اور مبدء المبادی
ہے اور صوفیہ کی اصطلاح مین وجود مطلق اور ذات
بحت اور احدیت مطلقہ سے یہی مطلب ہے اور شیخ
صدر الدین قونوی نے وجود کو تیسرے معنے مین تصور
کر کے اور مادہ سے اوس کی مثال دیکر کہا ہے کہ وجود
ممکن کا مادہ ہے اور عرض عام وہ صفت ہے جو اوسکو قید امکان
مین مقید ہونے اور حضرت وجود سے دور ہو جانے کے وقت لاحق ہوا ہے
اور عارف صمدانی شیخ محی الدین ابن عربی نے اپنی کتابون مین اکثر جگہ
اسے نفس رحمانی اور ہبا اور عنقا کے نام سے یاد کیا ہے انتہی

مقدمۂ دوم باید دانست کہ صوفیہ آن حقیقت را کہ حقیقت وجود است من حیث ہو ہو مرتبۂ لاتعین وذات بحت خوانند اما نہ باین معنی کہ مفہوم سلب تعین وبحیثیت آنجا ثابت باشد ونیز این مرتبہ را مرتبۂ احدیت وغیب ہویت ولاہوت گویند وہیچ اسمی کہ ورائے وجود فائدہ دیگر دہد روا ندارند وچون آن حقیقت را بعلم مطلق وعلم اجمال کہ یافت خود است مر خود را بذات خود ویافت جمیع شیونات است یعنی اسماء الٰہی وکونی بی امتیاز یکے از دیگرے ملاحظہ نمایند وحدت گویند وحقیقت محمدی خوانند وتجلی اول وتعین اول وتنزل اول نامند وچون آن حقیقت را بعلم مفصل کہ یافت خود است با صفات واسمائے الٰہی وکونی مفصلا بامتیاز یکے از دیگرے ملاحظہ نمایند واحدیت و الٰہیت خوانند ودانش خود کہ درین مرتبہ است مر اکوان را تعین علمی واعیان ثابتہ نامند وچون آن حقیقت متلبس شود بعالم نورانی آن را عالم ارواح وعالم ملکوت وعالم مثال خوانند وتفصیل این عوالم آیندہ می آید وچون آن حقیقت متلبس شود بعالم جسمانی آن را عالم اجسام وعالم شہادت وعالم ناسوت گویند وچون آن حقیقت مقید باشد

دوسرا مقدمہ جاننا چاہیے کہ صوفیہ حقیقت وجود کو بحیثیت ذات مرتبۂ لاتعین اور ذات بحت کہتے ہین مگر نہ بحیثیت ثبوت مفہوم سلب تعین بحیثیت اور اس مرتبہ کو مرتبۂ احدیت اور غیب ہویت اور لاہوت بھی کہتے ہین اور کوئی اور نام وجود کے علاوہ جو اور معنے کا فائدہ بھی دیتا ہو اوس پر جایز نہین رکھتے اور جب اوس حقیقت کو علم مطلق اور علم اجمال کے ساتھ جس مین اپنی یافت اپنے لیے بذاتہ ہے اور تمام شیونات یعنی اسمائے الٰہی وکونی کی بھی یافت ہے بلا امتیاز ملاحظہ کرین اوس کو وحدت وحقیقت محمدی کہتے ہین اور تجلی اول اور تعین اول اور تنزل اول بھی اور جب اوس حقیقت کو بہ علم مفصل جس مین اپنی ذات کی یافت بصفات و اسماء الٰہی وکونی مفصلاً ہے علیحدہ علیحدہ ملاحظہ کرین اوس کو واحدیت اور الٰہیت کہین گے اور اپنے اوس علم کو جو مرتبۂ اکوان کے لیے ہے تعین علمی اور اعیان ثابتہ کہین گے اور جب وہ حقیقت عالم نورانی سے متلبس ہوگی تو اوس کو عالم ارواح وعالم ملکوت وعالم مثال کہین گے تفصیل ان عوالم کی آیندہ بیان کی جائے گی۔ اور جب وہ حقیقت عالم جسمانی سے متلبس ہوگی اوس کو عالم اجسام وعالم شہادت وعالم ناسوت کہین گے اور جب وہ حقیقت

بجمیع مراتب مذکورہ جسمانی و نورانی واحدیت و
وحدت آن را حقیقت انسانی گویند و چون آن
حقیقت بعد ازین تقید در انسان منبسط گردد و متسع
شود بہ جمیع مراتب و ہمہ مراتب در وے ظاہر آیند
بانبساط خود و او را کانّہ ھو گردانند آن را انسان
کامل گویند و آن انبساط و اتساع بہ کمال و اکمل مرتبہ
در صورت محمدی دارند و ختم نبوت ہم برا و ازین وجہ
شمارند و معلوم است کہ کمال بقید بدو وجہ نگاہداشتن
است وجہ اطلاق و وجہ تقید کہ در وے خواست اما
چون آن حقیقت مطلقہ مقید شد بمجرد مقید شدن
بقید خو کردہ عادت گرفت و بقید سمع و بصر مقید و
ہمہ اوصاف مقید بہ تقید عادت گرفتند و آن
حقیقت مطلقہ را و اوصاف آن را ساتر آمدند و ازان
حقیقت بیگانہ وار گردیدند و جہت تقید بران غالب
آمد و احکام و لوازم تقید برو مستولی شد ـ اکنون
طریق رجوع مقید بسوی مطلق این ست کہ وجہ
اطلاق را بر وجہ تقید غالب کند و ہمیشہ مراقب
بوجہ اطلاق باشد و بہیچ وجہ ملاحظہ بوجہ تقید نہ کند
و بہر طریق کہ وجہ تقید فراموش شود آن را لازم گیرد
و وجہ اطلاق را حاضر آوردن فرض راہ داند
ازین جا گفتہ اند خسر الدنیا والآخرۃ صفت

کل مراتب مذکورہ جسمانی و نورانی واحدیت و وحدت
مین مقید ہوگی اوس کو حقیقت انسانی کہین گے اور
جب یہ حقیقت بعد اس تقید کے انسان مین پھیل
جائیگی اور تمام مراتب پر محیط ہو جائیگی اور تمام مراتب
اوس مین اپنے انبساط سے ظاہر ہونگے اور اوس کو
ویسا ہی کر دین گے تو اوس کو انسان کامل کہین گے
اور اوس انبساط و کشادگی کو کاملترین مرتبہ مین صورت
محمدی مین مانین گے اور آپ پر نبوت کے ختم ہونے
کا بھی سبب قرار دین گے اور یہ امر معلوم ہے کہ بقید کا
کمال دو وجہون کی محافظت سے ہے وجہ اطلاق اور وجہ
تقید کہ جس مین اوس نے یعنی ذات نے مقید ہونا چاہا
لیکن جب وہ حقیقت مطلقہ مقید ہوئی تو بمجرد مقید
ہونے کے اوس نے قید کی عادت ڈال لی اور بقید
سمع و بصر مقید ہوئی اور مقید کے تمام اوصاف نے تقید
کی عادت اختیار کر لی اور اوس حقیقت مطلقہ اور اوس کے
اوصاف کو چھپا لیا اور اوس تقید کی جہت کا اوپر غلبہ ہوا
اور احکام و لوازم تقیدات اوپر غالب ہو گئے اب مقید کی مطلق
کیطرف رجوع کا یہ طریقہ ہے کہ وجہ تقید پر وجہ اطلاق کو غالب کرے
اور ہمیشہ ملاحظہ وجہ اطلاق کا لحاظ رکھے اور کسیطرح وجہ تقید کا ملاحظہ نہ کرے
جسطرح وجہ تقید بھولنا ممکن ہو وہی طریقہ اختیار کرے اور اسی فرض سلوک
جانے اسی جگہ سے فرمایا ہے کہ دنیا اور آخرت کا نقصان اوٹھانا

عاشقان است مقید را نگاهداشتن بر وجه مطلق
فرض است و هرگز ملاحظه بوجه تقیید نه کند و اگر خواهد
که هر دو وجه را نگاهدارد ممکن نیست که غلبهٔ وجه
اطلاق حاصل نماید ازان که مقید بوجه تقیید عادت
گرفته است و تقیید و لوازم او لازم حال او آمده اند
مانع وجه اطلاق آیند و سوئے خود کشند ابتداءً ممکن
نیست که نگاهداشتن هر دو وجه وجه اطلاق را غالب
آرد و بعد از غالب شدن وجه اطلاق ملتفت بوجه
تقیید شود و مراقب آن و آن وجه را حاصل کند
دران وقت ممکن است که وجه تقیید آن طریق حاصل
آید که وجه اطلاق را حاجب نه باشد و چون آن وجه
مقید حاصل شد بدرجهٔ کمال رسید مساوی الطرفین
گشت و حضرات انبیا که به خلق آمده بودند بوجه
اطلاق آمده بودند ارسل رسوله بالهدی
و وجه تقیید نیز همراه ایشان بود چنانچه آیهٔ کریمه است
و دین الحق لیظهره علی الدین کله ایشان را
هر دو وجه داده نبی کردند و به دعوت خلق فرستادند
وگرنه نبی و رسول نتوانند شد و نبی ما صلی اللہ علیہ
وسلم ظهور آن هر دو وجه بکمال مرتبه داده بودند
لهذا آنحضرت خاتم النبیین آمد و نیز باید دانست
که وجود بمعنی هستی است و هو الحق تعالیٰ

عاشقین کی صفت ہے اور مقید کی محافظت وجہ
مطلق پر فرض ہے اور ہرگز وجہ تقیید کو ملاحظہ نہ کرے
اور اگر دونون وجہون کا لحاظ کرنا چاہے تو ممکن نہین کہ
وجہ اطلاق کا غلبہ حاصل کر سکے کیونکہ مقید تو وجہ تقیید کا
عادی ہے تقیید و لوازم تقیید اوسکے لیے لازم ہو گئے ہین
وہ اوسی وجہ اطلاق کے ملاحظے سے مانع ہونگے اور اپنی
طرف کھینچین گے ابتدا مین دونون صورتون پر نگاہ
رکھکر وجہ اطلاق کو غالب کرنا ممکن نہین وجہ اطلاق
کے غالب ہونے کے بعد وجہ تقیید پر متوجہ ہوا اور اوسکا
محافظ رہے اور اسی وجہ کو حاصل کرے اوس وقت
البتہ ممکن ہے کہ وجہ تقیید اس طرح حاصل ہو جاوے
جو وجہ اطلاق کا حاجب نہو جب وہ وجہ مقید حاصل
ہو جائیگا تب درجۂ کمال پر پہونچے گا اور مساوی الطرفین
ہوگا حضرات انبیاء جو خلق کی طرف آئے تھے وہ وجہ
اطلاق سے آئے تھے کلام مجید مین ہے کہ ہم نے اپنی رسول
کو ہدایت کے لیے بھیجا اور وجہ تقیید بھی اون کے ساتھ تھی
جیسا کہ اس آیت مین ہی اور دین حق کے ساتھ تا کہ اوسکو سب
دینون پر غالب کرے آنحضرتؐ کو دونو وجہ دیکر نبی کرکے دعوت
خلق کیلیے بھیجا اگر ایسا نہوتا تو نبی اور رسول ہی نہوتے اور آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم مین دونو وجہون کا پورا ظہور تھا اسیوجہ سے آپ
خاتم النبیین ہوئی نیز جاننا چاہیے کہ وجود ہستی کی معنی مین ہے جو حق تعالیٰ

واین وجود حقیقی حقیقتی ست کہ باین صفات ثلثہ
متصف بود یکے آنکہ ہستی وے بذات وے بود
ازلاً و ابداً دوم آن کہ قیام موجودات بذات وے
بود حدوثاً و بقاءً سوم آنکہ غیر او در خارج منتفی بود
ایقاعاً و امکاناً نہ بمعنی تحقق و حصول کما ذہب
الیہ بعض الحکماء والمتکلمین زیرا کہ تحقق و
حصول از معانی مصدریہ اند کہ در خارج موجود نباشند
بلکہ از موجودات ذہنی اند پس اطلاق لفظ وجود
باین معنی بر ذات حق جایز نیست زیرا کہ ازین
اطلاق لازم می آید کہ حق موجود ذہنی باشد نہ
موجود خارجی و بارتفاع عالم اذہان عالم معدوم
گردد و پیش از حدوث عالم موجود نباشد معاذ اللہ
من ذلک واطلاق لفظ وجود بمعنی مصدری امر
انتزاعی و موجود ذہنی است نہ موجود خارجی و نیز
در ماہیت وجود اختلاف است و ہم درین جا باید
رسید کہ در لاتعین لا حرف سلب است نہ بآن
معنی کہ اول تعین بود چنانکہ مثل زید لیس بقائم
کہ دران تعین قیام زید متحقق بود بہ فقود اکنون سلب
گشت بلکہ در لاتعین سلب تحصیلی و سلب بسیطی ست
چون لاشریک لہ ولم یکن معہ شیء کہ عدم
تعین وازلی ست باین معنی کہ با چیزے شریک بود

اور یہ وجود حقیقی وہ حقیقت ہے جو ان تین صفات
سے متصف ہو ایک یہ کہ اوس کی ہستی اوس کے لیے
ازلاً و ابداً ہو دوسرے یہ کہ موجودات کا قیام حدوثاً و
بقاءً اوس کی ذات سے وابستہ ہو تیسرے یہ کہ اوس کا
غیر خارجاً معدوم ہو وقوع و امکان مین نہ ثبوت اور حصول
کے معنے مین جس کی طرف بعض حکما اور متکلمین گئے ہین
کیونکہ تحقق اور حصول معانی مصدریہ ہین جو خارج مین
موجود نہین ہوتے بلکہ موجودات ذہنی ہین تو لفظ وجود کا
اطلاق اس معنی سے ذات حق پر جائز نہین کیونکہ اس اطلاق
سے لازم آتا ہے کہ حق موجود ذہنی ہو نہ موجود خارجی اور
عالم و اذہان عالم کے ختم ہو جانے پر معدوم ہو جائے اور عالم
کے حدوث سے قبل موجود نہو معاذ اللہ اور لفظ وجود
کا اطلاق بمعنی مصدری امر انتزاعی و موجود ذہنی ہے
نہ موجود خارجی نیز ماہیت وجود مین بھی اختلاف
ہے یہین سے سمجھ لینا چاہیے کہ لاتعین مین لا حرف
نفی ہے نہ یہ معنے کہ پہلے تعین تھا جیسے زید لیس
بقائم مین قیام زید متعین بہ فقود تھا اب سلب
ہوگیا بلکہ لاتعین مین نفی تحصیلی اور نفی بسیطی
ہے جیسے لاشریک لہ اور لم یکن
معہ شیء یعنی اوس کا عدم تعین ازلی ہے
یہ معنے نہین کہ کوئی چیز اوس کی شریک تھی

دور گردید نعوذ باللہ و در مرتبہ ذات بحیثیت سلب
اعتبارات است و در وحدت ثبوت اعتبارات
است و در واحدیت ظہور اعتبارات ست چنانکہ
دوات و قلم و لوح در دوات صرف اجمال است و در
قلم نسبت بہ لوح اجمال و نظر بر دوات تفصیل و در لوح
صرف تفصیل و حقیقت ماہیتے را گویند کہ در نفس الامر
بود بدون فرض فارض و ذہن ذاہن و اعتبار
معتبر ماہیت اعم است ازین کہ یافتہ شود در ذہن
فقط او فی الخارج ایضاً او فی کلیہما معاً
و ہویت بمعنی حقیقت است و ہویت بر دو نوع بود
بسیطہ کہ بلا ضم ضمیمہ بود کہ ملحوظ صفات ہم نہ باشد
و مرکبہ یعنی متصف بصفات و شیون گردیدن مطلق
مقید در مظہرے از مظاہر خود و اسم ذات مع النسبۃ را
گویند و اگر مضاف بہ تشبیہ و کثرت باشد آن را
اسمائے کونی و کیانی گویند چون اعیان ثابتہ
کہ ظلال اسمای آلہی اند فاعلم ہذا الطریق و
تامل و توصل واعمل علیہ فانہ ینفعک
مقدمہ سویم در اثبات واجب الوجود قطع نظر
از نقض و ابرام کہ آن را محلے دیگر است باید شنید کہ
عقل در بادی النظر منقسم می سازد موجود را در سہ
قسم ما یجب وجودہ بالنظر الی ذاتہ و ما یجوز

دور ہو گئی نعوذ باللہ اور مرتبۂ ذات بحیثیت میں اعتبارات
کی نفی ہے اور وحدت میں اعتبارات کا ثبوت اور
واحدیت میں اعتبارات کا ظہور ہے جیسے دوات
اور قلم اور لوح دوات میں صرف اجمال ہے اور قلم
میں بہ نسبت لوح کے اجمال اور بلحاظ دوات کے
تفصیل ہے اور لوح میں صرف تفصیل ہے اور حقیقت
اوس ماہیت کو کہتے ہیں جو بلا کسی فرض فارض و اعتبار
معتبر و ذہن ذاہن کے واقع ہوا اور ماہیت اس سے عام
ہے کہ صرف ذہن ہی میں پائی جائے یا خارج میں یا ایک
ساتھ دونوں اور ہویت کے معنے حقیقت کے ہیں اور
ہویت کی دو قسمیں ہیں اول بسیطہ جو بغیر کسی چیز
کے ملائے ہوئے ہو یعنی صفات بھی ملحوظ نہ ہوں دوسرے
مرکبہ یعنی مطلق کا صفات اور شیون سے متصف ہونا اور
کسی مظہر میں اپنے مظاہر سے مقید ہونا اور اسم ذات با
نسبت کو کہتے ہیں اور اگر وہ تشبیہ و کثرت کی طرف منسوب ہو
تو اسمائے کونی و کیانی کہینگے جیسے اعیان ثابتہ جو ظلال اسمائے
الٰہی ہیں پس اس طریقے کو جان لے اور غور کر کے اسپر عمل کر
یہی تجھکو نفع دیگا تیسرا مقدمہ اثبات واجب الوجود
میں سوال و جواب سے قطع نظر کر کے جس کا محل اور ہے
یہ جاننا چاہیے کہ عقل بظاہر موجود کو تین قسم پر منقسم کرتی
ہے ایک وہ جسکے لیے بلحاظ ذات وجود ضروری ہو اور دوسری

فی الوجود والعدم علی ذاته وما یمتنع
اول واجب ست ثانی ممکن و وجود ممکن بدیهی
است که دیده می شوند بعضے موجود سابق و لاحق
واما واجب بیانش آنکه غور در مفهوم موجود افاده
می بخشد آنکه تحقق او ممکن نیست بغیر واجب چه اگر
موجود در ممکن منحصر بودے اصلاً ثابت نه گشتے چراکه
تحقق ممکن یا بنفسه بودے و این محال بدیهی است
ویا بغیره وآن غیر نیز ممکن بودے پس تسلسل آحاد
گشتے تا غیر نهایت ویا دور واین هر دو محال اند
چه که برین هر دو تقدیر انتفاء آحاد بالسر لازم گشتے چراکه
ثابت است که مالم یجب لا یوجد و وجوب متحقق
نمی شود مگر آنگاه که جمیع انحاء عدم ممتنع بوند این امتناع در
ممکنات صرف بدون واجب غیر متحقق است لجواز
انتفاء کل منها فی ضمن انتفاء الکل وپس
این برهان مختصرے نفیس است خفیف المؤنت
غیر محتاج بابطال دور وتسلسل واین طریق مفید است
بهر اختصار و برائے همین این جا پسندیدم سوال
وجود مطلق منقسم است بسوے واجب وممکن وقدیم و
حادث ومنقسم الی الشیٔ وغیره عین خود نمی بود فضلاً
عن ان یکون المنقسم الی الممکن والیهما جواب
وجوب وامکان وغیرها اسماء ونسب وجود اند یعنی

جسکے لیے وجود وعدم دونوں حیثیت اوسکی ذات
کے جائز ہوں تیسری وہ جو ممتنع ہو اول واجب ہے
اور دوسرا ممکن اور وجود ممکن بدیہی ہے کہ برابر بعض
موجودات سابق ولاحق دیکھے جاتے ہیں اور واجب
کا بیان یہ ہے کہ مفہوم موجود میں غور کرنے سے معلوم
ہوتا ہے کہ اوس کا ثبوت بغیر واجب کے ممکن نہیں کیونکہ
اگر موجود ممکن میں منحصر ہوتا تو بالکل ثابت ہی نہوتا
کیونکہ ثبوت ممکن یا بنفسہ ہوتا اور یہ بدیہی محال ہے
یا غیر سے ہوتا وہ غیر بھی ممکن ہوتا تو ایک سے لانہایت
تک تسلسل ہوتا یا دور لازم آتا اور یہ دونوں محال
ہیں کیونکہ ان دونوں صورتوں سے تمام تر آحاد کی
نفی ہوجاتی اس لیے کہ یہ ثابت ہے کہ جو چیز واجب
نہوگی وہ پائی کبھی نہ جائیگی اور وجوب اوس وقت تک ثابت
نہیں ہوتا جب تک عدم کی کل اقسام ممتنع نہو جائیں اور امتناع
ممکنات صرف میں بغیر واجب کے ثابت نہیں اسلیے کہ انتفاء کل
کے ضمن میں ہر ایک کا انتفاء جائز ہے اور یہ دلیل مختصر نفیس ہے
اور سہل الحصول جسمیں ابطال دور وتسلسل کی ضرورت نہیں اور
اختصار کی واسطے یہی طریقہ مفید ہے اور اسی لیے مین نے یہاں اسی پسند کیا
سوال وجود مطلق واجب وممکن و قدیم وحادث میں منقسم ہے اور
شی منقسم بالغیر اپنی عین نہیں ہوسکتی چہ جائیکہ منقسم الی الممکن والواجب ہو
جواب وجوب وامکان وغیرہ وجود کی اسماء ونسب ہیں یعنی

موجودات نه از اسماء ذاتیه اعنی التی نسبتهما
الی المقابلات سواسیة پس تقسیم درحقیقت نسبت
وجود راست نه نفس اورا **سوال** وجود متکثر میشود
به تکثر محال و متکثر واجب نمی شود اذ یجب وحدته
جواب تعدد و تکثر نسب و شیون وجود اند نه عین
وے و اگر پرسی که دلیل بر دو قسم است انی و لمی و
واجب اصلا معلول نه بوده است بلکه علت جمیع
ممکنات است پس بهر دلیلے که استدلال کرده شود
بر وجود انی خواهد بود لا محاله فلا فرق بین الطریقین
لکون احدهما انیا و الآخر لمیا گوئیم استدلال
بر وجود واجب فی نفسه نیست بل علی انتسابه الی
هذا المفهوم و ثبوته له علی ما ذکره الشیخ
الاکبر فی الاستدلال بوجود المؤلف علی
وجود ذی المؤلف پس وجود واجب فی نفسه
علت لغیره است مطلقا و انتساب او بسوی این
مفهوم معلول آن ست و قد تکون الشیء فی نفسه
علة شیء و فی وجوده عند آخر معلولا له کما
حقق فی موضعه و اگر گوئی که وجود ممکن چرا
بدیهی است گوئیم که این برهان موقوف ست بر وجود
موجودها و این بدیهی است در اثبات خود محتاج
به وجود ممکن نیست پس شکے نیست در وجود ما و وجود

موجودات سے ہین نہ اسماء ذاتیہ سے یعنی وہ جن کی
نسبت مقابلات کی طرف برابر ہے تو درحقیقت تقسیم
نسبت وجود مین ہوئی نہ نفس وجود مین **سوال** وجود
تکثر محال سے متکثر ہو جاتا ہے اور متکثر واجب نہین ہوتا
اسلیے کہ اوسکے لیے وحدت واجب ہے **جواب**
تعدد اور تکثر وجود کے نسب اور شیون ہین اوسکے عین
نہین اگر کہو کہ دلیل کی دو قسمین ہین دلیل انی و لمی اور
واجب بالکل معلول نہین بلکہ خود تمام ممکنات کی علت ہے
تو جس دلیل سے استدلال کیا جائیگا وہ لا محالہ انی ہوگا تو
ان دونون طریقون مین کوئی فرق نہوگا اسلیے کہ ایک انی
ہوگا اور دوسرا لمی تو مین کہونگا کہ وجود واجب پر فی نفسہ
استدلال نہین ہے بلکہ اوسکے اس مفہوم سے انتساب اور اوسکے
ثبوت پر ہے چنانچہ شیخ اکبر نے بیان کیا ہے کہ وجود تالیف
سے وجود صاحب تالیف پر استدلال کیا ہے ذکر کیا ہے پس
وجود بذاتہ مطلقا غیر کے لیے علت ہے اور اس مفہوم
کی طرف اوسکی نسبت اوسکا معلول ہے اور کبھی شئی بذاتہ
ایک شئی کی علت ہوتی ہے اور اپنے وجود مین دوسری شئے
کا معلول پڑتی ہے چنانچہ اپنے مقام پر ثابت ہو چکی اور اگر کہو
کہ وجود ممکن کیون بدیہی ہے تو مین کہونگا کہ یہ دلیل ہمارے وجود
کی وجود پر موقوف ہے اور یہ بدیہی جو اپنی بداہت مین وجود ممکن کا
محتاج نہین پس ہمارے وجود مین کوئی شک بھی نہین اور ہمارے

موجود ماسوای واجب محال است چرا که اگر موجود
در ممکن منحصر می بود فلم یوجد الممکن اصلا
لبیان السابق و همین طریق ممتاز است از طریقهٔ
متکلمین و صفت کرده صاحب اشارات بآنکه این
طریقهٔ صدیقین است مقدمهٔ چهارم بدانکه واجب الوجود
یکی بیش نیست چه اگر دو شی موصوف بوجوب الوجود
باشند وجود امرے مشترک گردد میان هر دو پس ناگزیر
باشد از امرے مفارق و موقوف بود وجود هر دو
بر فارق زیرا که مجرد امر مشترک کافی نیست در تحصیل
شئے ازان بخصوصه پس ضرور است از فارق که منضم
کرده شود به وجود و آن فارق وجودی بود یا عدمی
پس محتاج بوند آن هر دو شئے بر فارق والمحتاج
لا یوصف بوجوب الوجود وانحصر
امر المعبودیة فیه وان شئت قلت که اگر
متعدد می شد واجب احدهما ممتاز از دیگرے یا
بذاته بودے یا بامر زائد در صورت اولی وجوب الوجود
بر آنها محمول می شد بحمل عرضی و عارض معلول
معروض می شود پس لازم می شد علیت هر واحد
علیت بوجوب وجود هر یک و این صریح البطلان است
و در حالت دوم امر زائد بر ذات هر یک زاید خواهد بود
و این افحش است چه که آن یا معلول باشد بر ماهیت آنها

وجود کا وجود بغیر واجب کے وجود کے محال ہے کیونکہ
اگر موجود ممکن میں منحصر ہوتا تو ممکن بالکل ہی نہ پایا جاتا
بیان سابق کے لحاظ پر اور یہی طریقہ متکلمین کی طریقہ سے
ممتاز ہے اور صاحب اشارات نے اسکی یہ تعریف کی ہے
کہ یہ صدیقین کا طریقہ ہے چوتھا مقدمہ واضح ہو کہ
واجب الوجود ایک سے زائد نہیں کیونکہ اگر دو چیزیں واجب الوجود
کی صفت وجوب سے موجود ہوتیں تو وجود اون میں ایک
امر مشترک ہو جاتا جسکے لیے یہ لازم آتا کہ کوئی امر مفارق ہو
جس پر اون کا وجود موقوف ہو اس لیے کہ کسی شئے کے
مخصوص حصول میں صرف امر مشترک کافی نہیں اور فارق
کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ دونوں وجود کے ساتھ
ملایا جائے اور وہ فارق یا وجودی ہو یا عدمی تو وہ دونوں
چیزیں فارق کی محتاج ہونگی اور شئی محتاج واجب الوجود
ہو نہیں سکتی اور امر معبودیت واجب الوجود ہی پر منحصر ہے
اگر چاہو تو یہ بھی کہہ سکتے ہو کہ اگر واجب متعدد ہوتے تو
اونمیں سے ایک دوسرے سے یا ذاتاً ممتاز ہوتا یا کسی امر
زائد کی وجہ سے پہلی صورت میں واجب الوجود اونپر محمول
عرضی محمول ہوتا اور عارض معروض کا معلول ہوتا ہے تو
ہر ایک کی علیت سے ہر ایک کے واجب الوجود ہو جانیکی علیت لازم
ہو جاتی جو صریحی باطل ہے اور دوسری حالت میں امر زائد ہر ایک کی
ذات میں زائد ہوگا جو بہت برا ہے اسلیے کہ وہ امر یا تو اسکی ماہیت کیلیے

یا بغیرہا در صورت اولی اگر ماہیت ہر دو متحد بود
تعین مشترک باشد و هذا خلف و اگر متعدد بود
ماہیت پس ہر یکے معروض وجوب الوجود خواہد
بود اعنی الوجوب المتاکد للواجب وهو
محال کما ستسمع عن قریب فی عدم زیادۃ الوجود
علی الذات و در صورت ثانی لازم خواہد آمد
احتیاج الی الغیر و بالجملہ واجب اگر متعدد بوند نسبت
وجود بآنہا نسبت عوارض بود فکان ممکنا لا
واجبا اگر گوئی کہ بر تقدیر وحدت واجب نیز
صدق این مفہوم عرضی خواہد بود چہ این مفہوم امر
اعتباری است فلیس عین ذاتہ پس اگر از
بودن واجب عین ذات خود مراد این بود کہ
این مفہوم عین ذات اوست فهو ظاهر البطلان
و اگر این کہ ذات واجب بذاتہ مبدء انتزاع این
مفہوم است بخلاف ممکنات پس چرا صحیح شد
انتزاع هذا المفهوم از انہا کہ نسبت کردہ شد
بہ اثر فاعل و چون نہ جایز شد کہ این جا دو شے
بوند کہ ہر یک بذاتہ مبدء انتزاع این مفہوم باشد
فیکون وجودهما عین ذاتهما گوییم کہ در
بادی النظر عقلی منعے نیست کہ موجود بوند در خارج
دو شی بسیط و باشد ہر واحد ازان موجود بسیط

معلول ہوگا یا اوسکے غیر کے لیے پہلی صورت مین اگر
دونون کی ماہیت متحد ہو تو تعین مشترک ہوگا اور یہ غلط
ہے اور اگر ماہیت متعدد ہوگی تو ہر ایک وجوب وجود کا عارض
ہوگا یعنی ایسے وجوب کا جو واجب الوجود کے لیے مخصوص
ہے اور یہ محال ہے جیسا کہ آیندہ وجود کے زائد بر ذات
نہ ہونے کے بیان مین واضح ہوگا اور دوسری صورت مین
احتیاج غیر کی طرف لازم آویگی خلاصہ کلام یہ کہ واجب اگر
متعدد ہونگے تو وجود کی نسبت اونکے ساتھ عوارض کی ہوگی
تو وہ ممکن ہوگا نہ واجب اگر یہ کہو کہ بلحاظ وحدت واجب کے
بھی یہ مفہوم عرضی صادق ہو جائیگا کیونکہ یہ مفہوم ایک اعتباری
امر ہے تو عین ذات نہوگا پس اگر واجب کے اپنی عین ذات
ہونے سے یہ مراد ہو کہ یہ مفہوم اوسکی ذات کا عین ہے تو اوسکا
بطلان ظاہر ہے اور اگر یہ ہو کہ ذات واجب بذاتہ اس
مفہوم کے انتزاع کا مبدا ہے بخلاف ممکنات کے
تو اس مفہوم کا انتزاع کیونکر صحیح ہو سکتا ہے اس لیے
کہ وہ اثر فاعل سے منسوب کیا جاتا ہے اور جب یہ جایز
نہین کہ یہان دو چیزین ہون جو بذاتہ اس مفہوم
کے انتزاع کا مبدء ہون تو اون کا وجود اون کا
عین ہوگا - مین کہونگا کہ بظاہر عقلاً یہ
ممنوع نہین کہ خارج مین دو شے بسیط
موجود ہون اور اون مین سے ہر ایک علت

مستغنی از علت و براے این گفته می شود که در
کلام صوفیه مغالطه الیست چه که آنها هر جا که ذکر کرده اند
که وجود عین حقیقت است مراد از ان گرفته اند امر
حقیقی قائم بذاته حتی یجوزان یکون عین
ذاته و جائے که دلیل آورده اند بر توحید این چنین که
الوجود عین ذاته ولا یمکن اشتراکه آن جا
مراد گرفته اند از مفهوم چه اگر مراد وجود خاص قائم
بذاته بودے برهان توحید ناتمام می ماند لجواز
ان یکون وجودان خاصان قائمان
بذاتهما یکون امتیازهما بذاتهما این گرد
هر یک وجود خاص متعین بذاته و هویت و وجود
خاص بدان هر یک را عین ذات باشد وهی
کما تری کاتب الحروف گوید که خود آیات دال اند
بر وحدت وجود حق مطلق چنانچه یکے ازان قل
هو الله احد است و توجیه آن بر سه وجه است
عربیه و فقهیه و کلامیه اول یعنی بر اسلوب عربیه
آنست که گوییم الله مبتدا و مسند الیه است
واحد خبر مبتدا و مسند به است و اسناد یکیه بینهما است
اسناد وحدت است سوئے باریتعالے و الله اسم
علم است و دلالت می کند بر ذات ولا دلالة
علے شیء من الصفات زیرا که صفات معانی اند

سے مستغنی ہو اور اس لیے کہا جاتا ہے کہ صوفیہ
کے کلام مین مغالطہ ہے کیونکہ اونھون نے جہان
کہین یہ ذکر کیا ہے کہ وجود عین حقیقت ہے اوس سے
یہ مطلب ہے کہ امر حقیقی قائم بذاتہ ہے حتے کہ وہ اوس کا
عین ذات ہو اور جہان کہین توحید پر یون دلیل
لائے ہین کہ وجود عین ذات ہے اور اوس کا مشترک
ہونا ممکن نہین وہان مفہوم مراد لیا ہے اس لیے کہ
مقصود اگر وجود خاص قائم بذاتہ ہوتا تو توحید کی دلیل
ناتمام رہتی بوجہ اس بات کے جائز ہونے کے کہ دو وجود
خاص قائم بذاتہا ہون اور امتیاز ان مین ذاتاً ہوتا کہ
ہر ایک وجود مخصوص اپنی ذات اور ہویت مین متعین
ہو جاے اور وجود خاص اون سب کے ساتھ عین
ذات ہو اور یہ جیسا کہ ہے ظاہر ہے کاتب الحروف کہتا
ہے کہ خود آیتین وحدت وجود پر دلالت کرتی ہین۔
چنانچہ اون مین سے ایک قل ھو اللہ احد ہے
جس کا بیان تین طریقے پر ہے عربیہ فقہیہ کلامیہ
اول یعنی عربی طریقے پر یون ہے کہ اللہ مبتدا
اور مسند الیہ ہے اور احد مبتدا کی خبر اور مسند بہ ہے
اور جو نسبت کہ ان مین ہے وہ نسبت وحدت ہے
باری تعالی کی طرف اور اللہ اسم علم ہے جو ذات پر
دلالت کرتا ہے نہ کہ صفات پر اس لیے کہ صفات معانی ہین

ودر اعلام معانی منظور نیست چرا که میان علم و
وصف تضاد و تنافی ست کما عرف فی علم النحو
و احد که اسم صفت ست دلالت می کند بر ذات
باعتبار معنی وحدت که در وییست و شک نیست که
این وحدت مطلقه است لخلوها عن التقیید
و اسناد یکه میان خبر و مبتدا است حقیقی ست لعدم
قرینة المجاز پس بمقتضای این مقدمات مفهوم
از قول وی تعالی این ست که باری تعالی واحد
است من حیث الذات بے قید صفتے از صفات
زیرا که وحدت چیزے من حیث الذات آنگه باشد
که باوے ذات دیگر نباشد چه آن هنگام که تحقق
ذاتین شود وحدت یکے از ایشان من حیث الذات
بے قید صفتے از صفات محال شود فافهم ولهذا
تبین الفرق بین الآیتین اعنی قل هو الله
احد و ان الهکم لواحد اذ الوحدة المفهومة
من قوله قل هو الله احد هی الوحدة المطلقة
المسندة الی اسم الذات المفیدة لانتفاء الذاتین
الموجبة لانعدام وجود الغیر واما الوحدة
المفهومة من قوله ان الهکم لواحد فهی
مقیدة و مستندة الی اسم الاله لانتفاء
الالهین مستلزمة لانعدام وجود المثل

اور اعلام مین معانی منظور نہین اس لیے کہ علم اور صفت
مین باہم ضد ہے جیسا کہ علم نحو سے معلوم ہوتا ہے
اور احد اسم صفت ہے جو ذات پر باعتبار معنی وحدت
کے جو اوس مین موجود ہے دلالت کرتا ہے اور اس مین
شک نہین کہ یہ بوجہ تقید سے خالی ہونے کے وحدت
مطلقہ ہے اور خبر و مبتدا مین جو نسبت ہے وہ حقیقی ہے
کیونکہ مجازی ہونے کا کوئی قرینہ نہین پس ان مقدمات
کے اقتضاء سے اللہ تعالے کے قول کا یہ مفہوم ہے کہ
وہ بحیثیت ذات بلا قید صفات یکتا ہے کیونکہ شے یکتا
اوس وقت ہوتی ہے جب اوس کے ساتھ دوسری
ذات نہو کیونکہ دو ذاتون کے تحقق کے وقت ایک
کی وحدت اون مین بحیثیت ذات کے بلا قید صفت
محال ہوجاتی ہے اسی سبب سے ان آیات یعنی قل
هو الله احد اور ان الهکم لواحد
مین فرق ظاہر ہوا اس طور پر کہ قل هو الله
احد سے وحدت مطلقہ مراد ہے جو اسم ذات
کی طرف منسوب اور انتفاء ذاتین کا فائدہ دیتی
ہے اور وجود غیر معدوم کرنے کے لیے موجب ہے اور
جو وحدت ان الهکم لواحد سے مفہوم ہوتی ہے وہ
مقید اور اسم اله کی طرف منسوب ہے نفی الٰہین
کے لیے اور وجود مثل معدوم کرنے کے مستلزم ہے

توجیہ دوم بر اصول فقہ آن کہ گوییم قولہ تعالے قل
ھو اللہ احد از آیات محکمات است کما صرح بہ
ائمۃ الاصول و محکم بقاعدۂ اصول آنکہ متحمل
تخصیص و تاویل و تبدیل و نسخ نبود چون آیۂ
قل ھو اللہ حمل کردہ شود بر وحدت کہ نہ بمعنی
انعدام وجود غیر است در آیۂ محکم ہم تاویل لازم آید
و ہم نسخ و تبدیل پس تاویل از انکہ گوییم قولہ تعالے
قل ھو اللہ احد از ظاہر کتاب است والظاہر
ما ظہر المراد منہ بنفس الصیغۃ و شکے نیست
کہ وحدتے کہ از آیۂ مذکورہ مفہوم می شود بنفس الصیغۃ
وحدتے ست کہ بمعنی انعدام وجود غیر است چنانکہ
در توجیہ سابق رفتہ پس چون مفہوم این وحدت
نباشد لامحالہ وحدت دیگر محتملات لفظ ظاہر بود
و صرف الظاہر الی بعض محتملاتہ تاویل کما
عرفت و لزوم نسخ آنکہ گوییم آیۂ مذکورہ در افادۂ
وحدت نص مطلق است و سائر آیات دالہ بر وحدت
در افادۂ معنی وحدت نص مقید اند چہ کہ وحدتے کہ
از آیت مفہوم می شود بمعنی انعدام وجود غیر است و
لاشک کہ این وحدت مطلق است چہ انتفاء اثنینیت
درین وحدت من کل الوجوہ است لا من بعض الوجوہ
پس چون این نص مطلق حمل کردہ شود بر سائر آیات

دوسری توجیہ بر اصول فقہ اس طرح ہے کہ قل
ھو اللہ احد آیات محکمات سے ہے چنانچہ
ائمۂ اصول نے تصریح کی ہے اور محکم بر قاعدۂ اصول
وہ ہے جس مین احتمال تخصیص و تاویل و نسخ و
تبدیل نہ ہو جب آیۂ قل ھو اللہ وحدت پر حمل
کی جائیگی کہ جو وجود غیر کے معدوم کرنے کے معنے مین
نہین ہے تو آیۂ محکم مین تاویل بھی لازم آئیگی اور
نسخ اور تبدیل بھی کیونکہ میرے نزدیک قل ھو اللہ
احد ظاہر کتاب سے ہے اور ظاہر وہ ہے جس سے
مقصود بنفس صیغہ ظاہر ہو جائے اس مین شک نہین کہ
وہ وحدت جو آیت مذکورہ سے بنفس صیغہ مفہوم ہوتی ہے وہ
وحدت ہے کہ جو وجود غیر معدوم کرنیکے معنے مین ہے جیسا کہ
توجیہ سابق مین بیان ہو چکا تو جب وحدت مفہوم نہ ہوگی
لامحالہ دوسری وحدت محتملات لفظ سے ظاہر ہوگی اور
ظاہر کا بعض محتملات کی طرف پھیرنا بھی تاویل ہے اور
نسخ یون لازم آتا ہے کہ آیۂ مذکورہ افادۂ وحدت کے لیے
نص مطلق ہے اور باقی آیتین کہ جو وحدت پر دلالت کرتی
ہین افادۂ وحدت مین نص مقید کی طرح ہین کیونکہ اس آیت
سے جو وحدت مفہوم ہوتی ہے وہ بمعنی انعدام وجود غیر کے
ہے اور بیشک یہ وحدت مطلق ہے کیونکہ نفی دوئی اس وحدت
مین من کل الوجوہ ہے نہ من بعض الوجوہ تو جب نص مطلق کل آیات

وحدت کہ نصوص مقیدہ اند لامحالہ نص مطلق مقید
گردد و تقیید مطلق نسخ است و تبدیل و نیز
مذہب این است کہ المطلق یجری علی اطلاقہ
والمقید یجری علی تقییدہ و بہذا ظہران
قولہ قل ھو اللہ احد محکم فی افادۃ انعدام
وجود الغیر و قولہ لا الٰہ الا ھو و انما الٰھکم
لواحد و سائر الآیات الدالۃ علی الوحدۃ
محکم فی افادۃ انعدام وجود المثل فلا یلزم
منہ انعدام وجود الغیر و اما توجیہ بقاعدۂ علم
کلام آن کہ گوییم کہ اگر با وجود ذات اثبات وجود غیر
کنیم در ذات حقہ تناہی لازم آید و آن محال است
و اعتقادش ضلال اگر گوئی کہ با ثبات وجود غیر
تناہی در ذات چگونہ لازم آید گوییم جمہور متکلمان
متفق اند برآن کہ حصول مغایرت بین الشیئین
بدون امکان انفکاک یکے از دیگرے محال است
کہ الغیران ھما اللذان یمکن انفکاک احدھما
عن الآخر و نیز حصول دو ذات با عدم تناہی
یکے از ایشان مستلزم جمع بین الضدین است
تشریح این سخن آنکہ در آب گرم مثلاً آتش معیت با
آب دارد و آب معیت با آتش و شک نیست کہ ہر یکے
از ایشان متناہی است ورنہ لازم آید کہ یکے در

وحدت یعنی نصوص مقیدہ پر محمول کی جائیگی تو لامحالہ
نص مطلق مقید ہو جائیگی اور مطلق کی تقیید یہی نسخ و
تبدیل ہے اور یہی مذہب بھی ہے کہ مطلق کا اجرا
حالت اطلاق پر ہے اور مقید کا اجرا حالت تقیید پر اور
اسی سے معلوم ہوا کہ آیۂ قل ہو اللہ احد وجود غیر کو معدوم
کرنے کے لیے محکم ہے اور اور آیتین جیسے لا الٰہ الا ہو اور
را مراد آن داشته شود که لا شئ دونه دیگر همه
خیال است مولانا روم می فرماید ؎ ما عدمهایم
وہستیہائے ما ٭ تو وجود مطلقی فانی نما ٭ جمله
معشوق است عاشق پرده ٭ زنده معشوق است
عاشق مرده ٭ پس حقیقت موجودات همه او است و
دیگر وهم وخیال شیخ الرئیس ابو علی ابن سینا در
فصل سادس فن اول الہیات شفا مے گوید
کل ما سوا الواجب الوجود الواحد فی نفسه
باطل وشیخ اکبر در فص یوسفی می فرماید فاعلم انك

یعنی وہ وجود مطلق کل موجودات کی حقیقت اور اون کا
باطن ہے حقیقت شئی سے مراد ربوبیت کا مشاہدہ ہے اس طرح پر
کہ اللہ تعالی ہر شئی کا فاعل اور قیوم ہے اس حیثیت سے
کہ کوئی ہویت قائم بذاتہ وقیوم لغیرہ اوسکے سوا نہین اور حق
کی باطنیت مظاہر موجودات مین اون دعاؤن سے بھی
جو حدیث مین مروی ہین ثابت ہی کہ تو باطن ہے تیرے
سوا کوئی چیز نہین مین کہونگا کہ اوسکے اشیاء کی باطن
ہونے سے یہ مقصود رکھا گیا ہی کہ کوئی چیز اوسکے غیر
نہین باقی سب خیال ہے مولانا روم فرماتے ہین ؎
کہ ہم اور ہماری ہستیان معدوم ہین تو وجود مطلق ہے فانی کا
ظاہر کرنیوالا سب کچھ معشوق ہی ہے عاشق صرف ایک پردہ ہے
معشوق ہی زندہ ہے اور عاشق مردہ ہے پس تمام موجودات کی حقیقت
حق ہی ہے اسکے علاوہ وہم وخیال ہے شیخ الرئیس ابو علی
ابن سینا چھٹی فصل فن اول الہیات شفا مین لکھتے
ہین کہ واجب الوجود یکتا کے علاوہ ہر چیز فی نفسہ
باطل ہے اور شیخ اکبر فص یوسفی مین لکھتے ہین کہ تم

خیال وجمیع ما تدرکه مما نقول فیه سواء
خیال فالوجود ای الکونی کله خیال ف
خیال والوجود الحق انما هو الله خاصة
من حیث ذاته وعینه لا من حیث اسمائه
گویم چرا که نزد ایشان اسم من وجه عین مسمّی و من وجه
غیر او می باشد کما فی آخر الفص الادریسی
فالاسم عین المسمّی من حیث الذات وغیر
المسمّی من حیث ما یختص به المعنی انتهی و
باطنیت حق مر عالم را عبارت از مرتبه وحدت است
چه که تعینی قبل آن نیست فکذا کانت هی باطن
کل حقیقة الهیّة وکونیّة وابطن کل باطن
وبطون غیب هویت مقدسه است زیرا که کان الله
ولا شیٔ معه فکیف لغیره شیٔ وهو الآن
علی ما علیه کان لان ما یفرض غیر الله وسواه
لا یصح استقلاله بشیئیة لیکون بنفسه
فضلاً عن ان یکون مدرکاً بها فالشیٔ
حقیقة انما هو الله ولذا لا یدرکه الابصار
ولا یناله الافکار لان الحقایق لا یتحققه
وهو یتحققها لانها لا هویة لها الا هویته
والبطن الظهورات تجلی اول است و آن عبارت
از ظهور ذات است نفسها لنفسها فلیس قبله

خیال ہوا اور تمام وہ چیزین جنکو ما سوا کہکر ادراک کرتی ہو
وہ بھی خیال مین پس وجود کونی بالکل خیالی ہی اور وجود
حقیقی اللہ سی مخصوص ہی بحیثیت ذات کی اور اوسکی عین ہونکی
نہ بحیثیت اوسکی اسمائ کی مین کہونگا کہ یہ اسلیی کہا کہ شیخ اکبر کے
نزدیک اسم ایک طرح سی عین مسمّی ہی اور ایک طرح سی غیر جیسا کہ
آخر فصل ادریسی مین ہی پس اسم بحیثیت ذات مسمّی کا عین ہی اور
بحیثیت اپنی معنی مخصوص کی مسمّی کا غیر ہی انتہی اور باطنیت حق
عالم کیلیی اس سی مراد مرتبہ وحدت ہی کیونکہ کوئی تعین اس
سے پہلے نہین اس لیی وہی وحدت ہر حقیقت الٰہیہ و کونیہ
کی باطن ہوگی اور ہر باطن کی باطن اور باطن غیب ہویت
مقدسہ ہی اس لیی کہ اللہ تھا اور کوئی چیز اوسکی ساتھ نہ تھی
تو کیونکر اوسکی غیر کیلیی کوئی چیز ہوگی حالانکہ وہ اسوقت بھی
ویسا ہی ہے جیسا کہ تھا کیونکہ جو چیز اوسکی غیر یا اوسکی سوا
فرض کیجائیگی اوسکا استقلال بہ شیئیت صحیح نہوگا کیونکہ
وہ چیز اپنی ذات مین اس سی برتر ہوگی کہ شیئیت سی ادراک
کیجائے پس شئی درحقیقت اللہ ہی ہی اسلیی اوسکو نظرین
ادراک نہین کرتین اور فکرین نہین پاتین کیونکہ حقایق
اوسکو ثابت نہین کرتی بلکہ وہ حقایق کو ثابت کرتا ہے
اسلیے کہ حقایق کی ہوئیت ہوئیت حق تعالے سی
ہے اور ابطن ظہورات تجلی اول ہے جس سے
مراد ظہور ذات بذاتہ لذاتہ ہے تو اسس سے قبل

ظهور لیکون ابطن منه و باطن اطلاق ظاهر الوجود
نیز این را گویند و باطن روح محمدی نیز و باطن
ارواح من سواه من الکمل تجلی ثانی است
که آن اطلاق ظاهر الوجود است و باطن وجود
باطنی شیون مندرجه اند در وحدت و باطن ممکنات
اعیان ثابته اند که حقایق ممکنات اند در حضرت علم

کوئی ظهور نہین جو بہ نسبت اوس کے زیادہ پوشیدہ ہو اور
اوسی کو باطن اطلاق ظاہر الوجود بھی کہتے ہین اور باطن
روح محمدی بھی اور آنحضرت کی سوا اور کاملین کی ارواح
کا باطن تجلی ثانی ہی جسکو اطلاق ظاہر الوجود کہتی ہین اور وجود
باطنی کا باطن وہ شیون ہین جو وحدت مین مندرج ہین اور
باطن ممکنات اعیان ثابتہ ہین جو حقایق ممکنات ہین حضرت علم مین

قوله وان جمیع الکاینات حتی الذرة لا تخلو عن ذلک الوجود

اقول جمیع کاینات حتی ذرهٔ از آن وجود خالی
نیست کاینات ای موجودات اعم از آنکه خارجیه
باشند یا ذهنیه چه که این همه عکس مظهریان شیونات
حقیقی حق اند و انفصال عکس از ذات محال است
تفصیل این اجمال آنکه همه آثار معقوله و محسوسه
که هما نند معبر بعالم باعتبار منشأ موجودیت خود ها
یکی بیش نیست صرف وحدت است نه کثرت
مانند هیولای عناصر و موالید بر مذهب اشراقیین
که جوهری بسیط است و جوهری در وی حلول نکرده
و از مرکز عالم تا کرهٔ اثیری یک شخص است و اختلاف
صور عناصر و موالید نزد آنها از اعراض و لیست و
اصحاب جوهر فرد را نیز غیر ازین گفتن که تنوع ماهیات
جسمیه از قبیل اعراض است و مشائین را نیز ازین
گفتن که اختلاف تشخصات افراد نوع واحد ازین

یعنی کل کاینات یہانتک کہ کوئی ذرہ اوس وجود سے خالی
نہین مین کہتا ہون کہ کائنات یعنی موجودات وہ خارجیہ
ہون یا ذہنیہ کیونکہ یہ سب شیونات حقیقی حق کے مظاہر یعنی
شیونات کی عکس ہین اور عکس کا ذات سے علیحدہ ہونا محال
ہے اس اجمال کی تفصیل یہ ہی کہ تمام آثار معقولہ و محسوسہ
معبر بعالم بنظر اپنے منشأ موجودیت کی ایک سے زائد نہین
جو صرف وحدت ہی نہ کثرت جیسے عناصر اور موالید کا
ہیولی جو بر مذہب اشراقیین ایک جوہر بسیط غیر مرکب
ہی جسمین کسی دوسرے جوہر نے حلول نہین کیا ہی اور مرکز
عالم سے کرہ اثیری تک ایک ہی شخص ہی اور اختلاف صور عناصر
اور موالید انکے نزدیک اوسکے اعراض سے ہی اور اصحاب
جوہر فرد کو بھی اس کہنے کے سوا کہ ماہیات جسمیہ کا مختلف
ہونا اعراض کے قبیل سے ہی اور مشائین کو بھی اس کہنے
کے سوا کہ نوع واحد کی افراد کی تشخصات کا اختلاف اسی

قبیل است چارہ نیست پس جائز است کہ باین
گونہ آثار کثیرہ را با حضرت وجود حق ہمچنین
نسبت باشد بلا تشبیہ کہ اعراض را با جواہر و این
تکثر آثار بمقتضای اعیان ثابتۂ آنہا است در
باطن علم حضرت حق کہ ہمان ست قابلہ الموجودیۃ
حقیقتہ بظاہر الوجود علی اوقاتہا نمایان
می شوند و خواہند شد و ہمین اند معنی خلق و تکوین
عالم پس اینہا غیر حضرت حق نیند بدین معنی کہ در
مرتبۂ نمایش ظاہری نیز وجودے متاصل و مباین
از و ندارند چنانچہ عرض را غیر از وجود جوہر نمی باشد
و این عین وے نیستند چنانچہ اعراض جسمیہ جسم
نمی باشند پس من وجہ غیر حق اند یعنی ذات عالم
وجود حقیقی نیست کہ سلب ہستی از و ممتنع باشد و
من وجہ عین اند یعنی در مرتبۂ موجودیت ظاہر غیر
مبائن از و کما ہو فی الوہم والخیال یافتہ نمی شوند
یعنی حق تعالے بحقیقت ہستی محض است و عالم
من وجہ ہست و من وجہ نیست و مع ہذا مورد و مصدر
بسی از آثار وجودیہ می شود و ہمین معنی دارد کہ من وجہ
ہست و من وجہ نیست و ازین ست کہ او تعالی خود را
می ستاید کہ ہو الاول والآخر والظاہر والباطن وہو بکل شیء علیم

قبیل سے ہے چارہ نہیں تو جائز ہے کہ اس طرح پر
آثار کثیرہ کو وجود حق سے بلا تشبیہ وہی نسبت ہو جو
اعراض کو جواہر سے ہے اور ان آثار کی کثرت انکی
اعیان ثابتہ کی اقتضا سے باطن علم حضرت حق میں جو حقیقتا
مایہ الموجودیت ہے ظاہر وجود میں اپنے اوقات پر ظاہر ہوئے
اور ہوتے ہیں اور ہونگے اور یہی خلق اور تکوین عالم
کی معنی ہیں لہذا یہ غیر حق نہیں ہیں اس طرح کہ مرتبۂ
نمایش ظاہری میں بھی کوئی اوس سے علیحدہ وجود
نہیں رکھتے چنانچہ عرض کا وجود جوہر کے سوا نہیں
ہوتا اور یہ سب اوسکے عین بھی نہیں ہیں اس طرح کہ
بذاتہ موجود حقیقی نہیں ہیں جیسے اعراض جسمیہ جسم نہیں
ہوتے تو ایک طرح سے غیر حق ہیں یعنی ذات عالم موجود
حقیقی نہیں جس سے نفی وجود ممنوع ہوا اور ایک طرح سے
عین ہیں یعنی مرتبۂ موجودیت ظاہر میں اوس سے وہم
وخیال کی طرح علیحدہ نہیں پائے جاتے یعنی حق تعالے
در حقیقت ہستی محض ہے اور عالم ایک طرح سے ہے بھی اور
نہیں بھی ہے اور با این ہمہ بہت سے آثار وجودیہ کا سبب
صدور وورود ہو جاتا ہے اور اسی لیے عالم ایک طرح سے ہے اور
ایک طرح سے نہیں ہے اور اسیوجہ سے اللہ تعالی اپنی تعریف میں فرماتا
ہے کہ وہی اول اور آخر اور ظاہر اور باطن ہے اور وہی ہر چیز کا عالم ہے

قولہ وان ذلک الوجود

اقول چون در مرتبهٔ اولی تعدد اطلاق وجود بر چار معنی
ثابت شد لاجرم موہمی وہم می تواند کرد کہ بر تقدیر وجود
مصدری وجود چگونہ موجود فی الخارج میتواند شد چرا کہ آن
اعتباریست پس علیٰ حب چہ سان می تواند شد لہذا میفرماید

مین کہتا ہون جب مقدمۂ اولی مین تعدد اطلاق وجود چار
معنی پر ثابت ہوا تو خیال کرنیوالا اس امر در پہ خیال کرسکتا ہی
کہ درصورت وجود بمعنی مصدری کسطرح وہ فی الخارج موجود
ہوسکتا ہی کیونکہ وہ اعتباری ہی تو علیٰ حب کیسے ہو سکتا ہی لہذا فرماتی ہین

قوله ليس بمعنى التحقق والحصول لانهما من المعاني المصدرية ليسا موجودين
في الخارج ولا يطلق الوجود بهذا المعنى على الحق سبحانه تعالى الموجود في الخارج
تعالى عن ذلك علوا كبيرا بل غنيا بذلك الوجود الحقيقة المتصفة بهذه الصفات
اعني وجودها بذاتها ووجود ساير الموجودات بها وارتفاع غيرها في الخارج

اقول وبہ تحقیق وجود بمعنی تحقق وحصول نیست
کہ آن معانی مصدریہ اند واز قبیل معقولات ثانیہ
کہ دربرابر وے امرے نیست در خارج بلکہ ماہیات
را عارض می شوند در تعقل چنانکہ محققین حکما و
متکلمین تحقیق آن کردہ اند ووجود باین معنی بر حق
سبحانہ تعالی اطلاق کردہ نمی شود بلکہ مراد از وجود
آن ست کہ حقیقی باشد کہ ہستی وے بوی باشد
یعنی بذات خود وہستی موجودات بوی فی الحقیقہ
غیر وے موجود نیست در خارج وباقی موجودات
عارض وی اند وقائم بوے واطلاق وجود بر
حق تعالی بہمین معنی ثانی است ٥ ہستی
بقیاس عقل اصحاب قیود بجز عارض اعیان
حقایق نمی نمود لیکن بمکاشفات ارباب شہود

مین کہتا ہون کہ حقیقتاً وجود بمعنی تحقق وحصول جو
معانی مصدریہ مین نہین ہی اور نہ معقولات ثانیہ کے
قبیل سی کیونکہ اوسکے برابر کوئی امر خارج مین نہین بلکہ
تعقل مین ماہیتون کو عارض ہوتی ہین چنانچہ
محققین حکما اور متکلمین نے اسکی تحقیق کی ہی اور وجود
کا اس معنی مین حق پر اطلاق نہین کیا جاتا ہی بلکہ
وجود سی مراد یہ ہی کہ حقیقی ہو جسکی ہستی خود اوس سی ہو
یعنی بذات خود اور موجودات کی ہستی اوسکی ذات سی ہو
اور درحقیقت اوس کا غیر فی الخارج موجود نہین اور
باقی موجودات اوس کے عارض اور اوسی سے قائم ہین
٥ اور وجود کا اطلاق حق تعالی پر اسی دوسرے معنی پر ہی
وجود۔ اصحاب قیود کی قیاس عقل پر سوا عارض اعیان حقایق
کی اور کچھ نہین لیکن ارباب شہود کی مکاشفات سی معلوم ہوتا ہی

اعیان ہمہ عارض اند و معروض وجود + وقیام
وجود بذاتہا دفعًا للتسلسل است و وجود دیگران
ازان دفعًا لاجتماع النقیضین۔

کہ اعیان خود عارض ہین اور وجود معروض ہی اور وجود
کا قیام خود اپنی ذات مین یہ تسلسل کا دافع ہی اور دوسرون
کا وجود اوس سی یہ اجتماع النقیضین کا دافع ہے۔

قولہ وان ذالک الوجود من حیث الکنہ لا ینکشف لاحد

اقول وآن وجود مطلق من حیث ذات
منکشف احدے نیست چراکہ اطلاقش ذاتیست
وادراک بے تعین مسبوقہ نمی شود و در صورت
تعین تقید است ولا تقید فیہ ولا علم ولا کشف
تفصیل این اجمال آن کہ ذات حق سبحانہ در مرتبۂ
غیب ہویت از احاطۂ عقول وافہام متعالی ست
وازین وجہ ہیچ ادراک را با دراہ نیست چہ این مرتبہ
محیط است بسایر مراتب تنزلات پس ہیچ کدام
ازان مراتب احاطہ بران نتوان کرد بلکہ آنچہ در
عقول وافہام خواہ ملکی خواہ بشری در آید مرتبۂ
از مراتب مجالی شعوری آنحضرت است چہ
ہمچنانکہ حق تعالی در مظاہر عینی بحسب اختلاف
استعدادات وقابلیات بصور مختلفہ تجلی دارد
در مجالی علمی نیز ہمان منوال بصور مختلف ظاہر
است و ہر فردے از افراد او را بہ صفتے کہ در وظاہر
است می ستاید واز دیگر صفات کہ او را ازان حظ
نیست تنزیہ می نماید الا انسان کامل کہ محیط بجمیع

مین کہتا ہون کہ وہ وجود مطلق بحیثیت ذات کسی پر
بھی نہین کھلتا کیونکہ اوسکا اطلاق ذاتی ہے اور ادراک
بغیر تعین فرض کیے نہین ہوتا اور درصورت تعین تقید
ہے اور ذات حق مین نہ تقید ہی اور نہ علم اور نہ کشف
اس اجمال کی تفصیل یہ ہی کہ ذات حق مرتبۂ غیب
ہویت مین عقل اور فہم کے احاطہ سی برتر ہے اسی وجہ سے
کسی ادراک کا اوس مین دخل نہین کیونکہ یہ مرتبہ کل
مراتب تنزلات کو محیط ہی لہذا کوئی مرتبہ اوسکا احاطہ
نہین کرسکتا بلکہ جو کچھ عقلون اور سمجھون مین آتا ہی خواہ
وہ ملکی ہون یا بشری وہ سب اوس کے مراتب اور
مجالی علمی سے ہے کیونکہ جسطرح حق مظاہر عینی مین حسب
اختلاف استعدادات وقابلیات مختلف صورتون سے
متجلی ہی اسی طرح مجالی یعنی مراتب علمی مین بھی
مختلف صورتون سے ظاہر ہے اور ہر فرد اوس کی
تعریف اوسی صفت سے کرتا ہے جو اوس مین
ظاہر ہے اور دوسری صفات سے جنکا حظ اوس کو
نہین تنزیہ کرتا ہی سوائے انسان کامل کے جو کل

حقائق است او را بجمیع صفات کمال بلسان
حال وبال ومقال می ستاید واین مرتبۂ
حضرت ختمی است کہ مبعوث بہ مقام محمود است
ولوای حمد مخصوص اوست ولہذا مسمی از مشتقات حمد
شدہ گاہ باسم مفعول وگاہ بصیغۂ مبالغہ وگاہ در
طرف حامدیت وگاہ در طرف محمودیت وگاہ
بصفت تفضیل حامد ومحمود واحمد واین ادراک کہ
انسان کامل را حاصل است بر دو وجہ است یکی
باعتبار تقید او بجمیع صفات کہ در مظاہر مختلفہ ومراتب
متفاوتہ او را حاصل است واین ادراک متعلق بہ
مرتبۂ اطلاقی نیست بلکہ باعتبار جمیع تقیدات است
دیگر باعتبار وحدت حقیقی ذاتی واین جز در مرتبہ
بقا باللہ حاصل نمی شود کہ درین مرتبہ ادراک و
مدرک ومدرک یکے وآن ادراک راجع بذات
ظاہر است نہ بہ مظہر وازین تفصیل معلوم شد کہ ذات
حق تعالی در ہمہ مراتب عالم است بخود وآنچہ
بعضی از سالکان مسلک تحقیق را اشتباہ شد
کہ چون دران مرتبہ نسب تمام تر مستہلک اند پس
علم بذات دران مرتبہ نباشد بنا بر آن کہ علم
نسبت است یا مستلزم نسبت شبہتی ضعیف است
ومستلزم امرے شنیع کہ سلب علم بالذات است در

حقائق کا محیط ہے وہ اوس کی کل صفات کمال کی
زبان حال اور قلب سے ستایش کرتا ہی اور یہ مرتبہ
حضرت ختمیت آپ صلعم کے لیے ہے جو مقام محمود کے
لیے مبعوث ہوے ہین اور لوائے حمد اونکے لیے مخصوص
ہے اور اسی لیے مشتقات حمد سے اونکا نام رکھا گیا کبھی
بصفت مفعول کبھی بصیغۂ مبالغہ کبھی حامدیت کیطرف اور
کبھی محمودیت کی طرف اور کبھی بصفت تفضیل جو حامد اور
محمود اور احمد ہین اور یہ ادراک جو انسان کامل کو حاصل ہے
دو طریقے پر ہے ایک باعتبار اوسکی کل صفات کی ساتھ
مقید ہونے کے جو مختلف مظاہر ومراتب مین اوس کو
حاصل ہین اور یہ ادراک مرتبۂ اطلاق سے متعلق نہین
بلکہ باعتبار کل تقیدات کے ہی دوسرے باعتبار وحدت
حقیقی ذاتی جو سوائے مرتبۂ بقا باللہ کی اور کسی مرتبہ مین
حاصل نہین ہوتا کیونکہ اس مرتبہ مین ادراک اور ادراک
کرنے والا اور ادراک کیا گیا سب ایک ہی اور وہ ادراک
ذات ظاہر کیطرف راجع ہی نہ مظہر کیطرف اور اس تفصیل سے
معلوم ہوا کہ ذات حق تمام مراتب مین اپنی ذات کی عالم ہے
اور یہ جو بعضے سالکین مسلک تحقیق کو شبہہ ہوا کہ جب اوس
مرتبہ مین سب نسبتین فانی ہین تو ذات کا علم بھی اوس
مرتبہ مین نہوگا کیونکہ علم یا تو نسبت ہی یا مستلزم نسبت
یہ ایک ضعیف شبہہ اور خراب بات کا مستلزم ہے یعنی

مرتبۂ از مراتب حق تعالیٰ عن ذلک علوا کبیرا
و تحقیق مقام بر وجہے کہ شبہہ ازان مرتفع گردد اینست
کہ حقیقت علم عدم غیبوبت مجرد یست از
تجردی و عدم غیبوبت بجہت عینیت باشد ہمچون
علم نفس بذات خود و آن را و امثال آن را علم حضوری
گویند و گاہ بجہت ارتباطی دیگر باشد ہمچو قیام
صورت مجردہ منتزعہ از مادیات بنفس و آن را علم
حصولی خوانند و در صورت اولی چون آن مجرد
قائم بذات خود است علم خود باشد بخود پس خود
عالم باشد و خود معلوم و خود علم و در صورت ثانیہ کہ
قایم بغیر است علم غیر باشد و خود علم باشد و خود
معلوم اما خود عالم نہ باشد بلکہ عالم غیر او باشد و آن
محل صور است و چون حضرت حق در اعلی مراتب
تجرد است زیرا کہ از ماہیت مجرد است فضلاً
عن المادۃ پس خود عالم باشد و خود معلوم و نسبت
عدم غیبوبت را مصداق عینیت باشد و تفصیل این
سخن آنست کہ نسبت از منتزعات عقل است و مطابق
و مصداق آن گاہ وحدت است چون اتحاد
و عینیت کہ متحقق در واقع و محکی عنہ این نسبت وحدت
است و نسبت دوئی در عقل است و گاہ مصداق
و مطابق نسبت ارتباطی ست میان دو چیز کہ ہر یک

مراتب سے حق کی علم ذاتی کی نفی کا خدا اس سے بہت بزرگ
ہے اس مقام کی ایسی تحقیق جس سے شبہہ بالکل رفع
ہو جاے یہ ہے کہ حقیقت علم کسی مجرد کا اپنے مرتبۂ تجرد
سے غائب نہونا ہے اور یہ غائب نہونا کبھی عینیت سے
ہوتا ہے جیسے اپنی ذات کا علم اور اوسکو علم حضوری کہتے ہین
اور کبھی بسبب ارتباط کسی دوسری چیز کے ہوتا ہے جیسے نفس
مین صورت مجردہ کا قائم ہونا جو مادہ سے بنی ہو اوسکو علم
حصولی کہتے ہین اور پہلی صورت مین چونکہ وہ مجرد اپنی ذات
سے قائم ہے یہ اپنا علم اپنے آپ مین ہے تو خود ہی عالم ہوگا
اور خود ہی معلوم اور خود ہی علم اور دوسری صورت مین کہ
غیر سے قائم ہے غیر کا علم ہوگا تو علم و معلوم خود ہوگا لیکن عالم
خود نہ ہوگا بلکہ عالم اوس کا غیر ہوگا جو اون صورتون
کا محل ہے اور چونکہ حضرت حق اعلے مراتب تجرد مین ہیں
اس لیے کہ ماہیت سے مجرد ہے چہ جائیکہ مادہ تو وہ
خود عالم ہے اور خود معلوم اور نہ غائب ہونے کی نسبت
سے عینیت کا مصداق ہے جس کی تفصیل یہ ہے کہ
نسبت خود عقل سے نکلی ہے جیسکے مطابق و مصداق کبھی وحدت
ہوتی ہے جیسے اتحاد و عینیت جو واقعی ثابت ہے اور وہی
اس سے نسبت کی گئی ہے جو وحدت ہے اور دوئی کی
نسبت عقل مین ہے اور کبھی مصداق و مطابق نسبت
وہ ارتباط ہے جو دو چیزون کے درمیان ہو کہ ہر ایک

بصورت علیحدہ موجود اند در واقع ہمچو نسبت ابوت و
بنوت و مطابق و مصداق نسبت عدم غیبوبت
درصورت ادراک نفس و عقل و حضرت حق خود را وحدت
است و عدم اثنینیت و علم مستلزم نسبت است
باحد الطرفین و ازین لازم نمی آید کہ علم عالم متعلق
بذات او نشود چگونہ کسی این وہم شود در شان
حق تعالی با آنکہ نفس و عقل کہ مراتب امکانی اند
عالم اند بخود بلکہ بتحقیق حق تعالی عین علم اند
است بخود ہر چہ ازو صادر شدہ و شود من الازل
الی الابد بران نہج باشد کہ مبین شدہ و لہذا
بعضی قدما و حکما کہ انوار حکمت از مشکوٰۃ نبوت اقتباس
نمودہ اند تعبیر از مبدا اول بعلم کردہ اند و چنین گفتہ
اند کہ از علم عقل صادر شدہ و از عقل نفس و از نفس
طبع و از طبع جسم پس روشن شد کہ حضرت حق
عالم است بخود در ہمہ مراتب اما غیر او عالم مرتبہ
ذات بحت من حیث وحدتہا الاطلاقیۃ نمی تواند شد
چہ مصداق نسبت دران صورت عینیت و وحدت
نیست لثبوت التقیید و التعین فی جانب المدرک
تعلقی دیگر نمی تواند بود بنا بر آن کہ دران مرتبہ
جمیع تعینات و نسب مستہلک اند بلکہ دران مرتبہ
غیر بکلی فانی است پس تعلق و ارتباط دران مرتبہ

واقع مین علیحدہ صورت پر موجود ہین جیسے باپ اور
بیٹے ہونے کی نسبت اور نہ غائب ہونے کی نسبت کے
مطابق و مصداق صورت ادراک نفس و عقل مین اور
خود حضرت حق کے اپنا ادراک مین وحدت اور دوئی
کا نہ ہونا ہی اور علم کے لیے لازم ہی کہ دو مین سے ایک طرف
اوس کی نسبت ہو اس سے یہ لازم نہین آتا کہ عالم کا علم
اوسکی ذات سے متعلق نہو کسی کو خدا کی شان مین کیسے
اسکا وہم ہو سکتا ہی باوجودیکہ نفس اور عقل بھی جو مراتب
امکانی ہین اپنے عالم ہین بلکہ حق کا بالذات عین علم ہونا
اور اپنی ذات کا عالم ہونا زائد درست ہی جو کچھ اوس سے
صادر ہوا یا ہوگا ازل سے ابد تک اوسی طریقے پر ہوگا جس
طریقہ سے ظاہر ہوا اسلیے بعض حکماء قدیم نے جنھون نے انوار
حکمت چراغ نبوت سے حاصل کیے ہین او نھون نے مبدا اول
سے علم مراد لیا ہی یون کہا ہی کہ علم سے عقل صادر ہوئی اور عقل
سے نفس اور نفس سے طبیعت اور طبیعت سے جسم تو معلوم ہوا کہ حضرت
حق کل مراتب مین اپنا عالم ہی لیکن اوسکا غیر مرتبہ ذات بحت
کا بحیثیت اوسکی وحدت اطلاقیہ کے عالم نہین ہو سکتا کیونکہ
نسبت کا مصداق اوس صورت مین عینیت و وحدت نہین بوجہ
جانب مدرک مین ثبوت تعین و تقیید کی کوئی دوسرا تعلق نہین ہو
سکتا کیونکہ اوس مرتبہ مین کل تعینات اور نسبتین فانی ہین بلکہ اوس
مرتبہ مین غیریت ہی بالکل فانی ہی تو تعلق اور ارتباط کا اوس مرتبہ مین

فارسی	اردو
نمی گنجد این سخن خالی از دقتے نیست باید کہ بنظر	کیسے گذر ہو سکتا ہے یہ بات دقت سے خالی نہین
دقیق در وی امعان نماید	بہت غور اور خوض سے اسکو دیکھنا چاہیے۔

قوله ولا یدرکه العقل ولا الوهم ولا الحواس ولا یتأتی فی القیاس

فارسی	اردو
اقول وادراک نمی تواند کرد او را عقل و نه وہم و نه	مین کہتا ہون اوسکو عقل اور وہم اور حواس ادراک نہین
حواس و نه حاصل می گردد بقیاس شیخ اکبر در باب	کرسکتے اور نہ وہ قیاس سے حاصل ہو سکتا ہے شیخ اکبر فتوحات
ثالث وسبعین از فتوحات گوید که انما سمی العقل	کے تہتروین باب مین لکھتے ہین کہ عقل کا نام عقل اسوجہ سے کہا
عقلاً لانه ماخوذ من العقال فلا قدم له	گیا کہ وہ عقال سے ماخوذ ہے جسکے معنی رسی کے ہین پس معرفت
فی معرفة الحق تعالی فی مرتبة الاطلاق	حق مین مرتبۂ اطلاق مین اوسکا گذر نہین ہے انتہی مین کہونگا
انتهی گویم و نیز دلیل عدم معرفت عقل این است که	اور بھی دلیل عدم معرفت عقل کی یہہ ہے کہ ہر عاقل کی عقل اوسکی
ہر عاقل را عقلے است مثل او و حق را مثلے نه فمن	مثل ہوتی ہے اور حق کا کوئی مثل ہے نہین تو جس شخص نے اوسکو
عرفه بعقله ما عرفه و اہل طریق گاہی از عقل	عقل سے پہچانا اوسنے اوسکو نہین پہچانا اور اہل طریق کبھی عقل
مراد گیرند قلم اعلیٰ و ہو العقل الاول و گہے	سے قلم اعلےٰ کو مراد لیتے ہین اور وہی عقل اول ہے اور کبھی طبیعت
طبیعت کلیه و حواس جمع حاسه است و آن ده اند	کلیہ کو اور حواس حاسہ کی جمع ہے جو دس ہین پانچ
پنج ظاہری و پنج باطنی که از ان جمله وہم است و آن	ظاہری اور پانچ باطنی جنمین سے ایک وہم بھی ہے اور وہ ایک
قوتی ست در تمام دماغ لیکن مختص بتجویف اوسطا	قوت تمام دماغ مین ہے لیکن اوسط حصہ دماغ کی تجویف سے
از دماغ که معنی جزئیات موجودہ محسوسه را ادراک	مخصوص ہے جو جزئیات کی معانی موجودہ محسوسہ کو ادراک
می نماید شیخ مقتول در ہیاکل النور می نویسد که	کرتی ہے شیخ شہاب الدین مقتول ہیاکل النور مین لکھتے ہین کہ
الوهم هو الذی ینازع العقل فی قضایاه	وہم وہ قوت ہے جو عقل سے اپنی احکام مین جھگڑتی ہے یہانتک
حتی ان المتفرد بمبیت فی اللیل نومه عقله و	کہ محض وہم خواب مین عقل کو زائل کردیتا ہے اور اوسے
یخوفه و هو یخالف العقل فی امور غیر	خوف دلاتا ہے اور غیر محسوس باتون مین وہ عقل کی مخالفت
محسوسة حتی ان الذین یتبعون قضایاه	بھی ہے یہانتک کہ جو لوگ اوس کے احکام پر چلتے ہین

ينكرون ما وراء المحسوسات ولم يتفكروا ان
عقولهم بل اوهامهم وتخيلاتهم و
نفوسهم لا تحس بل لا يحس من الجسم
الا السطح الظاهر دون سمكه انتهى

وہ محسوسات کے علاوہ چیزون کا انکار کرنے لگتے ہین
اور اس بات کو نہین سوچتے کہ اونکی عقلین بلکہ اونکے وہم
اور خیالات اور نفوس محسوس نہین کیے جاتی بلکہ جسم سے بھی سوا
سطح ظاہر کے محسوس نہین کرتے نہ کہ سمک کو انتہی

**قوله لان كله محدثات والمحدث لا يدرك الا كنه المحدث تعالى ذاته و
صفاته عن ذلك علوا كبيرا**

اقول زیرا که این همه عقل و وهم وغیره حادث
اند وحادث ادراک نمی کند مگر کنه حادث را
برتر است شان او از حدوث آری فطرت
نفس انسانی بواسطهٔ تعلقات جسمانی قاصر است
از ادراک وحدت آن بمنزلهٔ احول که یکی را دو
می بیند و بین الصورتین نسبتی تصور می کند و آن
بنا بر قصور آلات ادراک است بی آن که در
نفس الامر اثنینیت باشد و سر این مقام آن است
که چون وجود حق را مماثلی نیست بلکه غیر او در
وجود نیست پس هر چه در تمثیل و تصویر حقایق
الهی و نسبت ذات او به ممکنات گویند خالی از
شائبهٔ قصوری نخواهد بود زیرا که علم ادراک
باو محیط نشود فکیف عبارات و الفاظ که در مرتبهٔ احاطه
از علم فروتر اند چرا که نه هر چه باشد توان دریافت
نه هر چه توان دریافت تعبیر از ان توان کرد۔

مین کہتا ہون اس لیے کہ یہ سب عقل اور وہم وغیرہ
حادث ہین اور حادث صرف کنہ حادث ہی کا ادراک
کرتا ہی اور خدا کی شان حدوث سے عالی ہی ہان فطرت
نفس انسانی بوجہ تعلقات جسمانی ادراک وحدت سے
قاصر ہے وہ ڈھیبرے کیطرح ایک کو دو دیکھتا ہی اور دونون
مین ایک نسبت خیال کرتا ہے اور یہ بوجہ کمی قوت ادراک
کی ہے بغیر اسکے کہ واقعی دوئی ہو اس مقام مین سر یہ ہے
کہ وجود حق کا جب کوئی مثل نہین بلکہ اوسکا غیر ہی موجود
نہین تو جس مثالی اور خیال مین ممکنات کے ساتھ
حقایق الہی اور اوس کی ذات کی نسبت کو متعلق
کہین گے وہ آمیزش قصور سے خالی نہوگی اس لیے کہ
علم و ادراک اوس کا احاطہ نہین کر سکتے تو عبارات اور
الفاظ جو مرتبۂ احاطہ مین علم سے بہت نیچے ہین کیسے محیط
ہو سکتے ہین کیونکہ یہ ضرور نہین کہ جو ہو وہ معلوم بھی
ہو جاے نہ یہ ضروری کہ جو معلوم ہو جاے وہ بیان بھی ہو سکے

قولہ ومن اراد معرفتہ من ہذا الوجہ وسعی فیہ فقد ضیّع وقتہ

اقول کسی کہ معرفت او را بکنہ و حقیقت او ارادہ
نمود و دران سعی کرد وقت خود را ضائع کرد خود
جناب باری بواسطۂ رافت و رحمتی کہ در شان
عباد دارد از تامل در ذات خود تحذیر می فرماید کہ
یحذرکم اللہ نفسہ واللہ رؤف بالعباد
و سبب منع از تفکر این است کہ میان ما و حق مناسبتی
نیست در باب خامس و اربعین و مائۃ از فتوحات
است کہ انما منعوا التفکر لانہ لا یتعدی
احد الامرین اما الجولان فی المخلوقات
واما الجولان فی الالہ واعلی درجات
جولانہ فی المخلوقات ان یتخذوھا
دلیلاً ومعلوم ان الدلیل یضاد المدلول
فلا یجتمع دلیل ومدلول فی حد الناظر
ابداً واما جولانہ فی الالہ لیتخذہ دلیلاً
علی المخلوقات ففیہ من سوء الادب ما
لا یخفی لانہ طلب الحق لغیرہ ای لیدلہ
علی الکائنات فما طلبہ تعالی بعینہ و
ذلک غایۃ الجہل فانہ لا شیء ادل علی
الشیء من نفسہ و در باب وصایا از فتوحات
گوید ایاک ان تدعی معرفۃ ذات خالقک

میں کہتا ہوں اور جس شخص نے اوسکی معرفت کو اوسکی کنہ
اور حقیقت کے ساتھ حاصل کرنا چاہا اور اوس میں
کوشش کی اوس نے اپنا وقت ضائع کیا خود جناب
باری بوجہ اپنی مہربانی اور رحمت کے جو بندوں پر رکھتا
ہے اپنی ذات میں غور کرنے سے منع فرماتا ہے کہ تمکو ڈراتا
ہے اللہ اپنی ذات سے اور اللہ بندوں پر مہربان ہے
جسکا سبب یہ ہے کہ ہم میں اور حق میں کوئی مناسبت
نہیں فتوحات کے ایکسو پینتالیسویں باب میں ہے کہ بیشک
وہ لوگ تفکر سے روکے گئے اسلیے کہ وہ دو حال سے خالی نہیں
یا مخلوقات میں ہو یا حق میں اور اعلی درجہ تفکر مخلوقات
میں ہے کہ اوس سے دلیل لیں اور دلیل کا مخالف
مدلول ہونا معلوم ہی ہے پس حد ناظر میں دلیل اور
مدلول کبھی جمع نہیں ہو سکتے اور حق میں تفکر اوسکو
مخلوقات پر دلیل لانے کے لیے تو اسمیں ایسی بے ادبی
ہے جو مخفی نہیں اسلیے کہ اسمیں حق کی طلب اوسکے غیر کے
لیے ہے یعنی تاکہ وہ عالم پر دلالت کرے تو حق تعالی کو بالذات
اوس نے طلب نہ کیا اور یہ انتہا سے جہل ہے کیونکہ
کسی شئے کی بہترین دلیل خود نفس شئے ہے
اور فتوحات کے باب وصایا میں فرماتے ہیں
کہ معرفت ذات خالق کے دعوے سے اپنے کو بچا

فانك فی المرتبة الثانیة من الوجود و
اما فی حال فنائك فما عرفه تعالیٰ هناك
الّا هو فحلّ معنی التوحید عن الذوق
انتهیٰ و باید دانست که وقت نزد صوفیه عبارت
است از زمانهٔ حاضر که واسطه ایست میان ماضی
و مستقبل و ازین است قول شان الصوفی
ابن الوقت ای مشتغل بما هو اولیٰ به
فی الحال و گاهی یعنی ما یصادفهم من تصریف
الحق لهم دون ما یختارونه لانفسهم
و ازین جاست قول صوفیه فلان بحکم الوقت
ای انه مستسلم لما یبدء له من الغیب عن
غیر اختیاره و هذا ایضا انما یکون فیما لا
حکم فیه من جهة الشرع فاما ما فیه حکم
من جهته فان تضیعه و احالة الحکم فیه
علی المقادیر خروج عن الدین ابو علی دقاق
گوید که وقت تو آنست که تو در آنی اگر در دنیائی
وقت تو دنیا است و اگر در عقبیٰ هستی آن وقت
تست و اگر در سروری یا حزن آن وقت تست
و اما قول صوفیه که الوقت سیف قاطع مراد
ازان این که الوقت غالب علیهم بما یجری الله
به من قضائه و قدره کما ان السیف

کیونکہ تو مرتبۂ ثانیہ وجود مین ہے یا حالت فنا مین
تو حق کو حق ہی پہچانے گا پس ذوق سے توحید کے
معنے حل ہو گئے انتہیٰ اور جاننا چاہیے کہ وقت سے
مراد حضرات صوفیہ کے نزدیک زمانۂ موجودہ ہے جو
گذشتہ اور آیندہ مین واسطہ ہے اور یہین سی حضرات
صوفیہ کا قول ہے کہ صوفی ابن الوقت ہے یعنی اوسی چیز مین
مشغول ہوتا ہے جو زمانۂ حال مین اوس سی قریب تر
ہے اور کبھی وقت کے معنی اوس چیز کا پانا ہے جسکو
خدا نے اونکے لیے پھیر دیا نہ وہ جسکو انھون نے اپنے لیے
اختیار کیا یہین سی حضرات صوفیہ کا قول ہے کہ فلان شخص
وقت سی حکم کرتا ہے یعنی درحقیقت وہ اوس چیز پر مطلع
کیا گیا جو اوسکے لیے غیب سی بغیر اوسکے اختیار کے ظاہر
کیگئی اور یہ اوس چیز مین بھی ہوگا جسمین بحیثیت شرع کوئی
حکم نہین مگر جسمین بحیثیت شرع حکم ہی تو اوسکا ضائع کرنا
اور اوسمین دخل دینا دین سی خروج ہی ابو علی دقاق کہتی
ہین کہ تمھارا وقت وہی جسمین تم ہو اگر دنیا مین ہو تو تمھارا
وقت دنیا ہے اور اگر عقبےٰ مین ہو تو وہ تمھارا وقت ہے
اگر خوش ہو یا غمگین تو وہ بھی تمھارا وقت ہے اور
اور صوفیہ کا قول کہ وقت تلوار کیطرح ہی اوس سی مراد یہ ہے
کہ وقت اون پر غالب ہی اوس چیز سی جسکو اللہ نے اپنی
قضا و قدر سی اون پر جاری کیا ہے جس طرح تلوار

غالب بقطعه و بعضی گویند که لین مسّه قاطع
حده فمن لا ینه سلم و من خاشنه اصطلم
کذلک الوقت من استسلم لحکمه نجی
و من عارض بترک الرضی انتکس و تردی
و بعضی گویند معناه انه لا دوام له فادرک
فیه امانیک و لا تدعه یمضی عنک و
کن حاکما علی وقتک لا محکوما علیه بوقته
و قیل السکین من کان بحکم وقته فان کان
وقته الصحو فقیامه بالشریعة و ان
کان وقت المحو فالغالب علیه احکام
الحقیقة و فی غیر الصحو و المحو للصوفی
اوقات تساعده و اوقات تناکده
فمن ساعده الوقت فهو له وقت و
من ناکده الوقت فهو علیه مقت فعلیک
بالمراقبة فان کان بسط فالزم الادب
و ان کان قبض فالزم السکون و السکینة
الی ان ینقضی

کاسٹنے مین غالب ہے اور بعضے کہتے ہین کہ اوسکا
چھونا آسان ہی اور اوسکی باڑھ قاطع ہی تو جس شخص نے
اوسے چھوا وہ بچا اور جس نے باڑھ پر ہاتھ رگڑا وہ زخمی
ہوا اسی طرح وقت ہی کہ جو اوسکے حکم پر چلا اوسنی نجات
پائی اور جس نے بہ ترک رضا منہ پھیرا وہ سرنگون ہوا
بعضے کہتے ہین کہ اوسکے یہ معنی ہین کہ درحقیقت وقت
کے لیے ہمیشگی نہین تو وقت سے اپنا مطلب نکال لو اور اوسے
گذر نہ جانے دو اور اوسپر حاکم رہو اوسکے محکوم نہو بعض کے
نزدیک سکین وہی ہی جو اپنے وقت کا تابع ہو اگر اوسکا وقت
صحو ہو تو اوسپر اتباع شریعت لازم ہی اور اگر محو ہو تو اوسپر
احکام حقیقت غالب ہونگی اور صوفی کیلیے صحو اور محو کے علاوہ
اور بھی اوقات ہین جو کبھی اوسکو خوش رکھتے ہین اور کبھی
ناخوش جسکو اوسکے اوقات خوش رکھین تو اوسکے لیے
وہ وقت وقت ہی اور جسکو ناخوش رکھین وہ وقت اوسکے
لیے عذاب ہی اور تجھ پر مراقبہ یعنی نگاہداشت لازم ہی اگر حالت
بسط طاری ہو تو ادب لازم ہی اور اگر حالت قبض طاری ہو
تو سکون و اطمینان لازم ہی تا وقتیکہ وہ حالت گذر نہ جائے

قوله وان لذلک الوجود مراتب کثیرة

اقول بعد تسلیم نارسائی در ذات حق و عدم
امکان رسائی آن می فرمایند و خیال طالبان
که ازین جا نسبت تضییع ذکر و فکر خود می شود

مین کہتا ہون کہ ذات حق مین نارسائی کی
تسلیم کے بعد اور طالبین کے خیال کو جو اپنے
ذکر اور فکر کے ضائع ہونے کی نسبت ہوتا ہے

دفع می نمایند که آن وجود مطلق را مراتب
بسیار اند و مجالی بے شمار و وصول عبارت دیگر
است که آن آینده می آید

دفع کر کے فرماتے ہین کہ اوس وجود مطلق کے
بہت سے مراتب اور ظہورات ہین اور وصول
اس کے علاوہ ہے جو آیندہ بیان کیا جائیگا۔

قوله المرتبة الاولى مرتبة اللاتعين والاطلاق والذات البحت لا بمعنى ان
قيد الاطلاق ومفهوم السلب اى سلب التعين ثابتان فى تلك المرتبة بمعنى
انّ ذلك الوجود فى تلك المرتبة منزهة عن اضافة النعوت والصفات و
مقدسة عن كل قيد حتى قيد الاطلاق ايضاً وهذه المرتبة تسمّى بالمرتبة الاحدية
وهى كنه الحق وليس فوقها مرتبة اخرى بل كل المراتب تحتها

اقول مرتبهٔ اولی مرتبهٔ لاتعین و اطلاق و ذات
بحت است نه باین معنی که درین مرتبه قید اطلاق
و مفهوم سلب تعین ثابت باشد برائے وجودی
بلکه بمعنی آن که آن وجود دران مرتبه منزه است
از اضافت اوصاف و مقدس است از هر قید
حتی که از قید اطلاق نیز و این مرتبه را احدیت
نامند و بالائے آن مرتبهٔ نیست بلکه کل مراتب
زیر آنند حاصل آن که مرتبهٔ لابشرط مرتبهٔ احدیت
جمع و هویت ساریه در جمیع موجودات است و بشرط
لاشئ مرتبهٔ وحدت و برزخ البرازخ و عماء و بشرط
جمیع اسماء و صفات مرتبهٔ الوهیت است و واحدیت
و اطلاق عماء بر مرتبهٔ احدیت موافق حدیث
است ابو رزین عقیلی از پیغمبر صلی الله علیه وسلم پرسید

مین کہتا ہون کہ مرتبۂ اول لاتعین اور اطلاق
اور ذات بحت ہی نہ اس معنی مین کہ اس مرتبہ مین قید
اطلاق اور نفی تعین کا مفہوم وجود کے واسطے ثابت
ہے بلکہ اس معنی مین کہ وجود اس مرتبہ مین اضافت
اوصاف سی منزہ اور ہر قید سی پاک ہی حتی کہ قید اطلاق
سے بھی اس مرتبہ کو احدیت کہتے ہین اس سی اوپر
کوئی مرتبہ نہین بلکہ کل مراتب اسکے نیچے ہین خلاصہ
یہ کہ مرتبۂ لابشرط شئی مرتبۂ احدیت جمع اور ہویت ہی جو
تمام موجودات مین ساری ہے اور بشرط لاشئی مرتبہ
وحدت ہی اور برزخ البرازخ اور عماء بھی ہی اور بشرط
تمام اسماء و صفات کی مرتبۂ الوہیت اور واحدیت ہی اور
مرتبۂ احدیت پر عماء کا اطلاق حدیث کی موافق ہے
ابو رزین عقیلی نی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ

این کان ربنا قبل ان یخلق خلقه فرمود
کان فی عماء ما فوقه هواء و ما تحته هواء
وخلق عرشه علی الماء و عماء را ابر رقیق را گوید
ابن اثیر در نهایه گوید العماء بالفتح والمد السحاب
قال ابو عبید لا یدری کیف کان ذلك
العماء و فی روایة کان عماء بالقصر و معناه
لیس معه شیء انتهی و پوشیده نماند که هر چند در
اصطلاح صوفیه میان احدیت و وحدت و
واحدیت فرق است جامی قدس سره السامی
می فرماید ع هستی بے شرط وحدتش نام داست
ور زانکه بشرط لا است نقش احد است * مشروط بشرط
شئی باشد واحد * میدان که ظهورش ز ازل تا
ابد است * اما شهود وحدت در کثرت و شهود
احدیت در کثرت به یک معنی می نماید که جمیع ذرات
کاینات را مظهر یک وجود دیده شود لهذا خواجه
محمد پارسا در فصل الخطاب آورده که قال بعضهم
انا اعطیناك الکوثر ای معرفة الکثرة
بالوحدة وعلم التوحید التفصیلی وشهود
الوحدة فی عین الکثرة بتجلی الواحد و
هذا التجلی بمنزلة نهر فی الجنة من شرب
منه لم یظمأ ابدا فصل لربك ای اذا

ہمارا رب دنیا پیدا کرنے سے پہلے کہاں تھا آپنے
فرمایا کہ مرتبہ عماء مین تھا جسکے نہ اوپر ہوا ہے اور
نہ نیچے اور اوسنے عرش پانی پر پیدا کیا اور عماء ابر رقیق
کو کہتے ہین ابن اثیر نہایہ مین لکھتے ہین کہ عماء کے معنی
بدلی کے ہین ابو عبید نے کہا کہ معلوم نہین یہ عماء کیسا
تھا اور ایک روایت مین کَانَ عَمَاءً بقصر ہے جسکی
معنی لیس معہ شئی کے ہین انتہی واضح ہو کہ اگرچہ صوفیہ کی
اصطلاح مین احدیت اور وحدت اور واحدیت مین فرق
ہے مولانا جامی قدس سرہ فرماتی ہین کہ وجود بے شرط
وحدت ہے اور مشروط بشرط لا احدیت ہے اور مشروط بشرط
شئی واحدیت ہے اوسی ایک ہی ذات کا ظہور ازل سے ابد
تک سمجھو مگر شہود وحدت در کثرت اور شہود احدیت
در کثرت ایک ہی معنی مین معلوم ہوتا ہے کہ کل ذرات
کائنات کا مظہر ایک ہی وجود دیکھا جائے۔ اسی
واسطے خواجہ محمد پارسا فصل الخطاب مین لکھتے ہین کہ
بعضون نے تفسیر انا اعطیناک الکوثر مین کہا ہے کہ بیشک
ہم نے تمکو کوثر دی یعنی کثرت کی معرفت وحدت
سے اور توحید کا علم تفصیلی ہے اور وحدت کا شہود عین
کثرت مین بہ تجلی واحد اور یہ تجلی بمنزلہ نہر جنت کے ہے
جس نے اس نہر سے پانی پیا کبھی وہ پیاسا نہوا
فصل لربک اپنی پروردگار کی عبادت کر یعنی جب

شاهدت الوحدة فی عین الکثرة فصل	تو عین کثرت مین وحدت کا مشاہدہ کرے تو
بالاستقامة الصلوة التامة بشهود الروح	استقامت سے پوری نماز پڑھ بشہود روح وحضور قلب
وحضور القلب وانقیاد النفس طاعة البدن	واطاعت نفس وجسم ہیاکل عبادات مین کیونکہ درحقیقت
فی هیاکل العبادات فانها الصلوة الکاملة	یہی نماز کامل ہی اور حقوق جمع وتفصیل پوری کرنے
الوافیة لحقوق الجمع والتفصیل انتهی کاشی در	والی انتہی کاشی اپنی کتاب تاویلات مین لکھتے ہین
تاویلات خود آورده که انا اعطیناك الکوثر	کہ ہم نے تم کو کوثر یعنی کثرت کی معرفت بوحدت اور
ای معرفة الکثرة بالوحدة وعلم التوحید	علم توحید تفصیلی اور عین کثرت مین وحدت کا شہود
التفصیلی وشهود الوحدة فی عین الکثرة	دیا انتہی اور ایسا ہی کچھ شیخ روزبہان بقلی نے تفسیر
انتهی وبه همین معنی است آنچه در عرائس آمده الکوثر	عرائس البیان مین لکھا ہی کہ کوثر سے مراد حقیقتا آنحضرتؐ
بالحقیقة استغراقه فی بحر جماله ودنوه	کا اوس بحر جمالی مین استغراق اور اوسکے مراتب قرب مین
فی منازل قربه وله کوثر القلب تجری	آپ کا نزول ہی اور آپ ہی کیلیے کوثر قلب ہی جو انہار
انهار انوار مشاهدة الحق من بحار	انوار مشاہدۂ حق کو دریائی ازلی و ابدی سے جاری کرتی ہی اور
الازل والابد یزید فی کل نفس سواقیها	ہر گھڑی اوسکی روانی بڑھتی رہتی ہے انتہی اور آنحضرتؐ
الی الابد انتهی وحضرت صلی الله علیه وسلم بعد از	صلی اللہ علیہ وسلم بعثت کے بعد سے احدیت در
بعثت در شهود احدیت در کثرت بودند هکذا	کثرت کے مشاہدہ مین رہی یہ اوس کی شرح ہے
ولعل الله یحدث بعد ذلك امرا	شاید اللہ اس کے بعد کوئی اور بات ظاہر کرے۔

قوله المرتبة الثانیة مرتبة التعین الاول وهی علمه تعالی لذاته وصفاته ولجمیع الموجودات علی وجه الامتیاز من غیر امتیاز بعضها عن بعض وهذه المرتبة تسمی بالوحدة والحقیقة المحمدیة

اقول اول مراتب تنزلات ذات بحت تعین	مین کہتا ہون ذات بحت کی تنزلات کی اول مراتب سے
وی است شان کلی جامع مر شیون کونیه والهیه را	اوسکا تعین شان کلی ہی جو جامع تمام شیون الٰہیہ و کونیہ کا ہی

به آن طریقه که خود را به این شان کلی جامع بداند و
صورت علمیهٔ ذات متلبس بآن شان کلی مر او را
حاضر بود بر وجه کلی جملی و این را تعین اول و وحدت
گویند و تنزل وی علماً به تفاصیل این شان کلی
این را تعین ثانی و واحدیت خوانند و بآن طریقه
که خود را به همه شیون الٰهیه کونیه که دران شان کلی
اندراج داشتند به تفصیل بداند این مرتبه را حقیقت
محمدی نامند و بعضے عالم جبروت و صفات گمان
کرده اند چنانچه اول را لاهوت گویند و فرق
میان مرتبتین ظاهر است که در مرتبهٔ اول
محض اطلاق است و در ثانی تمایز ذات و
صفات پیدا آمد گو تنزل بالاجمال است و علیٰ هذا
ظهور و تجلی عبارت است ازان که شی با آنکه ذات
و صفات حقیقت وے محفوظ باشند در مراتب
دیگر هویدا گردد کظهور الملک فی صورة البشر
جامی در تمهید اشعة اللمعات می فرماید که مظهر هر شی
صورت اوست و صورت شے عبارت از امریست
که آن شی بوی معقول یا محسوس شود و ظهور شی
تمیز و تعین وی است چنانکه ظهور جنس مثلاً در مرتبهٔ
انواع تمیز و تعین ویست به تنوعات و ظهور نوع
در مراتب اشخاص تعین و تمیز به تشخصات اوست

اس طرح کہ اپنے آپ کو اس شان کلی جامع سے
جانے اور صورت علمیہ ذات اوس شان کلی سے متلبس
بطریق اجمال کلی اوسکے پیش نظر ہو اسی کو تعین اول
اور وحدت کہتے ہین اور اسکے تنزل علمی کو بتفصیل اس
شان کلی کے واحدیت اور تعین ثانی کہتے ہین اور
اس طریقے سے کہ وہ اپنے آپ کو تمام شیون الٰہیہ اور
کونیہ مین جو اوس شان کلی مین داخل ہین تفصیل سے
جانتا ہے اس مرتبہ کو حقیقت محمدی کہتے ہین اور بعض نے
اسی کو عالم جبروت و صفات بھی گمان کیا ہے جس طرح اول
کو عالم لاہوت کہا ہے اور ان دونون مرتبون مین جو فرق
ہے وہ ظاہر ہے کہ مرتبہ اول مین محض اطلاق ہے اور اس
دوسرے مین تمایز ذات و صفات ظاہر ہوا اگرچہ تنزل
مجملاً ہے اور اسی طور پر ظہور اور تجلی سے مراد یہ ہے کہ شئے
باوجود اسکے کہ اوس کی ذات اور صفات اور حقیقت
محفوظ ہون دوسرے مراتب مین ظاہر ہو جائے جیسے
فرشتے کا انسان کی صورت مین ظاہر ہونا مولانا جامی
تمہید اشعة اللمعات مین فرماتے ہین کہ ہر شئ کا مظہر
اوس کی صورت ہے اور صورت شئ وہ ہے جس سے شئ معقول یا
یا محسوس ہو اور شئ کا ظہور اوسکی تمیز اور اوسکا تعین ہے مثلاً
جنس کا ظہور مرتبہ انواع مین تنوعات سے اوسکی تمیز اور تعین ہے
نوع کا ظہور مراتب اشخاص مین تشخصات سے اوسکا تعین اور تمیز ہے

انتهی و حضرت شیخ اکبر در باب سادس از فتوحات
تجلی اعظم را با دنی مسامحه بحقیقت محمدی تعبیر فرموده
و وجه تعبیر ظاهر آنست که محمد صلی الله علیه وسلم
را باین تجلی اعظم نسبتی خاص است که توان گفت
که آنحضرت تمثال تجلی اعظم در نوع انسانیت
شاعری خوش گفته ؎ تقدیر بیک ناقه نشانید
دو محمل ٭ سلمای حدوث تو و لیلای قدم را

انتہی حضرت شیخ اکبر نے فتوحات کے چھٹے باب مین
تجلی اعظم کو بادنیٰ فرق حقیقت محمدی سے تعبیر کیا ہے
جسکی بظاہر وجہ یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو
اس تجلی اعظم سے ایک خاص نسبت ہے جسکی وجہ
سے کہہ سکتے ہین کہ آنحضرت صلعم نوع انسانی مین تجلی
اعظم کی صورت ہین کسی شاعر نے خوب کہا ہے ؎
تقدیر نے ایک ناقہ پر دو محملین رکھین ایک تیرے
سلمائے حدوث کی اور دوسری لیلائے قدم کی۔

قال فی الفتوحات بدء الخلق الهباء و
اول موجود فیه الحقیقة المحمدیة الرحمانیة
الموصوفة بالاستواء علی العرش الرحمانی
وهی العرش الالهی انتهی و قرینه بر آن که شیخ
اکبر بحقیقت محمدی تجلی اعظم را اراده کرده آنست
که وی را موصوف بالاستواء علی العرش فرمود
اما آن که وی را عرش الهی گفته پس بنا بر آنست
که وی منشأ ظهور مرتبه الوهیت است هذا والله اعلم

فتوحات مین شیخ اکبر نے لکھا ہے کہ مرتبہ ہبا سے پیدائش
کی ابتدا کی گئی اور پہلی جو چیز اوس سے موجود ہوئی وہ حقیقت
محمدیہ رحمانیہ ہے جو مستوی علی العرش ہونے سے موصوف ہے
اور جو عرش الٰہی ہے انتہی اور شیخ اکبر کے اس قول کا قرینہ
یہ ہے کہ اوسکو عرش پر مستوی ہونے سے موصوف
فرمایا ہے لیکن اوسے عرش الٰہی جو کہا تو اس لیے کہ وہ
مرتبۂ الوہیت کے ظہور کا سبب ہے واللہ اعلم

قوله المرتبة الثالثة مرتبة التعین الثانی وهی عبارة عن علمه تعالی لذاته وصفاته
وللجمیع علی وجه التفصیل ولامتیاز بعضها عن بعض وهذه المرتبة تسمی بالواحدیة والحقیقة الانسانیة

اقول مرتبه سوم مرتبه تعین ثانی ست و آن
عبارت است از علم او تعالی مر ذات و صفات
خود و جمیع را بطرز تفصیل با امتیاز بعضی از بعض و
این را مرتبه واحدیت و حقیقت انسانی گویند

مین کہتا ہون کہ تیسرا مرتبہ مرتبۂ تعین ثانی ہے جس
سے مراد ہے اللہ تعالی کا علم اپنی ذات اور صفات
اور جمیع موجودات کا بطریقۂ تفصیل امتیاز کیگر
اسکو مرتبۂ وحدانیت و حقیقت انسانی کہتے ہین

جامی در نقد النصوص می فرماید کہ جمیع آنچہ در
عالم است مفصلا مندرج است در نشأ انسان
مجملا پس انسان عالم صغیر مجمل است از روی صورت
و عالم انسان کبیر است مفصل انتہی قال المحقق
الدوانی فی رسالۃ الزوراء ان النشأۃ
الانسانیۃ مظہر جمیع الاسماء و الصفات
اذ قد جمع فیہا جمیع الحقایق من المجردات
والمادیات و اللطائف و الکثائف من
التفاصیل التی تعرض لہا من آیات الآفاق
والانفس فہو انموذج لجمیع العالم و لذلک
سمی بالعالم الصغیر انتہی و شیخ امان پانی پتی
در مرآۃ الحقیقۃ گویا کہ صورت انسانی احدیت
جمع جامع جمیع تعینات فعلیہ و انفعالیہ است و
اجمال ہمہ مراتب جزئی امکانی ترکیب نمودہ تا
بدان اجزا فیض ہمہ توانند رسید کما ہو من
شان الخلیفۃ و ازین است کہ توجہ و تعشق او
بہر مرتبہ بہمان مناسبت اوست کہ از و در فطرت
او مستور است مثلا توجہ و تعشق او بمرتبہ ملکی بہمان
جزو ملکی اوست کہ در اوست و توجہ و تعشق او
بجمال الٰہیہ بہمان چیزی است از و کہ در اوست
و انسانیت اوست پس توجہ و تعشق ہر مرتبہ کہ

جامی نقد النصوص مین لکھتے ہین کہ عالم مین بالتفصیل
جو کچھ ہی وہ بالاجمال نشأ انسانی مین ہی پس بحیثیت
ظاہر انسان عالم صغیر مجمل ہی اور عالم انسان کبیر مفصل
ہے انتہی محقق دوانی اپنے رسالۂ زوراء مین لکھتے ہین
کہ نشأ انسانیہ کل اسماء و صفات کی مظہر ہے اسلیے کہ
انسان مین کل حقائق مجردات و مادیات و لطائف
و کثائف مع اون تفصیلون کے جو آیات انفس و آفاق سے
اوسکو عارض ہوئے ہین جمع ہوئے ہین تو وہ تمام
عالم کا خلاصہ ہی اِس لیے اوسکا نام عالم صغیر رکھا گیا
انتہی شیخ امان پانی پتی مرآۃ الحقیقت مین لکھتے ہین
کہ صورت انسانی احدیت جمع اور کل تعینات فعلیہ اور
انفعالیہ کی جامع ہی اور تمام مراتب جزئی امکانی سے
مجملاً مرکب کی گئی ہی تاکہ اون اجزاسے سب کو فیض
پہونچا سکے جو خلیفہ کی شان ہی اور اسی لیے ہر مرتبے
اوس کا تعشق اور توجہ اوس کی مناسبت سے ہے
جو اوس کی فطرت مین مستور ہی مثلا اوس کا تعشق و
توجہ مرتبۂ ملکی سے بھی اوس کا جزو ملکی ہی جو اوس مین
موجود ہے اور اوس کا تعشق و توجہ جمال الٰہی سے
بوجہ اوس چیز کے ہے جو اوس مین اوس کی اضافت سے
موجود ہے اور اوسی وجہ سے اوس کی
انسانیت ہے تو جس مرتبے سے توجہ اور تعشق

غالب وست شود بہمان واصل بود وھذا
ھو المراد بالوصول بالمراتب الالھیۃ فی
عین ھذہ النشاۃ الانسانیۃ انتھی وسماعت
دارم از حضرت اوستادی کہ حقیقت عبارت
است از ما یشیر بقولہ انا و من کہ بسبب
تعلق بالبدن حیات است و بسلب آن ممات
و نیز انسان در اصل اسم مردم چشم است و مشتق
از انست ناراً ای ابصرت انتھی گویم انسان
کامل عبارت است از جامع جمیع مراتب الٰہیہ
و کونیہ از عقول و نفوس کلیہ و جزئیہ و طبعیہ
الی آخر التنزلات للوجود و این مرتبہ را بعضی عمائیہ
نیز گفتہ اند بہر مشابہۂ این مرتبۂ کونیہ بمرتبۂ الٰہیہ
ای تعین ثانی اعنی واحدیت و آن را عمائیہ
انسان گویند چہ کہ این مرتبہ برزخ حائلہ است
میان وحدت و کثرت و ظاہر شدہ است حق
دران علما بصفات الخلق از روی تنزل از مرتبۂ
مختصہ بحضرت الحق لاجرم اضافت کردہ شود
باو تعالی انچہ مضاف شود بسوی خلق و یجتنب
عن اضافتہ النقائص الیہ تعالی بوجہ
من الوجوہ ہمچنین این مرتبۂ انسان مرتبۂ
عمائیہ است چرا کہ برزخ است میان این عالم

غالب ہوگا اوسی مین واصل ہوگا اور اس نشاۃ
انسانیہ مین مراتب الٰہیہ کے وصول سے یہی مقصود
ہے انتہے اور مین نے اپنے حضرت استاد مولانا
شاہ تقی علی قلندر سے سنا ہی کہ حقیقت انسانی سے مراد
وہ چیز ہی جسکی طرف انا و من سے اشارہ کیا جاتا ہی جو بسبب
تعلق بدن حیات ہی اور بنفی تعلق ممات اور انسان
در اصل آنکھ کی پتلی کو کہتے اور آنست ناراً سے مشتق ہی
جسکے معنی ابصرت کے ہین انتہی مین کہونگا انسان
کامل وہ ہی جو تمام مراتب الٰہیہ و کونیہ عقول و نفوس کلیہ
جزئیہ و طبعیہ آخر تنزلات وجود تک کا جامع ہو اس مرتبہ
کو بعضون نے عمائیہ بھی کہا ہی بوجہ اس مرتبۂ کونیہ مین
مرتبۂ الٰہیہ کے مشاہدہ کے یعنی تعین ثانی جس سے
مراد واحدیت ہے اوس کو عمائیہ انسان کہتے ہین
کیونکہ یہ مرتبہ وحدت اور کثرت مین برزخ
حائل ہے جس مین حق علماً بصفات خلق
اپنے مرتبۂ مخصوصہ سے تنزل کر کے ظاہر ہوا ہے
اس مرتبہ مین ضروری ہے کہ جو کچھ خلق کی
طرف منسوب ہو وہی حق کی طرف بھی
منسوب ہو اور ناقص چیزون کو اوس کی
طرف منسوب کرنے سے باز رہے اسی طرح یہ مرتبۂ
انسانی مرتبۂ عمائیہ ہے کیونکہ اس عالم

وحق و بہ تحقیق حق سبحانہ متصف گشتہ درین
مرتبہ عیناً بصفات خلق ومحتجب ماند از نقائص
الا آنکہ عمائیۂ ثانیہ مرتبۂ مربوبیت است و عمائیہ
اولی مرتبۂ ربوبیت اینک قدرے ضروری از مسئلہ
علم واجب نیز شنیدنی است امام رازی و امام الحرمین
گویند کہ علم نظری است اما تحدیدش عسیر و طائفہ
از حکما بہ امکان تحدید آن قائل شدہ اند و
صوفیہ گویند کہ بسبب شدت ظہور تحدیدش
ممکن نیست چرا کہ در معرفت شرط است کہ اجلی
از معرف بود و چیزے از علم اجلی نیست الا غیب
ذات و تقدمش برو تقدم شرط است بر مشروط
علی تقدیر المغایرۃ نہ مطلقا و مع ذلک ثابت
نمی شود تقدم نیز مگر بعلم پس آن حقیقتے است
کلیہ کہ آن را نسب و خواص و احکام و عوارض
اند و لوازم و مراتب و اہل نظر گویند کہ علم را
تعریفات شتی اند و ہمہ منظورہ فیہا مختار از ان
این است کہ علم صفتے است کہ موجب تمیز باشد
میان معانی کہ محتمل نقیض نبود و میر سید شریف
گوید کہ احسن تعریفات این است کہ گفتہ اند ھو
صفۃ یتجلی بہ المذکور لمن قامت ھی بہ
پس مذکور شامل معدوم و موجود و ممکن و مستحیل و مفرد

اور حق کے درمیان مین برزخ ہے اور درحقیقت
حق تعالی ذاتاً اس مرتبہ مین بصفات خلق متصف
ہوا اور نقائص سے علیحدہ رہا ہے مگر یہ عمائیۂ ثانیہ
مرتبۂ مربوبیت ہے اور عمائیۂ اولی مرتبۂ ربوبیت اب
بقدر ضرورت مسئلہ علم واجب بھی مختصراً سننے کے لائق
ہے امام رازی اور امام الحرمین کہتے ہین کہ علم حق نظری ہے
لیکن اوسکا محدود کرنا دشوار ہے اور حکما کا ایک گروہ امکان
تحدید کا قائل ہوا ہے اور حضرات صوفیہ کہتے ہین کہ بسبب
شدت ظہور کی اوس کا محدود کرنا ناممکن ہے کیونکہ معرفت مین
شرط ہے کہ وہ معرف سے زائد روشن ہو اور علم سے زیادہ روشن
کوئی چیز نہین سوائے غیب ذاتی کی اور اوسکا تقدم اوس پر
ایسا ہی جیسے شرط کا مشروط پر تقدم بر تقدیر مغایرۃ نہ
مطلقاً اور پھر بھی تقدم نہین ثابت ہوتا مگر بعلم پس وہ ایک
حقیقت کلیہ ہے جسکے نسب و خواص و احکام و عوارض و لوازم
و مراتب بھی ہین اور اہل نظر کہتے ہین کہ علم کی تعریفات
مختلف ہین اور کوئی تعریف اعتراض سے خالی نہین سب سے بہتر
یہ ہے کہ علم ایک صفت ہے جو اون معانی مین جو محتمل نقیض نہین
ہوتے سبب تمیز ہوتی ہے میر سید شریف کہتے ہین کہ سب سے عمدہ
تعریف یہ ہے کہ وہ ایک صفت ہے جسکے سبب سے شئی مذکور
اوس شخص مین جس مین وہ صفت قائم ہے روشن ہو جاتی
ہے پس مذکور معدوم و موجود و ممکن و مستحیل و مفرد

ومرکب وکلی وجزئی است والمعنی انه صفة
تنکشف بها لمن قامت هی به لا لمن هی
من شانه ان ینکر انکشافا تاما لا اشتباه
فیه پس ظن وجهل مرکب واعتقاد مقلد مصیب
خارج گشت چرا که دران انکشاف تام وانشراح
که ازان عقده حل بودنمی شود وحکما گویند که
هو حصول صورة الشئ فی العقل او
الصورة الحاصلة ونزد اہل کشف وتحقیق
لازم نمی آید از تعلق علم بالمعلوم حصول معلوم
در نفس عالم ولا مثاله ای صورته پس مسمی نزد قوم
تعلق خاص است ونسبت او محدثة للذات
از معلوم وشک نیست که آن نسبت متاخره است
از معلوم در تعقل وملاحظه لانها تابعة وراجعة
وازین جا است انچه بعضی گفته اند که علم را دو اضافت
اند یکے بسوے عالم ودیگرے به معلوم پس بتقدیر
حضور مغایرتے نه باشد میان علم ومعلوم الا
اعتباری بل آنجا اضافتے است غیر آن هر دو
وآن اضافت عالم است به معلوم وکانهم
الی هذا اشار وابقولهم العلم صفة
ذات اضافة پس صفت آن علم است واضافت
عالمیة کما صرح فی المقاصد ودلالت دارند

ومرکب وکلی وجزئی سب کو شامل ہے یعنی مطلب یہ کہ
علم وہ صفت ہے جس سے انکشاف شئی اوس شخص کو
حاصل ہو کہ جس میں یہ صفت قائم ہے نہ اوس شخص کو
جس کی شان ہو کہ وہ انکشاف تام کو ذکر کرے جسمیں
شبہہ نہو تو اس سے ظن اور جہل مرکب واعتقاد مقلد مصیب
خارج ہو گیا کیونکہ اسمیں پورا انکشاف وانشراح نہیں ہوتا
جس سے عقدہ حل ہو جاے اور حکما کہتے ہیں کہ وہ صورت شئی کا
عقل میں حاصل ہونا ہے یا خود صورت حاصلہ اور اہل کشف
تحقیق کے نزدیک علم ومعلوم کے تعلق سے حصول معلوم نفس عالم
میں لازم نہیں آتا اور اسکی کوئی مثال یعنی اسکی صورت نہیں
پس مسمی قوم کے نزدیک تعلق خاص ہے اور اوسکی نسبت ذات
کے لیے معلوم سے حادث ہے اور بے شک وہ نسبت تعقل اور ملاحظہ
مین معلوم سے متاخر ہے کیونکہ وہ تابع اور راجع ہے اور اسی سے لیے
بعضوں نے کہا کہ علم کی دو نسبتیں ہیں ایک عالم کیطرف اور
دوسری معلوم کی طرف تو بلحاظ حضوری ہونیکے علم ومعلوم
مین کوئی مغایرت بجز اعتباری ہونیکے نہو گی بلکہ وہان
علاوہ انکے ایک اور نسبت ہے جو اضافت عالم بمعلوم ہے اور گویا کہ
اون لوگون نے اپنے اس قول سے کہ علم ایک صفت صاحب
اضافت ہے اسی طرف اشارہ کیا ہے پس صفت
علم ہے اور نسبت عالمیت جیسا کہ شرح مقاصد میں تصریح
کی گئی ہے اور آیات صریحہ اس پر دلالت کرتی ہین

نصوص آیات بر عموم علم او تعالی بہر شئی کہ معدوم
بود یا موجود جزئی بود یا کلی و علیہا الاعتماد
وآنچہ در استدلال گفتہ اند کہ مقتضی علم ذات
او تعالی است و مصحح معلومیت او ذات معلومات
اند و المانع منتف بر آن وارد می شود کہ عدم المانع
در نفس الامر ممنوع است و نزد ما عدم آن نافع
نیست و حکما در کیفیت علم باری تقریرے
کردہ اند کہ ندائے بلند می کند بر عموم علم لیکن
امام حجۃ الاسلام و ابو البرکات بغدادی گفتہ اند
کہ اکثر متقدمین و متاخرین فلاسفہ انکار کردہ اند
علم او تعالی را در جزئیات۔ فقیر می گوید کہ انکار
شان مر علم جزئیات را اگر در علم حصولی بود متوجہ
بود لاختصاص حصولہا فی الحواس الباطنۃ
الحالۃ فی الاجسام والمختصۃ بہا و بحث
ما اگر در حضوری بود مجال انکار نماند کہ آن موقوف
بر حواس نیست و سلسلۂ زمانیہ غیر متناہیہ کہ
شیئاً فشیئاً از عدم بوجود خارج می شود مع
سلسلۂ غیر متناہیۂ زمان موجود و حاضر
باشد نزد او تعالی بر ہمہ در حد خود از زمان اگر
بعض آن معدوم و غیر حاضر است نزد ما
کاتب الحروف گوید کہ تحقیق مقام آن کہ علم واجب

کہ اللہ تعالی کا علم ہر شے کے ساتھ عام ہے خواہ وہ معدوم
ہو یا موجود جزئی ہو یا کلی اور یہی معتمد علیہ ہے اور یہ جو اسکی
دلیل میں کہا گیا کہ مقتضی یعنی علم جاری کرنیوالی حق تعالی
کی ذات ہے اور اسکی معلومیت کی مصحح معلومات کی ذاتین ہیں
اور مانع معدوم ہے تو اسپر اعتراض وارد ہوتا ہے کہ مانع کا نہ ہونا
درحقیقت ممنوع ہے اور ہمارے نزدیک اوسکا نہونا نافع نہیں اور
حکما نے کیفیت علم باری مین تقریرین کین ہین جو اوس کے
عموم علم کو واضح کرتی ہین لیکن امام حجۃ الاسلام و ابو البرکات
بغدادی کہتے ہین کہ اکثر متقدمین و متاخرین فلاسفہ نے
حق تعالی کے علم جزئیات کا انکار کیا ہے فقیر کہتا ہے کہ اون
لوگون کا انکار خصوصاً علم جزئیات سے اگر صرف علم حصولی
مین ہوتا تو ہو سکتا تھا بوجہ اوس کی خصوصیت سے
حواس باطنہ مین حاصل ہونے کے جو اجسام مین موجود
اور انھین سے مخصوص ہین اور ہماری بحث اگر علم
حضوری مین ہو تو کوئی مجال انکار نہین کیونکہ وہ
حواس پر موقوف نہین اور سلسلۂ زمانیہ غیر متناہیہ
جو رفتہ رفتہ عدم سے وجود مین مع سلسلۂ غیر متناہیہ
کے ظاہر ہوتا ہے حق کے نزدیک سب اپنی حد مین
حاضر و موجود رہتے ہین اگرچہ بعض ہمارے علم
مین معدوم و غیر موجود ہون۔ کاتب الحروف
کہتا ہے کہ تحقیق مقام یہ ہے کہ علم واجب

بر دو گونه است اجمالی تفصیلی اجمالی مبدأ علم
تفصیلی است وخلاف صورت ذہنیه چراکه آن
عبارت است از علم واجب بذات قدسی صفات خود
که مبدء انکشاف تمام عالم است بنقیره وقطمیره
بحیثیتے که دران تمیز تام بود واین نیست مگر ذات
او تعالی وذات او خلاق جمیع مخلوقات و
موجودات است چه ذہنیه وچه خارجیه واز
ذات او تعالی منکشف می شوند تمامه ممکنات
که آن علم تفصیلی است پس او مبدء علم تفصیلی
بود وہمین صفت کمال عین ذات ذوالجلال
است وممکن که در وتساوی وجود وعدم است
ووجود وے راجع بوجود حق است چنانکه اہل
تحقیق از حکما وصوفیه عرفا گفته اند که وجود الممکن
هو بعینه وجود الواجب ووجود واجب
عین اوست پس چون واجب بدانست
ذات خود را دانست جمیع ممکنات را بحسب اتحاد
در وجود میر زاہد در حاشیه منہیه ملا جلال می نویسد
که قد سنح لی علی ان وجود الممکن وجود
قائم بذاته وواجب لذاته دلیل شریف
وهو انه لو کان وجود الممکن قائما به فاما
ان یکون اتصافه به اتصافا انضمامیا او

دو طرح پر ہے اجمالی اور تفصیلی اجمالی مبدء علم
تفصیلی ہے اور صورت ذہنیہ کے خلاف کیونکہ وہ
عبارت ہے علم واجب سے اپنی ذات کے لیے جو
تمام عالم کے انکشاف کا مبدء ہے کمی و زیادتی سے
اس حیثیت سے کہ اوس میں پوری پوری تمیز ہو اور سوائے
ذات باری تعالی کے اور کسی میں نہیں اور اوسکی ذات
تمام مخلوقات وموجودات کی خالق ہے خواہ موجودات
ذہنیہ ہوں یا موجودات خارجیہ اور تمام ممکنات اوسی کی
ذات سے منکشف ہوتی ہیں جس سے مراد علم تفصیلی ہے
پس وہی علم تفصیلی کا مبدأ ہوا اور یہی صفت عین ذات
حق ہے اور ممکن میں وجود اور عدم دونوں برابر ہیں اوسکا
وجود۔ وجود حق کی طرف راجع ہے جیسا کہ حکما محققین
اور حضرات صوفیۂ عارفین نے کہا ہے کہ وجود ممکن بذاتہ
وجود واجب ہے اور وجود واجب اوسکا عین ہے تو جب
واجب نے اپنی ذات کو جانا تو تمام ممکنات کو حسب اتحاد
وجود جانا۔ میر زاہد حاشیۂ ملا جلال میں لکھتے ہیں کہ
مجھے شک ہے اس مضمون پر کہ وجود ممکن وجود قائم
بذاتہ اور اپنی ذات کے لیے واجب ہے ایک
دلیل نفیس واضح ہوئی ہے جو یہ ہے کہ اگر وجود
ممکن اوس کے ساتھ قائم ہو پس اس کا متصف
ہونا یا باتصاف انضمامی ہوگا یا باتصاف

انتزاعیا وعلی الاول یلزم ان یکون قبل
الوجود موجوداً ضرورة ان الاتصاف
یتوقف علی وجود الموصوف وعلی الثانی
لابد له من منشأ الانتزاع هو الوجود
حقیقة فننقل الکلام الیه وبهذا الدلیل
یثبت کثیر من المطالب العالیة کعینیة
الوجود فی الواجب واختصاص الایجاد
به جل وعلا وشمول قدرته وعلمه
تعالی شانه انتهی حاصل آنکه اگر وجود ممکن عین
واجب نبود پس یا عین ماہیت ممکنہ بود یا جزو
آن واین ہر دو باطل اند زیرا کہ کلام در وجود
خاص است کہ متحد است با تشخص و بودنش عین
یا جزو مستلزم است کون الجزئی کلیا واین
باطل است یا خارج بود پس صفت انضمامی بود
واتصاف آن بدان اتصاف انضمامی باشد
یا اتصاف انتزاعی واتصاف آن انتزاعی یا
امر منفصل ازان نہ منتزع ونہ منضم اول باطل است
چہ انضمام شئی فرع وجود منضم الیہ است واین ظاہر
است چہ کہ شئی تا وقتیکہ او لا موجود نخواہد شد
دیگرے بدان چسان منضم خواہد گشت پس
انضمامیت وجود بہ ممکن مقتضی وجود ممکن است

انتزاعی۔ انضمامی ہونے مین یہ بات لازم آویگی کہ
وجود سے پہلے موجود ہو اس لیے کہ اتصاف موصوف
کے وجود پر موقوف ہے اور انتزاعی ہونے مین منشا انتزاع
ہونا ضروری ہے جو حقیقتاً وجود ہی تو کلام اوس کی طرف
منتقل ہو جائیگا اور اس دلیل سے بہت سی مطالب
عالیہ ثابت ہونگے جیسے عینیت وجود بواجب یا خصوصیت
ایجاد بہ باری تعالےٰ یا شمول قدرت وعلم باری تعالےٰ
انتہی خلاصہ اس کا یہ ہی کہ اگر وجود ممکن عین واجب نہو
تو یا عین ماہیت ممکنہ ہوگا یا اوس کا جزو اور یہ دونون
باطل ہین اس لیے کہ کلام وجود خاص مین ہے
جو تشخص سے متحد ہے اور اوس کا عین یا جزو ہونا جزئی
کے کلی ہو جانے کو مستلزم ہے اور یہ بھی باطل ہے
یا وجود واجب سے خارج ہو تو صفت انضمامی ہوگی
اور اوس وجود سے اوس کا اتصاف انضمامی ہوگا
یا اتصاف انتزاعی اور اوس انتزاعی کا اتصاف
یا کسی علیحدہ چیز سے ہوگا جو نہ منتزع ہوگی
نہ منضم۔ اول یعنی انضمام باطل ہے کیونکہ شئے
کا انضمام وجود منضم الیہ کی فرع ہے اور یہ ظاہر
ہے کیونکہ شئے تا وقتیکہ پہلے موجود نہ ہولےگی
دوسری اوس سے کس طرح منضم ہو سکے گی
پس انضمامیت وجود بہ ممکن مقتضی وجود ممکن

قبل الانضمام پس این وجود یا بعینه وجود منضم الیہ
است یا غیر آن بر اول لازم خواہد آمد کون
الوجود قبل الوجود وھذا الدور و بر ثانی
نقل کلام خواہم کرد بسوے وجود مقدم بہ آن کہ
منضم است یا منتزع و انضمام مقتضی وجود منضم الیہ
است قبل منضم لامحالہ لازم خواہد آمد قبل این
وجود نیز وجود و ھکذا الی غیر النہایۃ وھو
التسلسل المحال و بر ثانی نقل کلام بمنشأ انتزاع
خواہم کرد کہ اگر منشأ آن موجود بوجود خارجی بود
فھو الوجود الحقیقی الخارجی وھو المقصود
و اگر غیر بود در وجود غیر نقل کلام خواہم کرد دران لازم
خواہد آمد تسلسل پس متعین گشت این کہ وجود امر
منفصل است و متاخر از ماہیت منسوبۃ الیہا
الوجود نیست چہ کہ وجود مناط موجودیت است
برائے ماہیت والمناط لابد من تقدمہ
علی المنوط و مداخلۃ فیہ وھو لا یکون
الا عینہ لاجرم متعین شد این کہ وجود حقیقی ہمان
علت است و علت حقیقی ممکنات بر تحقیق اہل
تدقیق نباشد مگر واجب تعالی وحدہ و بعد
الروابط والشرائط والحیثیات تصار
الوجود الحقیقی للممکنات عبارۃ عن وجود

قبل انضمام کو ہے تو یہ وجود یا بعینہ وجود منضم الیہ ہے یا
اوس کا غیر بعینہ ہونے مین وجود کا قبل وجود کے
ہونا لازم آویگا اور یہ دور ہے اور دوسرے یعنی غیر
ہونے مین وجود مقدم کی طرف بات منتقل ہوگی مع
اس امر کہ وجود منضم ہے یا منتزع اور انضمام وجود منضم الیہ
قبل منضم مقتضی ہوتا ہے لامحالہ اس وجود سے قبل بھی وجود کا ہونا
لازم آویگا اور اسیطرح لا انتہا تک اور یہ تسلسل محال ہے
دوسرا یعنی وجود کا انتزاع اسمین بھی کلام منشأ انتزاع
کی طرف منتقل ہوگا کہ اگر اوسکا منشا موجود خارجی ہے
تو وہ وجود حقیقی خارجی ہے اور وہی مقصود ہے اور
اگر غیر ہو تو وجود غیر مین بھی کلام نقل کرونگا اوسمین بھی
تسلسل لازم آویگا پس یہ مقرر ہوا کہ وجود ایک علیحدہ
چیز ہے اور ماہیت سے جسکی طرف وجود منسوب ہے متاخر
نہین ہے کیونکہ وجود ماہیت کے لیے موجودیت کا موقوف
الیہ ہے اور مناط کے لیے منوط پر مقدم ہونا اور وجود
کا موجودیت مین داخل ہونا ضروری ہے اور وہ اوس کا
عین ہی ہوتا ہے لہذا ثابت ہوا کہ وجود حقیقی علت ہے
اور علت حقیقی ممکنات حسب تحقیق اہل تدقیق صرف
واجب تعالی ہی ہے ۔ بایصہ روابط و شرائط
حیثیات کے پس وجود حقیقی ممکنات
کے لیے وجود ذات باری سے مراد ہوگا

ذاته عزّ شانه هذا هو المقصود و وجود بر
دو معنی است انتزاعی و آن امرے اعتباری ست
اتحاد او با چیزے از موجودات عینیه صحیح نیست
ورنه لازم آید که اعتباری اعتباری نماند دیگر
وجود حقیقی که منشاء انتزاع وجود مصدری است
و آن آنکه بر و آثار مترتب بوند و آن در واجب
عین ماهیت است بمعنی آن که بذاتها مبدأ آثار
است و همین وجود حقیقی است و لهذا قابل عدم
نبود و در ممکن غیر ماهیت است من حیث هی
هی فقیل هو المهیة من حیث انها محصلة
بمعنی ان الماهیة نفسها بعد جعل الجاعل
تصیر مبدأ للاثار و قیل صفته انضمامیة
و قیل انتزاعیة قیل هو ذات الواجب
سبحانه و هکذا الی عشرة مذاهب کما
فصل فی موضعه پس غرض میرزا هد آن ست
که وجود حقیقی ممکن بعینه وجود واجب است نه باین
معنی که مر ممکن وجودی بود و واجب را وجودی آخر
بعد ازان باهم متحد بوند بل بمعنی ان الاثار
علی الممکن بحسب الظاهر مترتبة حقیقة علی
ذات الواجب فیکون ذاته تعالی بعینها
وجود الممکن و مبدء آثاره فثبت هذا الوجود

اور یہی مقصود ہے اور وجود دو معنوں پر ہی ایک
انتزاعی جو ایک اعتباری امر ہے جسکا اتحاد کسی وجود
سے ذاتاً صحیح نہین ورنہ پھر اعتباری نہ رہیگا دوسرا
وجود حقیقی جو منشأ انتزاع وجود مصدری ہے اور وہ یہ
ہے کہ آثار اوس پر مرتب ہون اور وہ واجب مین
عین ماہیت ہے اس معنی مین کہ ماہیت بذاتہ مبدأ آثار
ہے اور یہی وجود حقیقی ہے اور اس لیے وہ قابل
عدم نہین اور ممکن مین غیر ماہیت من حیث الذات
ہے بعض کہتے ہین کہ وہ اس حیثیت سے ماہیت
ہے کہ محصلہ ہے اس طرح کہ ماہیت اوس کی
ذات ہے جو بعد جعل جاعل وہ مبدء آثار
ہوجائے گا اور بعض کہتے ہین کہ صفت انضمامیہ
ہے اور بعض کہتے ہین کہ انتزاعیہ ہے اور بعض
کہتے ہین کہ وہی ذات واجب ہے اسی طرح دس
مذہب ہین جو مفصلاً بجائے خود مذکور ہین پس میرزا ہد
کی غرض یہ ہے کہ وجود حقیقی ممکن بعینہ وجود واجب
ہے نہ یہ کہ ممکن کا علیحدہ وجود ہے اور واجب کا علیحدہ
جو بعد کو باہم متحد ہوگئے بلکہ یہ معنے ہین کہ آثار ممکن
بحسب ظاہر حقیقتاً ذات واجب پر مترتب ہین
تو ذات واجب بعینہ وجود ممکن اور اوسکے
آثار کا مبدا ہوگی تو ثابت ہوا کہ هر

الی کل ممکن لارتباط خاص له سبحانه یترتب	ممکن مین بوجہ اوس خاص ربط کے جو اوس کو
علیه الآثار التی یفیضها ذلک الارتباط	حق سے ہے یہ وجود ہے اور اوسی پر وہ آثار مترتب
ولیس له وجود علیحدة قائمة بهیته یکون	ہوتے ہین جو اس ارتباط پر اضافہ کیے جاتے ہین
مبدء الآثار المرتبة علیه حقیقة والا لکان	اوس کے لیے کوئی علیحدہ وجود ماہیت سے قائم نہین
وصفا قائما بها قیاما انضمامیا او انتزاعیا	جو اون آثار مترتبہ کا مبدء ہو اور اگر ایسا نہو تو اوس کا
وهما باطلان ویندفع ما یتوهم ان وجود	وصف ہوگا جو اوس مین بقیام انضمامی یا انتزاعی قائم
الممکنات لو کان هو وجود الواجب بعینه	ہوگا اور یہ دونون باطل ہین اور یہ وہم بھی رفع
کان الحمل صحیحا بین الممکن والواجب وبین	ہو سکتا ہے کہ وجود ممکنات اگر بعینہ وجود واجب ہو
کل ممکنین لتحقق مناط الحمل وهو الاتحاد	تو قیاس ممکن واجب اور ہر دو ممکنون مین صحیح ہوگا کیونکہ
فی الوجود وذلک لان تغایر الارتباطات	قیاس کا موقوف الیہ اتحاد فی الوجود ہی اور یہ اس لیے کہ
أب عن صحة الحمل بین الممکنات انفسها و	ارتباطات کی مغایرت صحت قیاس سے ممکنات مین ذاتاً
اما بین الواجب والممکن فلیس فیها وحدة الوجود	منکر ہی لیکن واجب اور ممکن مین تو اون مین وحدت
لان الواجب تعالی هو نفس الوجود بخلاف	وجود نہین اس لیے کہ واجب تعالی ہی نفس وجود ہے
الممکن فانه لا وجود له حقیقة عند التحقیق	بخلاف ممکن کے کہ اوسکے لیے اہل تحقیق کی نزدیک حقیقتاً
بل ینسب الیه وجود الواجب مسامحة	کوئی وجود ہی نہین ہی بلکہ وجود واجب کو خلاف ظاہر اوسکی طرف
فلا یکون ذو الوجود حقیقة لان الواجب	منسوب کرتی ہین تو ممکن کا حقیقتاً وجود ہی نہین اسلیے کہ واجب اور
والممکن موجودان بوجود واحد ومناط	ممکن ایک وجود سے موجود ہین اور قیاس مقتضی اسکو ہی نہ اوسکو لیکن
الحمل هذا لا ذاک واما عینیة وجود الواجب	عینیت وجود واجب ماہیت کیلیے تو اوسمین بھی وہی دلیل بعینہ
للماهیة فلجریان الدلیل بعینها کما فی الممکن وعدم	جاری ہوگی جو ممکن مین ہی اور انضمام فصل کا جنس کے
جواز انضمام الفصل الی الجنس لبساطة الثانی	لیے جائز نہ ہونا بوجہ بساطت جنس کے ذہناً اور
ذهنا وخارجا واما اختصاص الاتحاد به	خارجاً ہے لیکن اتحاد کی خصوصیت اوس سے

متن	ترجمہ
فلان الممکن لما لم یکن موجودًا فی نفسه	اس لیے ہے کہ جب ممکن فی نفسہ موجود نہوگا تو اپنے غیر
ممتنع ان یکون موجدًا لغیره واما شمول	کا موجد بھی نہوگا اور اوسکے علم اور قدرت کا شمول اس
علمه وقدرته فلان کل ممکن معلوم و	طرح ہی کہ ہر ممکن اپنے پیدا کرنے والے کا معلوم و مقدور ہے
مقدور ما وحده والعلم والقدرة لما	اور علم و قدرت بوجہ آثار وجود حقیقی ہونے کے واجب
کان فی آثار الوجود الحقیقی المختص به	تعالی سے مخصوص ہین اوس کے غیر مین ثابت نہین اور
تعالی ولا یتحقق فی غیره ولم یکن شیء	اوسکے علم سے کوئی چیز خارج نہین اور علم تفصیلی کے
خارجًا عن علمه واما علم تفصیلی پس سید هروی	بارے مین سید ہروی منہیہ مین لکھتے ہین کہ علم تفصیلی
در منهیه می نگارد که مراتبه اربعة احدها	کے چار مراتب ہین پہلا وہ جس کو شریعت مین نور اور
ما یعبّر عنه بالقلم والنور والعقل فی الشریعة	عقل اور قلم کہتے ہین اور صوفیہ کے نزدیک عقل کلی
وبالعقل الکلی عند الصوفیة وبالعقول	اور حکما کے نزدیک عقول کہتے ہین تو قلم مع اپنی کل
عند الحکماء فالقلم حاضر عنده تعالی	چیزون کے باری تعالے کے نزدیک حاضر ہے اور
مع ما یکون فیه والثانی ما یعبر عنه	دوسرا وہ جسے شریعت مین لوح محفوظ اور صوفیہ
باللوح المحفوظ فی الشریعة وبالنفس الکلیة	کے نزدیک نفس کلیہ اور حکما کے نزدیک نفوس
عند الصوفیة وبالنفوس الفلکیة المجردة	فلکیہ مجردہ کہتے ہین تو لوح مع اپنی تمام صور کلیات
عند الحکماء فاللوح حاضرة عنده تعالی	کے جو اوس مین موجود ہین باری تعالے کے
مع ما فیه من صور الکلیات وثالثها ما	پاس حاضر ہے۔ اور تیسرا وہ جسے شریعت
یعبر عنه بکتاب المحو والاثبات فی	مین کتاب المحو والاثبات۔ اور حکمت مین
الشریعة وبالنفوس الفلکیة المنطبعة فی	نفوس فلکیہ منطبعہ کہتے ہین جو وہ قوائے
الحکمة وهی القوی الجسمانیة التی تنتقش	جسمانیہ ہین جن مین صور جزئیات مادیہ
فیها صور الجزئیات المادیة وهی النفوس	منتقش ہوتی ہین اور یہی اجسام علویہ مین
المنطبعة فی الاجسام العلویة فهذه القوی	نفوس منطبعہ ہین۔ تو یہ قوی ہین

مع ما فیها من النقوش حاضرة عندہ
تعالی و رأیها سائر الموجودات الخارجیة
والذهنیة الحاضرة عندہ تعالی انتهی
حاصل آنکه علم تفصیلی و تعالی بجمیع اشیاء خارجیه
و ذهنیه و کلیه و جزئیه حاضره و حاصله مستقله و
مادیه و مجرده از جواهر و اعراض علم حضوری است
بهر استحاله قیام صورت در حق تعالے واما آنچه
متاخرین گفته اند که الله تعالی مادی و متغیر نیست
من حیث هو مادی و متغیر چرا که ادراک
جزئیات مادیه بحیثیت الاقتران بالمادة
احساس و تخیل است و این هر دو بغیر آله جسمانی
نه بوند و همچنین علم بجزئیات متغیره از وجه وقوع
آن در ماضی و مستقبل و حال که موجب تغیر علم است
اما ادراک آنها از حیثیت عدم اقتران بالمادة مثل
علم منجم به کسوف جزئی و ادراک آنها لا من حیث
وقوعها فی الازمنة بل مع الازمنة آن
برای او تعالی ثابت است من غیر لزوم شیء
من الامرین گویم این حصر در هر دو باطل است
و قیاس غائب بر شاهد مفید نیست و انیکه ادراک
جزئیات متغیره من حیث وقوعها فی الازمنة
المعینة موجب تغیر علم است هیچ نیست چه تخصیص

مع اپنے تمام نقوش کے باری تعالے کے سامنے
حاضر ہین اور جو یعنی تمام موجودات خارجیہ اور ذہنیہ
کا (علم تفصیلی) جو باری تعالے کے حضور مین حاضر
ہین انتہی خلاصہ یہ کہ حق تعالے کا علم تفصیلی کل اشیا
خارجیہ و ذہنیہ و کلیہ و جزئیہ حاضرہ و حاصلہ مستقلہ
مادیہ و مجردہ جواہر و اعراض کے ساتھ علم حضوری ہے
بوجہ حق تعالی مین قیام صورت کے محال ہونے کے
اور یہ جو متاخرین نے کہا ہے کہ اللہ تعالی مادی اور
متغیر نہین بحیثیت اوس کے مادی اور متغیر ہونے کے
کیونکہ جزئیات مادیہ کا ادراک بحیثیت اقتران بالمادہ
احساس اور تخیل ہے اور یہ دونون بغیر جسمانی آلہ کے
نہین ہوتے ایسے ہی جزئیات متغیرہ کا علم بھی بوجب
اوس کے ماضی و مستقبل و حال مین واقع ہونے کے جو
تغیر علم کا سبب ہے لیکن اون کا ادراک بحیثیت عدم
اقتران بمادہ کے ایسا ہے جیسے نجومی کا علم و ادراک
بہ کسوف جزئی نہ بحیثیت اوس کے زمانون مین وقوع
کے ہے بلکہ زمانون کے ساتھ ہے اور وہ حق تعالے
کے لیے بلا ان امور کے لزوم کے ثابت ہے مین کہونگا کہ یہ حصر
دونون مین باطل ہے اور غائب کا قیاس حاضر پر مفید نہین ہے
اور یہ کہ جزئیات متغیرہ کا ادراک بحیثیت اوسکے زمانہ معینہ
مین واقع ہونیکے تغیر علم کا سبب ہے کچھ نہین کیونکہ تخصیص

حکم بہ جزئیات وجہی ندارد چرا کہ لازم ازین آن است
کہ او تعالی متغیر را نداند من حیث انہ متغیر
سواء کان جزئیا او لا ولذا عمم الحکم فی الشفاء
وتحقیق این آن است کہ چون ذات واجب زمانی
نیست بمعنی حادث فی الزمان اگرچہ مقارن
با او ست نزد حکما پس جمیع ازمنہ نزد او تعالی
حاضر باشند ہمچو خط ممتد حاضر بجمیع اجزائہ پس
بداند او تعالی ہر متغیر واقع فی زمانہ را چنانکہ میداند
ہر شئی را در مکان او و تقدم و تاخر در حادث
است نہ نسبت بعض با بعض بہ نسبت ذات
اقدس وے تعالی و چون ذات حقہ زمانی
نیست بلکہ محیط و عالم است بر زمان علم آنحضرت
نیز زمانی نہ بود بلکہ محیط بجمیع ازمنہ دفعۃً واحدۃً
ازلاً و ابداً و ہر جزو از اجزائی زمان و حوادث
واقعہ دران بہمان وجہ کہ واقع است مشاہدہٴ
او ست و سر آن این کہ چون ذات حق بلکہ امور
متقدمہ بر زمان مطلقاً محاط زمان نیستند
بلکہ محیط پس ازمنہ نسبت بہ ایشان نہ بوند زیرا کہ
زمان فرع حرکت است و حرکت ناشی از قوت
و قوت ملتزم عدم بالقوہ و عدم در ساحت وجود
حقیقی بلکہ در حریم مجردات راہ ندارد پس از ازل تا ابد

حکم بالجزئیات کی کوئی وجہ نہین کیونکہ اس سے یہ لازمی
ہے کہ حق تعالے متغیر کو بحیثیت متغیر نہ جانے خواہ وہ
جزئی ہو یا نہو اور اسی واسطے یہ حکم کتاب شفا مین عام
کیا گیا ہے جس کی تحقیق یہ ہے کہ جب ذات واجب
زمانی بمعنی حادث فی الزمان نہین ہی اگرچہ حکما کے
نزدیک اوس کی مقارن ہی تو تمام زمانے باری تعالیٰ
کے نزدیک حاضر ہونگے جیسے لانبا خط اپنے تمام اجزاء
کے ساتھ حاضر ہی پس حق تعالی ہر متغیر زمانی کو جانتا ہے
جیسے ہر چیز کو اوس کی جگہ پر جانتا ہے اور حادث مین تقدم
اور تاخر بہ نسبت بعض از بعض کے ہے نہ بہ نسبت ذات
باری تعالی کے اور جب ذات حق زمانی نہین بلکہ محیط
اور زمانہ کی عالم ہے تو علم حق تعالی کا بھی زمانی نہوگا
بلکہ اوس کا علم بیک دفعہ کل زمانون پر ازلاً ابداً محیط
ہے اور ہر جز و اجزاے زمان اور اجزاے زمانی سب
اوس کے مشاہدہ مین ہین اوس کا سر یہ ہے کہ جیسے
ذات حق بلکہ امور متقدمہ زمانہ پر مطلقاً زمانے کے محاط
نہین ہین بلکہ محیط ہین تو زمانیات اون سے منسوب
نہ ہونگے اس لیے کہ زمان حرکت کی فرع ہے اور
حرکت قوت سے پیدا ہے اور قوت عدم بالقوہ کو
مستلزم ہے اور عدم کا میدان وجود حقیقی بلکہ حریم
مجردات مین گذر نہین تو ازل سے ابد تک

بہ یک دفعہ محاط علم الٰہی است وہیچ چیز از و غائب نیست
و ماضی و استقبال بہ لشکر قاصرۂ عالم امکانی
بلکہ عالم ہیولانی است کہ بہ شعب عدم ممزوج است
آنجا کہ محض ہستی و کمال است غبار عدم را ہیچ
وجہ راہ نیست ؎ در علم خدا ماضی و مستقبل و حال
آن کس گوید کہ او نداند احوال ٭ اینہا ہمہ محبوس
زمان می گوید ٭ از قید خود افتادہ در ضیق مقال ٭
مولانا قطب الدین رازی در محاکمات گفتہ است
کہ مراد حکما آن ست کہ علم حق زمانی نیست و
در حق او ماضی و مستقبل و حال تصور نتوان کرد
بلکہ امتداد زمان با حوادث کہ مقارن اجزائے
اوست بیک دفعہ نزد او تعالیٰ حاضر است و
ہمہ نسبت با و متساوی و چون خواہی کہ این معنے
را نیک دریابی زمان را ریسمانے فرض کن کہ
ہر جزو او برنگے باشد اگر مورے متحرک او را مشاہدہ
کند ہر وقت رنگے ظاہر شود و رنگے غائب و اگر تو
مشاہدہ کنی ہمہ را بیک نظر توانی دید و محقق
طوسی در شرح اشارات ہم درین معنی امرے
گفتہ و کاتب الحروف می گوید کہ از تحقیق سابق ہم
کہ در ہر دو قسم علم باری گفتہ آمد کہ وجود ممکنات
بعینہا وجود واجب است پس چہ مجال پرسش

بہ یک دفعہ علم الٰہی مین محاط ہے کوئی چیز اوس سے
غائب نہین ماضی اور استقبال بہ لشکر قاصرہ عالم
امکانی بلکہ عالم ہیولانی ہے جو آمیزش عدم سے مخلوط
ہے جہان محض ہستی و کمال ہے وہان عدم کا دخل
نہین ؎ خدا کے علم مین ماضی و مستقبل و حال ہونا وہ
شخص کہتا ہے جو حالات سے ناواقف اور زمانہ کے
ساتھ مقید اور اپنی قید سے گفتگو مین تنگ ہے مولانا
قطب الدین رازی نے محاکمات مین لکھا ہے کہ حکما
کا یہ مقصود ہے کہ حق کا علم زمانی نہین ہے اوس کے
متعلق ماضی اور مستقبل اور حال کا خیال ہی نہ کرنا چاہیے
بلکہ امتداد زمان با حوادث جو اوس کے اجزا کے مقارن
ہین بیک دفعہ باری تعالےٰ کے روبرو حاضر ہے اور
سب نسبتین اوس سے برابر ہین اگر اس مضمون کو اچھی
طرح سمجھنا چاہو تو زمانے کو دھاگے کی طرح فرض کرو
جس کا ہر جزو ایک نئے رنگ کا ہے اگر چیونٹی اوس پر
چل کر اس کا مشاہدہ کرے تو ہر وقت اوس سے ایک
نیا رنگ ظاہر ہو اور دوسرا رنگ غائب اور اگر تم دیکھو
تو سب کو ایک حالت پر دیکھ سکتے ہو محقق طوسی نے
اشارات کی شرح مین بھی اسی مضمون کو لکھا ہے کاتب الحروف
کہتا ہے کہ تحقیق سابق سے جو اقسام علم باری تعالےٰ کے متعلق
کہی گئی کہ وجود ممکنات بعینہ وجود واجب ہین پس پوچھ گچھ

و وجود گفتگو است و علاوه ازین نه دانستن
واجب تعالی جزئیات را بروجه جزئی نیز بعید از
حق است درحالیکه قول مسلم است که تمامه موجودات
فائضند از فیاض حقیقی جل مجده فیضان او
ازو منفک نیست از انکشاف موجودات نزد
او تعالی حق صریح همان است که چون علم او تعالی
نه مکانی است نه زمانی لهذا نسبت علمش بسوی
جمیع امکنه و ازمنه علی السوا بود انتهی ـ و در
لوائح الانوار است که علم صفتی واحد است که
بدان ادراک جمیع معلومات کرده می شود و بهر هر
معلوم علمی نیست بلکه علم نفس تعلق عالم است به
شئی که مغایر عالم است بالذات یا بالاعتبار و تعلق
نسبت عدمی است که او را وجود نیست معلومات
حاضر اند نزد او تعالی یراها فی جمیع الوجوه
بعلم واحد والاختلاف الی المعلومات
لا الیه سبحانه و علم محدث چنین نبوده است
بلکه او مقید است بالزمان فالانکشاف له
تعالی لیس بحصول المعلوم ولا مثاله بل
بذوات المعلومات و لوازمها من الصفات
الحقیقیة والاعتباریة وجوداً و عدماً انتهی
اگر پرسی که تعلق بالمتنفات بهمین معنی چگونه

اور گفتگو کی کیا ضرورت باقی رہی اس کے علاوہ واجب
تعالے کا جزئیات کو بطریق جزئی نہ جاننا بھی حق سے
بعید ہے درانحالیکہ مسلمہ قول ہی کہ تمام موجودات فیاض
حقیقی جل مجدہ سے فائض ہیں اور اوس کا فیضان اوس سے
علیحدہ نہیں انکشاف موجودات سے باری تعالے کے
نزدیک صاف تو یہی ہے کہ چونکہ علم حق نہ مکانی ہے
نہ زمانی لہذا تمام مکانوں اور زمانوں سے اوس کی علم
کی نسبت برابر ہوگئی انتہی اور لوائح الانوار میں ہی کہ علم
ایک صفت ہے جس سے تمام معلومات ادراک کیے
جاتے ہیں اور ہر معلوم کے واسطے کوئی علم نہیں ہی بلکہ
علم سے مراد عالم کا نفس تعلق شئی سے ہے جو بالذات عالم
کے مغایر ہے یا بالاعتبار اور تعلق نسبت عدمی ہے جو
موجود نہیں اور تمام معلومات باری تعالے کے روبرو
حاضر ہیں وہ اون کو بسبب علم واحد بجمیع الوجوہ دیکھتا
ہے اور معلومات میں اختلافات ہیں نہ کہ باری تعالے میں
اور محدث کا علم ایسا نہیں ہے بلکہ وہ زمانہ سے مقید
ہے پس حق تعالے کو انکشاف بسبب حصول
معلوم اوس کی مثال نہیں ہے بلکہ بذات و لوازم
معلومات صفات حقیقیہ اور اعتباریہ سے ہیں
وجودی ہوں یا عدمی انتہی ـ اگر پوچھو
کہ علم کا تعلق متنفات سے اس طرح کیسے

متن	ترجمہ
می تواند شد چہ کہ آن رانہ ذوات اند بلکہ آن عدمات	ہو سکتا ہے کیونکہ اون کی ذاتین اون کی نہین ہین
محضہ اند فی انفسہا پس چہ معنی انکشاف خواہند	بلکہ وہ بالذات معدوم محض ہین تو پھر انکشاف کے
بود درین وقت وحالانکہ اہل حق متفق اند	کیا معنے ہون گے حالانکہ اہل حق اس بات پر متفق
برین کہ علم او تعالی اعم از قدرت اوست متعلقۃ	ہین کہ علم حق اوس کی قدرت سے عام ہی کہ واجب و
بالواجب والممکن والممتنع بخلاف قدرتہ	ممکن و ممتنع سی متعلق ہے بخلاف قدرت کے جو ممکن
کہ آن متعلق نیست الا بالممکن جواب ممتنعات	کے سوا کسی سے متعلق نہین تو جواب یہ ہی کہ ممتنعات
خارجیہ وکذا رویۃ اللہ بصورۃ مالہا موطن	خارجیہ اور اسی طرح رویت حق ایسی صورت سے
الا القوۃ المتخیلۃ المقول لہا الخیال المتصل	جس کی قوت متخیلہ کے سوا کوئی جگہ نہین جس کو محققین خیال
عند المحققین ولاشک ان القوی الحالۃ	متصل کہتے ہین اور بے شک وہ قوت جو اجسام مین موجود
فی الابدان والصور المرتسمۃ فیہا معلومۃ	ہے اور صورتین اوس مین چھپتی ہین حق کے علم مین
للحق مع امتناع الصور اذ لیس لہا صور فی	با متناع صور ہین اس لیے کہ اوس کے لیے بذاتہ صورتین
انفسہا اذ لیس لہا ثبوت نفسی کما للممکن	نہین ہین کیونکہ اون کے لیے ثبوت نفسی نہین ہے
المعدوم حین عدمہ ولا اوسع شیٔ فی	جیسا کہ ممکن معدوم کے لیے اوس کے معدوم ہونے کے
القوی من الخیال فاتضح الشان ترتسم	وقت اور قوتون مین خیال سے زیادہ کوئی چیز وسیع
فیہ صور لا ثبوت لہا فی الخارج ولا فی	نہین تو تمکو یہ ظاہر ہو گیا کہ خیال مین وہ صورتین چھپتی ہین
العقل اذ العقل لا یدرک الا بالات ہذہ	جن کا ثبوت نہ خارجی ہوتا ہے نہ عقلی اسلیے کہ عقل ان قوی
القوی فی موطن الصور الحالۃ فیدرکہا	کے آلات ہی سے مواطن صور حالہ مین ادراک کرتی ہے
العقل من ہذا الوجہ لان المحال لہ صور	تو عقل اوس کو اسی وجہ سے ادراک کرتی ہے نہ یہ کہ اس کا
معقولۃ اذ المعقولات لہا صور ثبوتیۃ فی	محال صور معقولہ ہین کیونکہ معقولات بذاتہ صور ثبوتیہ
انفسہا وان لم تکن موجودۃ فی الخارج حین	ہین اگرچہ ادراک عقل کے وقت موجود
ادراک العقل لہا انتہی وانتقالات عالم و	فی الخارج نہون انتہی اور عالم کے تغیرات اور

تجدد نوازل و حدوث اوصاف مورث این همه علم واجب نمی تواند شد چرا که راسخین فی العلم گفته اند که عالم بجمیع تقالیبه حاضر است نزد او تعالی پس اعیان و احوال آنها بر صورتیکه تواند شد در آن مشهود و معلوم او تعالی اند پس هرگاه ایجاد کرد حق سبحانه اعیان و احوال آن را ایجاد کرد آنها را با اماکنها و ازمنتها و اعتباراتها منکشفة عنده تعالی و یکشف الله تعالی شیئا بعد شئ الی ما لایتناهی علی التوالی پس حدوث راجع از بعض است به بعض مثلاً شخص واحد را صورتی است در صبا و صورتی در شباب و صورتی در هرم و هر یک ازین غائب اند از دیگرے پس ماضی و مستقبل و حال حاضر اند نزد او فلا یتصف علمه بهذه الازمان و علم او تعالی عین ذات اوست صدقاً و مغایر آن مفهوماً و آن را اعتبارات غیر متناهی اند علی حسب معلوماتها فیصح ان یقال انه صفته ای امر قائم بذاته تعالی قیاماً انتزاعیا و امر محمول علی الذات بحسب التغایر فی المفهوم ینکشف به الاشیاء عند تعلقه بها و تعلق یوجب الانکشاف فانه

تجدد حالات و حدوث اوصاف یہ سب علم واجب کے مورث نہین کیونکہ حضرات صوفیہ نے کہا ہے کہ عالم مع تمام تغیرات کے باری تعالے کے روبرو حاضر ہے تو اعیان اور اون کے حالات جس صورت پر ہون باری تعالی کے مشہود اور معلوم ہین تو جس وقت حق تعالی نے اعیان اور احوال کو پیدا کیا تو مع اون کے اماکن و ازمنہ و اعتبارات کے ایجاد کیا جو حق تعالی پر منکشف ہین اور اللہ ایک چیز کے بعد دوسری چیز پے در پے بے نہایت ظاہر کیا کرتا ہے پس حدوث بعض سے بعض کی طرف راجع ہے مثلاً ایک شخص کی ایک صورت لڑکپن مین ہوتی ہے اور ایک صورت جوانی مین اور ایک صورت بڑھاپے مین اور انہین سے ہر ایک دوسری سے غایب ہو جاتی ہے پس صور ماضیہ و مستقبلہ و حال اوس کے علم مین حاضر ہین تو اوس کا علم زمانی نہین ہو سکتا اور علم حق اوسکا عین ذات یقینا اور اوس کا مغایر مفہوماً ہے جس کے اعتبارات اوس کے حسب معلومات بے انتہا ہین پس یہ کہنا صحیح ہوگا کہ وہ اوس کی صفت ہے یعنی ذات باری تعالے مین قائم ہے اور قیام اوس کا انتزاعی ہے اور ذات پر بحسب تغایر مفہوم محمول ہی اشیاء اوسی سے منکشف ہوتی ہین جب وہ اوس سے متعلق ہوتا ہے یا ایسا تعلق جو انکشاف کا باعث ہوتا ہے تو اوس کو

من حيث انه يوجب التجلي والانكشاف	بحيثيت اوس كے سبب تجلى وانكشاف ہونے كے علم
يقال له العلم وانه مبدء في عالم الانوار للصور	كہتے ہين جو عالم انوار مين اون صور مجردہ كا مبدء ہے
المجردة القائمة بذواتها ووجودها في	جو اپنى ذات مين قائم ہين اور اون كا وجود بذاتہ علم
انفسها هو وجوده له تعالى فعلاً كما ان	بارى تعالى كا وجود فعلى ہے جيسے وجود اعراض بذاتہ
وجود الاعراض في انفسها هو وجودها في	اپنے محل مين بہ حيثيت قبول اوس كا وجود ہين تو يہ صحيح
محالها قبولاً فيصح ان علمه تعالى صور قائمة	ہوگا كہ علم واجب تعالى صور قائمہ بذاتہا ہين يعنى
بذواتها اى مرتبة التفصيل وان يقال	مرتبۂ تفصيل مين اور اگر كہا جائے كہ علم حضورى كے
انه حضورى بمعنى ان الاشياء منكشفة	يہ معنى ہين كہ اشيا اوس كى ذات كے ليے منكشف
لذاته من غير ارتسام شيء فيه لان الذوات	ہين بلا كسى چيز كے اوس مين چھپ جانے كے كيونكہ ذوات
المقدسة والجواهر المجردة مع ما فيها	مقدسہ اور جواہر مجردہ مع اپنى تمام صفات اور اعتبارات
من الصفات والاعتبارات ولواحقها	اور لواحق كے اللہ تعالى كو بعلم بسيط جو مبدء تفصيل ہے
حاصلة له تعالى بالعلم البسيط الذى هو	حاصل ہين اور يہ كہ وہ صريحاً عين ذات اور مفهوماً غير
مبدء للتفصيل وانه عين الذات اى	ذات ہے يا يہ كہ وہ مفهوماً اوس كا عين ہے اور نہ صريحاً
صدقاً وانه غيره اى مفهوماً وانه لا عينه	غير انتہى اور بعض رسائل مين ہے كہ علم بارى تعالى كے
اى مفهوماً ولا غيره اى صدقاً انتهى وفى	ليے اون تمام چيزون كے ساتھ جن كا جاننا صحيح ہو
بعض الرسائل ان علمه تعالى له تعلقات	تعلقات ازليہ ہين اور بوجہ متجددات تعلقات
ازلية بكل ما يصح ان يعلم وتعلقات	متجددہ ہين بحيثيت اون كے ازمنۂ معينہ مين واقع
متجددة بالمتجددات من حيث وقوعها	ہونے كے اور تغير تعلقات واضافات اوس
في ازمنة معينة والتغير في التعلقات	كے كمال كو مضر نہين اس ليے كہ اس سے
والاضافات لا يضر بكماله لان ذلك التغير	اوس كى ذات مين كوئى نقصان
والتجدد ليس بنقصان في ذاته لان كماله	لازم نہين آتا كيونكہ اوس كا كمال

التام یقتضی ان یکون المتجدد حاصلاً
فی الازل لنقصان ذلک المتجدد کما ان
الممتنع لا یتعلق به القدرة لنقصان الممتنع لا
لنقصان فی ذاته تعالیٰ وقدرته وکذا
سائر المحالات العقلیة قال المحقق الدوانی
فی الزوراء فی جمیع ما ذهب الیه المتکلمون
والحکماء فی العلم قاصر لعدم اطلاعهم
علی جلیة الامر فقد ثبت علمه تعالیٰ
بالبرهان کما ثبت بالقرآن حتی تری
هذه الصفة وکذا سائر الصفات فی
العالم علی حسب قابلیة کل شیء من العالم
اما تری الی النحل کیف یثبت بیتا مسدساً
یتحیر العقل فیه فلیس لها هذا الا بعلم
اعطاها الله ایاها هکذا سایر الحیوانات
بل الجمادات فان التسبیح لا یکون الا من علم انتهیٰ

نام اس بات کا مقتضی ہے کہ متجدد ازل میں حاصل
ہو بسبب اس متجدد کے نقصان کے جس طرح کہ قدرت
ممتنع سے متعلق نہیں ہوتی بوجہ نقصان ممتنع کے
نہ بسبب ذات باری یا اوس کی قدرت میں نقصان
کے اسی طرح کل محالات عقلیہ میں محقق دوانی نے
زوراء میں لکھا ہے کہ متکلمین اور حکما کی عقول علم
کے بارے میں بوجہ امر ظاہر پر اطلاع نہ ہونے کے قاصر
رہیں تو درحقیقت علم باری تعالیٰ دلیلوں سے ثابت ہوا
ہے جیسا کہ کلام اللہ سے ثابت ہے یہاں تک کہ یہ صفت
بھی دیکھی گئی اور اسی طرح باقی صفات عالم میں بموجب
قابلیت عالم کی ہر چیز کے شہد کی مکھی کو دیکھو کہ وہ کیسا
گھر بناتی ہے جس میں چھ پہل ہوتی ہیں اور اوس میں عقل حیران
ہو جاتی ہے تو یہ اوسے اوس علم سے حاصل ہوتا ہے جو
اوس کو اللہ نے دیا اسی طرح باقی حیوانات بلکہ جمادات
ہیں کیونکہ تسبیح بلا علم کے نہیں ہوتی انتہیٰ۔

قوله فهذه ثلث مراتب کلها قدیمة والتقدم والتاخر عقلی لا زمانی

اقول این مراتب ثلثه قدیمه اند واظهار تقدم
بغرض آن بوده تا کسے نه فهمد که از تنزل حدوثی
بپیرامون وجود حق تعالیٰ حادث گشته که از آن
توهم محلیت حوادث در دل توانند گذشت پس
می فرماید که تقدم و تاخر درین مراتب عقلی ست

میں کہتا ہوں یہ تینوں مراتب قدیم ہیں اور تقدم
کا اظہار اس لیے ہوا کہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ تنزل کے
سبب سے ذات حق میں حدوث پیدا ہو گیا کہ جس
سے توہم محلیت حوادث دل میں گذرے لہذا فرماتے
ہیں کہ تقدم اور تاخر ان مراتب میں عقلی ہے

نہ زمانی وعقلی منسوب بہ عقل است
وآن قوتیست دراکہ کہ بدان کلیات میتوان
دریافت وتقدم بر پنج معنی آید اول تقدم زمانی
مثل تقدم نوح بر نبی ما صلی اللہ علیہ وسلم دوم
تقدم بالطبع واو آنکہ ممکن نباشد کہ چیزے موجود
شود مگر آن کہ متقدم بہ آن موجود باشد مثل تقدم
واحد بر اثنین سوم تقدم بالشرف مثل تقدم
ابی بکرؓ بر عمرؓ چہارم تقدم بالرتبہ واو آنکہ قریب
باشد از مبدء محدود کترتب الصفوف فی
المسجد منسوبًا الی المحراب پنجم تقدم بالعلیۃ
کتقدم حرکۃ الید علی حرکۃ القلم کذا
فی ھدایۃ الحکمۃ

نہ زمانی۔ اور عقلی عقل کی طرف منسوب ہے جو ایک
قوت مدرکہ ہے جس کے سبب سے کلیات دریافت
ہو سکتے ہیں اور تقدم پانچ معنوں پر آتا ہے اول
تقدم زمانی جیسے حضرت نوحؑ کا تقدم آنحضرتؐ پر دوسرے
تقدم بالطبع وہ یہ کہ کسی چیز کا موجود ہونا بغیر اس کے
کہ متقدم بھی اوس کے ساتھ ہو ممکن نہ ہو جیسے ایک کا
تقدم دو پر تیسرے تقدم بالشرف جیسے حضرت ابوبکر
کا تقدم حضرت عمرؓ پر چوتھے تقدم بالرتبہ وہ کہ جو مبدء
محدود سے مرتب ہو جیسے مسجد میں محراب کی نسبت
سے صفوں کا ترتب پانچویں تقدم بالعلیۃ یعنی بسبب
جیسے ہاتھ کی حرکت کا تقدم حرکت قلم پر اسی طرح
ہدایت الحکمت میں ہے۔

قولہ المرتبۃ الرابعۃ مرتبۃ عالم الارواح وھی عبارۃ عن الاشیاء الکونیۃ
المجردۃ البسیطۃ البحت التی ظھرت علی ذواتھا وعلی امثالھا

اقول مرتبہ چہارم عالم ارواح است وآن
عبارت است از اشیاء مخلوقہ کہ مجرد و بسیط از
مادہ محض اند کہ ظاہر شدہ اند بر ذوات وامثال
خود باید دانست کہ عالم ارواح تعین اول است
از تعینات کیانیہ آن را عالم امر و عالم ملکوت و
عالم غیب علوی نیز گویند وآن قابل اشارہ حسی
نیست چنانکہ عالم خلق و عالم شہادت و عالم

میں کہتا ہوں کہ چوتھا مرتبہ عالم ارواح ہے یعنی
اشیاء مخلوقہ جو مادہ سے مجرد اور بسیط ہیں اور اپنی
ذاتوں اور صورتوں پر ظاہر ہوئی ہیں۔ جاننا
چاہیے کہ عالم ارواح تعینات کونیہ کا پہلا
تعین ہے جس کو عالم امر و عالم ملکوت و عالم غیب
علوی بھی کہتے ہیں اور وہ قابل اشارہ حسی
نہیں ہے عالم خلق اور عالم شہادت اور عالم

سفلی است کہ آن تعین ثالث از تعینات
کیانیہ است کہ قبول اشارہ می کند وھیا المراد
بقولہ فلا اقسم بما تبصرون وما لا تبصرون
وعلما دو گروہ شدہ اند در بیان روح گروہی سکوت
ورزیدہ اند اقتدائً بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم
وقتیکہ سوال کردہ بود او را نضر بن حارث از کفار
قریش پس نازل شد ویسئلونک عن الروح
قل الروح من امر ربی وطائفہ کلام کردہ اند پس
جمہور متکلمین وقاضی باقلانی ونظام از معتزلہ بدان
رفتہ اند کہ روح جسمی نورانی ست علوی حقیقت
حسی متحرک نافذ در جوہر اعضا وساری ہمچو سریان
ماء الورد فی الورد وقلیلی از انہا گفتہ اند عرض وھو
الحیوۃ التی صار البدن حیا بوجودھا
واہل تحقیق بر انند کہ روح جوہریست قائم بنفسہ غیر
متحیز مجرد از مادہ لا جسم مفارق بالبدن لہ
التجرد ولا عرض قائم بالجسم بلکہ آن نہ داخل
بدن است ونہ خارج ازان ونہ متصل ونہ منفصل
ونہ جسمی ونہ جسمانی نعم او را التعلق با بدن است
تعلق تدبیر وتصرف وبرین رفتہ اند حجۃ الاسلام
امام راغب وابوزید دبوسی۔ وسوی این منتہی
می شود کشف اہل مشاہدہ ولکل وجھۃ ھو مولیھا

سفلی کی طرح جو تعینات کونیہ میں تیسرا تعین اور
قابل اشارہ ہے اور یہی اللہ تعالے کے اس ارشاد سے
مراد ہے کہ میں قسم کھاتا ہوں اون چیزون کی جو تم
دیکھتے ہو اور جو نہین دیکھتے روح کے بیان مین علماء
کے دو گروہ ہو گئے ہین ایک نے بوجہ متابعت آنحضرت
سکوت اختیار کیا ہے کہ جب آنحضرتؐ سے نضر ابن حارث
نے جو کفار قریش سے تھا سوال کیا تو یہ آیت نازل ہوئی
کہ ای محمد لوگ تم سے روح کو پوچھتے ہین تو کہدو کہ روح میرے
رب کے حکم سے ہے اور ایک گروہ نے کلام کیا ہے پس گروہ
متکلمین اور قاضی باقلانی اور نظام معتزلی کے نزدیک
روح ایک جسم نورانی علوی متحرک جس کی حقیقت ہے جوہر اعضا
مین نافذ اور ساری ہے جیسے عرق گلاب گلاب مین ساری
ہوتا ہے اور اون مین سے بعض کے نزدیک عرض ہے اور
وہ حیات ہے جسکے وجود سے بدن زندہ ہو جاتا ہے اور
محققین کے نزدیک روح ایک جوہر قایم بالذات غیر متحیز مجرد از مادہ ہے
کوئی جسم مجرد مفارق از بدن نہین ہے اور نہ عرض قائم بالجسم ہے بلکہ وہ
نہ بدن مین داخل ہے نہ اوس سے خارج نہ متصل ہے نہ منفصل نہ جسم ہے
نہ جسمانی البتہ اوسے بدن سے تعلق ہے جو جسم کو قائم رکھنے اور اوسمین
تصرف کرنیکے لیے ہے اور اسیطرف امام حجۃ الاسلام غزالی اور امام راغب اور
ابوزید دبوسی گئے ہین اور اہل مشاہدہ کا کشف بھی اسی پر ختم ہوتا ہے
اور ہر ایک کی ایک سمت ہے جس کی طرف وہ متوجہ ہوتا ہے

اہل تحقیق گویند کہ روح انسانی بعد خراب شدن
بدن خراب نمی شود و نہ منعدم بود بعد انعدام او
واختلاف است در ازلیت وابدیت روح جمعی از
صوفیہ بسرمدیت آن ازلًا وابدًا رفتہ اند وشرذمۂ
ازان توقف کردہ وامام حجۃ الاسلام واشراقیون
ومشائون برانند کہ ابدیست نہ ازلی واختلاف
کردہ اند علما در ماہیت روح کہ نوعی است یا جنسی و
ارسطو وابوعلی بہ نوعیت آن رفتہ اند وگروہے از
حکما وابوالبرکات بغدادی وامام رازی از متکلمین
بہ جنسیت ونیز عروج او ومعاودت او بعد
خراب شدن بدن مختلف فیہ است وروح را
بعضے دو قسم گفتہ اند سراجی وزجاجی سراجی
مخلوقی است قائم بالذات واز شان اوست
کہ قوی وجسد را روشن کند ہرگاہ کہ بدان متعلق بود
پس او را اطلاق فی نفسہ است کضوء الشمس
فی جرمہا وزجاجی مخلوقے قائم بالغیر است
شان آن این کہ پیدا کند افعال قلبیہ وقالبیہ را
و برائے اوست تقیید کاضواء الشمس
فی دور النہار پس وحدت صفت ذاتی اوست
وکثرت صفت عارضی ونفس ناطقۂ ہر انسان
زجاج آن سراج است واو امیر بدن است

اہل تحقیق کہتے ہین کہ روح انسانی بعد جسم خراب ہوجانے
کے خراب نہین ہوجاتی اور نہ اوسکے معدوم ہوجانیکے بعد
معدوم ہوجاتی ہے اور روح کی ازلیت وابدیت مین
اختلاف ہے ایک گروہ حضرات صوفیہ اوسکی سرمدیت
ازلی وابدی کا قائل ہے اور بعضون نے سکوت کیا ہے امام
حجۃ الاسلام اور اشراقیین ومشائین کا قول ہے کہ وہ ابدی ہے
نہ ازلی اور ماہیت روح مین بھی علمانے اختلاف کیا ہے کہ
نوعی ہے یا جنسی ارسطو اور ابوعلی نوعیت کے قائل ہوے ہین اور
حکما کا ایک گروہ اور ابوالبرکات بغدادی اور امام رازی
گروہ متکلمین سے اوسکی جنسیت کے قائل ہین نیز اوسکا عروج اور
جسم خراب ہونیکے بعد اوسکی عود مین بھی اختلاف ہے اور روح کی
بعضون نے دو قسمین لکھی ہین سراجی وزجاجی سراجی مخلوق قائم
بالذات ہے جسکی حالت یہ ہے کہ بروقت تعلق قوی اور جسم کو
روشن کردیتی ہے تو اوسکے لیے اطلاق فی نفسہ ہے جیسے
ضوء یعنی آفتاب کی روشنی اپنے جرم مین اور زجاجی
مخلوق قائم بالغیر ہے جس کی حالت یہ ہے کہ وہ افعال
قلبیہ اور بدنیہ کو ظاہر کرتی ہے اور اوس کے
لیے تقیید ہے جیسے آفتاب کی روشنی دن مین
تو وحدت اوس کی صفت ذاتی ہے اور کثرت
صفت عارضی اور ہر انسان کا نفس ناطقہ اوس
چراغ کا شیشہ ہے اور وہ بدن کی مالک ہے

وجوارح خادم وحشم او اما روح حیوانی مشترک
بین الانسان والحیوان پس آن جسمانی است
قائم در تجویف ایسر از قلب دران قدرے یسیر
بلغم است وآن مرکب روح انسانی بوده است
وبرآن قدرے از بخار ضبابی است که آن را جان
گویند وهم در خاطر باید دانست که عالم ارواح اتم
ظهور است از عالم اسرار وعالم مثال از عالم ارواح
وعالم اجسام اتم ظهور است از عالم مثال کیف و
قرب لاتعین سزاوار اکثر اجمالیت است از کل
فالاعلی اکثر اجمالا من الاسفل والاسفل
اکثر تفصیلا من الاعلی ولله الحمد۔

اور تمام اعضا اوس کے تابع ہین لیکن روح حیوانی جو
انسان اور حیوان دونون مین مشترک ہے تو وہ
جسمانی ہے جو خلا مین قلب کی بائین جانب قائم ہے
اوس مین تھوڑا بلغم بھی ہے اور وہ مرکب روح انسانی ہے
اور اوس پر تھوڑا سا بخار ضبابی یعنی مقطر مثل شبنم کے ہے
جس کو جان کہتے ہین اور یہ بھی خیال سے جان لینا چاہیے کہ
عالم ارواح مین عالم اسرار سے اور عالم مثال مین عالم ارواح سے
اور عالم اجسام مین عالم مثال سے زیادہ ظہور ہے اور کیون نہ ہو
جبکہ قرب لاتعین کلیت سے اجمال مین زائد ہے پس اعلی مین
اسفل سے زیادہ اجمال ہے اور اسفل مین اعلی سے زیادہ
تفصیل ہے اور اللہ کے لیے حمد ہے۔

قوله المرتبة الخامسة مرتبة عالم المثال وهي عبارة عن الاشياء الكونية المركبة اللطيفة التي لا تقبل التجزي والتبعيض والخرق والالتيام

اقول مرتبہ پنجم عالم مثال است وآن عبارت است
از اشیاء موجودہ مرکبہ لطیفہ کہ تجزیہ وتبعیض وخرق
والتیام قبول نمی کند یعنی تعین ثانی از تعینات
کیانیہ حضرت مثال است ودر زبان شریعت
برزخ است چہ او واسطہ ایست میان اعلی و
اسفل یعنی عالم ارواح وعالم اشباح واین عالم
روحانی است زیرا کہ جوہر نورانی بمشابہ جوہر جسمانیست
در قبول بعضے اعراض وبا جوہر مجرد عقلی در بودن

مین کہتا ہون پانچوان مرتبہ عالم مثال ہے یعنی وہ
اشیاء موجودہ مرکبہ لطیفہ جو تجزیہ وتبعیض وخرق و
التیام کے قابل نہین یعنی تعینات کونیہ کا دوسرا
تعین حضرت مثال ہے جس کو شریعت مین برزخ
کہتے ہین اس لیے کہ وہ اعلی و اسفل یعنی عالم ارواح
وعالم اجسام مین واسطہ ہے اور یہ عالم روحانی ہے
کیونکہ جوہر نورانی قبول بعض اعراض مین جوہر جسمانی کی
طرح ہے اور نورانی ہونے کی حیثیت سے جوہر مجرد عقلی کے

نورانی و آن خیال متصل است یا منفصل متصل
آنکه دیده شود در خواب بقوت دماغیه از صور و اشکال
و الوان و اضواء چرا که کمیت و کیفیت و سائر اعراض
مکتسب اند از اسفل و فقدان مواد و تجرد آن اکتساب
است در اعلی و منفصل آنکه او را تعلقی ست با خوابها
و قوائے دماغیه را در و مدخلے نے و ہمین مراد است
بمثل افلاطونیه و مشائیه منکر آن اند و اندران تجسد
ارواح و تروح اجساد می شود و تشخصیت اعمال و اخلاق
و آنجا ظاهر می گردند معانی بصور متناسبه و رویت
آنحضرت جبرئیل را در صورت دحیه کلبی در این حضرت
انعکاس صور در مرایا است و ازین مشهد است رویت
شخص واحد در صور کثیره لطیفه و قبیحه و انیسه و مهیبه و
عظیمه و حقیره و ظهور بر یکی و اخفا بر دیگرے و ازینجا
است انسلاخ ابدال از ابدان خود ہا عرفا گویند که
که روح بے جسد نمی تواند بود لهذا چون از بدن عنصریه
و کالبد آخشیجی مفارقت جوید او را جسدے و شبحی و
ہیکلی مثالی در عالم اشباح باشد و متعلق می شود تا
قیامت و من ورائهم برزخ الی یوم یبعثون
اشراق قدسی در خاطر علیل بر تو انداخته که اگر
متحارق بصیره به دیده تحقیق نظر کند صور محسوسه هر
بقعه از بقاع عالم شهادت بل هر شخصے از اشخاص

مشابہ ہے اور وہ خیال متصل ہے یا منفصل متصل وہ جو
خواب میں دماغی قوت سے دیکھا جائے خواہ وہ صورتیں ہوں
یا شکلیں یا رنگ یا روشنیاں کیونکہ کمیت اور کیفیت اور کل
اعراض اسفل سے لیے گئے ہیں اور مادہ کا نہونا اور اوسکا تجرد
اعلی سے لیا گیا ہے اور منفصل وہ ہے جسکا تعلق خوابسے اور
دماغی قوتونکا اوسمین دخل نہوا نہیں کو مثل افلاطونیہ کہتے
ہیں اور مشائیہ اسکے منکر ہیں اور اسمین روحیں متجسد اور جسم
روح کی حکم میں ہو جاتے ہیں اور اعمال اور اخلاق بھی متشکل
ہوتی ہیں اور وہیں معانی مناسب صورتوں میں ظاہر ہوتی ہیں
اور آنحضرت کا جبرئیل کو دحیہ کلبی کی صورت میں دیکھنا آئینہ
میں صورت منعکس ہونیکی طرح ہی اور یہیں سے ایک شخص بہت
سے صور لطیف و قبیح و انیس و مہیب و عظیم و حقیر میں دیکھا جاتا
ہے اور ایک پر ظاہر اور دوسرے سے پوشیدہ ہوتا ہے اور اسی جگہ
سے ابدالوں کا اپنے بدنوں کو چھوڑنا ہے عرفا کہتے ہیں کہ
روح بغیر جسد کے نہیں رہ سکتی اسواسطے جب جسم عنصری سے
علحدہ ہو جاتی ہے تو اوسکے لیے جسم اور صورت مثالی عالم
اجسام میں ہوتا ہے جس سے وہ متعلق ہو جاتی ہے اور قیامت تک
اوس سے متعلق رہتی ہے اور اونکے پس پشت برزخ ہے جس دن تک
اٹھائے جائینگے ایک پاک روشنی نے دل بیمار پر یہ
شعاع ڈالی ہے کہ اہل بصیرت کو ہر چیز جو کہیں نظر آتی ہے وہ اسکو
دوسری چیز کی شبیہ دکھتا ہے جو دوسرے عالم کی ہوتی ہے اور ہر شخص کو

بقعہ واحدہ را شبیہ در مثال صور بقعہ دیگر پندارد
وظلال شخص آخر شناسد کہ الولد الحلال یشبہ
بالخال بہرحال عالم مثال برزخے است میان
عالم اجسام و عالم ارواح و مشتمل است بر صور
ہرچہ در عالم مثال است او شبیہ است بہ اجسام
ازان حیثیت کہ محسوس مقداری است و بہ ارواح
ازان جہت کہ نورانی است در لسان شرع ازان
بسوق الجنۃ تعبیر شدہ ان فی الجنۃ لسوقا مافیہا
بیع ولا شرٰی الا الصورۃ من الرجال و النساء
و صوفیہ آن را خیال منفصل و ارض حقیقت گویند و
تعبیر آن بخیال مطلق نیز می کنند بواسطہ اطلاق و
شمول آن بر صور مجردات و مادیات و اشراقیان
اقلیم ثامن و مُثُل معلقہ و عالم اشباح خوانند صاحب
اصطلاحات صوفیہ گوید عالم المثال باصطلاح
الحکماء عالم النفوس المنطبعۃ و ہو فی
الحقیقۃ خیال العالم عارف الٰہی حکیم متالہ
محقق حصری فرمودہ وافق ارسطو افلاطون
فی اثبات ہذا العالم الا ان ارسطو قال
ان ہذا المُثُل قامت بالقوی الخیالیۃ
السفلیۃ والقوی الجسمانیۃ الفلکیۃ و
قال افلاطون ان ہذا المثل لا تکون

ایک دوسرے شخص کا پرتو دیکھتا ہے کیونکہ ولد حلال ماموں
کے مشابہ ہوتا ہے بہرحال عالم مثال مابین عالم اجسام اور
عالم ارواح برزخ ہے اور صورتوں پر شامل ہے جو کچھ عالم مثال
مین ہے وہ اجسام سے اس حیثیت سے مشابہ ہے کہ محسوس مقداری ہے
اور ارواح سے اس حیثیت سے کہ نورانی ہے اوسی بزبان شریعت
سوق الجنۃ کہا ہے حدیث مین ہے کہ جنت مین ایک بازار ہے
جسمین مردون اور عورتون کی صورتون کے سوا کسی چیز
کی خرید و فروخت نہین ہوتی اور صوفیہ اوس کو خیال منفصل
اور ارض حقیقت کہتے ہین اور اسی کو خیال مطلق بھی
کہتے ہین بواسطہ اوس کے اطلاق اور صور مجردات و
مادیات پر شامل ہونے کے اور اشراقین اوس کو
اقلیم ثامن اور مُثُل معلقہ اور عالم اشباح کہتے ہین
اور صاحب اصطلاحات صوفیہ کہتے ہین کہ عالم مثال
اصطلاح حکما مین عالم نفوس منطبعہ ہے جو در حقیقت
خیال عالم ہے ۔ عارف الٰہی حکیم متالہ محقق حصری
نے فرمایا ہے کہ حکیم ارسطو نے اس عالم کے
اثبات مین حکیم افلاطون کی موافقت
کی ہے مگر فرق یہ ہے کہ ارسطو کے نزدیک
یہ مُثُل بذریعہ قوت خیالی سفلی اور قوت
جسمانی فلکی کے قائم ہوئی ہین ۔ اور
افلاطون کے نزدیک یہ مُثُل نہ

خارجة ولا داخلة ومظاهرها هي
القوى الخيالية السفلية والعلوية فعند
افلاطن ثلثة عوالم مطابقة احدها عالم
الاجسام وثانيها عالم المثال وثالثها
عالم المجردات ووافق ارسطو في اصل وجود
هذه العوالم لكنه خالفه في ان المثل
قائمة بذاتها وقال ان المثل الخيالية انما
تقوم بالقوى الخيالية والمثل العقلية
انما قامت بالمجردات فالنزاع بينهما
بحسب الظاهر انما هو في نحو وجود المثل
النورانية والظلمانية بعد اتفاقهما في
اصل وجود العوالم الثلثة وحاصل کلام آن که
افلاطن صور مثالیه را قائم بذوات میدانند وارسطو
قائم بغیر باین معنی که صور عقلیه نوریه قائم به مجردات
اند وصور جسمیه ظلمانیه قائم به خیال وبعضے از
اکابر علما چون دیده اند که عالم مثال را خیال
منفصل نامیده اند وصور مثالیه را قائم بذات
میدانند بنا بر این دو مقدمه در تصحیح عالم مثال
قائل شده به تجرد خیال وعدم حلول این در ماده
می گویند که آن خیال مجرد باقیست با نفس ناطقه
بعد از مفارقت او از بدن محسوس و غیاث الحکماء

نہ خارج ہوتے ہین نہ داخل اور اوس کے مظاہر
یہی قوائے خیالیہ سفلیہ اور علویہ ہین تو افلاطون
کے نزدیک تین عالم برابر ہین جس مین پہلا عالم
اجسام ہے اور دوسرا عالم مثال اور تیسرا عالم مجردات
اور اسی کی موافقت ارسطو نے ان عوالم کے اصل وجود
مین کی ہے لیکن اونھون نے اس قول مین کہ مثل
اپنی ذات سے قائم ہین افلاطون کی مخالفت کی
ہے اور اون کا قول یہ ہے کہ مثل خیالیہ درحقیقت
خیالی قوتون سے اور مثل عقلیہ مجردات سے قائم
ہین تو اون مین نزاع بحسب ظاہر وجود مثل نورانیہ
وظلمانیہ کے متعلق ہے اصل وجود عوالم ثلثہ مین
متفق ہونے کے بعد خلاصۂ کلام یہ ہے کہ افلاطون صور
مثالیہ کو قایم بالذات جانتے ہین اور ارسطو قائم بالغیر
اس طرح کہ صور عقلیہ نوریہ مجردات سے اور صور
جسمیہ ظلمانیہ خیال سے قائم ہین اور بعض اکابر علما
نے جب یہ دیکھا کہ عالم مثال کو خیال منفصل کہتے اور
صور مثالیہ کو قائم بالذات جانتے ہین تو ان دونون
باتون کی وجہ سے وہ بھی تصحیح عالم مثال مین بہ تجرد خیال
اور اوسکے عدم حلول بمادہ کی قائل ہوئے ہین اور کہتے ہین کہ وہ
خیال مجرد نفس ناطقہ کے ساتھ بعد اوسکے جسم محسوس سے علیحدہ
ہونیکے باقی ہے اور غیاث الحکما شہاب الدین مقتول

در شرح ہیاکل النور گوید انما سمی ہذا العالم
بالمثال لکونہ مشتملاً علی صور ما فی العالم
الحسی ولکونہ اول مثال صوری لما فی
الحضرۃ العلمیۃ الالٰہیۃ من صور الاعیان
والحقائق وسمی بالخیال المنفصل لکونہ
مادیاً شبیہاً بالخیال المنفصل انتہیٰ وباید
دانست کہ عرفا از مشاہدات خود چنین دیدہ اند
کہ برزخے کہ میان غیب و شہادت واقع است غیر
برزخے است کہ ارواح بعد از مفارقت نشأ دنیا
درو خواہند بود در صور جمیع اعمال و اخلاق حسنہ و
سیئہ کہ در نشأ دنیا کسب کردہ اند چنانچہ در
آیات و احادیث وارد شدہ درین جا باشد و گفتہ کہ
برزخی کہ روح بعد از مفارقت بآن جا منتقل میشود
غیر برزخی است کہ میان ارواح و اجساد است اول
را غیب مجالی گویند و ثانی را غیب امکانی و قال
اہل الشہود فی بیان عظمۃ عالم المثال ان
العالم الحسی بالنسبۃ الی العالم المثال
کحلقۃ ملقاۃ فی بیداء لا نہایۃ لہا و در
شرح حکمۃ الاشراق است کہ وہو عالم عظیم الفسحۃ
غیر متناہ یحذ و حذو العالم الحسی لجمیع ما
فیہا من الکواکب و المرکبات من المعادن

شرح ہیاکل النور میں لکھتے ہیں کہ یہ عالم مثال اس لیے
موسوم ہوا کہ یہ اون صورتون پر شامل ہے جو عالم
حسی میں ہیں نیز بوجہ اوس کے اول مثال صوری
ہونے کے جو حضرت علمیہ الٰہیہ میں صور حقایق و اعیان
سے ہے اور خیال منفصل سے بوجہ مادی ہونے کے
موسوم ہوا جو خیال منفصل سے مشابہ ہے انتہے جاننا
چاہیے کہ عارفین نے اپنے مشاہدات میں اس طرح دیکھا
ہے کہ غیب اور شہادت کے درمیان والی برزخ اوس
برزخ کے علاوہ ہے جس میں روحین جسم سے علیحدہ
ہونے کے بعد رہینگی اور کل اعمال اور اچھے و برے
اخلاق کی صورتین جو اوس نے دنیاوی زندگی مین
حاصل کی ہین جو آیات اور احادیث مین وارد ہین
یہین ہونگی اور بعضون نے کہا جس برزخ مین روح بدن
سی علیحدہ ہونیکے بعد رہتی ہی وہ اوس برزخ کی علاوہ ہے جو
ارواح اور اجساد کی درمیان ہین ہی اول کو غیب مجالی اور
دوسری کو غیب امکانی کہتے ہین اور عالم مثال کی عظمت کے
متعلق اہل شہود کا قول ہی کہ عالم حسی عالم مثال کے
مقابلے مین ایسا ہے جیسے بہت بڑے جنگل مین کوئی
حلقہ ڈال دیا جائے - اور شرح حکمۃ الاشراق مین
ہے کہ وہ ایک عالم نہایت وسیع ہے جس کی انتہا نہین اور
تمام اشیاء عالم حسی یعنی کواکب اور مرکبات معدنیات

والنباتات والحیوانات والانسان وبزیده
علیه باشیاء مثل اشباح المجردات انتهی مولانای
رومی می فرمایند ۔ پیشهٔ آموز کاندر آخرت +
اندر آید دخل کسب مغفرت + آنچنان شهریست
پر بازار و کسب + تو نه پنداری که کسب آنجاست
حسب + کلام مولانا ایضا دلالت صریحی مطابقی
دارد بران که کسب علوم وخلق وطلب درجهٔ کمال
درعالم مثال متحقق است وکلمات حکمای پیشین و
عرفای مصطبه نشین نیز بروجود این عالم ناطق اند
چنانکه منقول است از معلم اول ارسطاطالیس که در
میمر رابع آثولوجیا یعنی مباحث الٰهی گفته که من وراء
هذا العالم سماء وارض وبحر وحیوان و
ناس سماویون وکل من فی ذلك العالم
سماوی ولیس هناك شیء ارضی والروحانیون
الذین هناك یلائمون الانس الذی هناك
لا ینفر بعضهم عن بعض وکل واحد لا ینافی
صاحبه ولا یضاده بل یستریح الیه انتهی
گویم که قول حکیم در آثولوجیا کل من فی ذلك
العالم سماوی ولیس هناك شیء ارضی اشاره
به لطافت این عالم است ومن وراء هذا العالم
سماء وارض مؤید این اشارت است ازینجا تاویل

نباتات وحیوانات وانسان یہ سب مقابلہ اوسمین موجود
ہین اور اوس عالم مین دیگر اشیا مثل اجسا و مجردات کے
اس عالم سی زائد ہین انتہی مولانا ے رومی فرماتے ہین ۵
وہ پیشہ سیکھو جو آخرت مین کام آئے جب انسان کسب
معرفت کرتا ہی تب معرفت حاصل ہوتی ہی اوس عالم مین بھی
کسب کا دخل ہی جیسا کہ اس عالم مین بغیر کسب کے کچھ نہین ہوتا۔
اسیطرح وہ بھی ایک شہر بارونق وکسب ہے یہ نہ سمجھو کہ یہی دنیا کا
کسب وہان بھی کافی ہی۔ مولانا کا کلام بھی اس امر پر صریحی دلالت
کرتا ہی کہ کسب علوم وخلق وطلب درجہ کمال عالم مثال مین ثابت ہے
اور حکماے سابقین اور عرفاء صاحب یقین کی بھی کلمات اس
عالم کے وجود کی متعلق ناطق ہین چنانچہ معلم اول ارسطاطالیس نے
کتاب آثولوجیا یعنی مباحث الٰہی کی چوتھی میمر مین لکھا ہی کہ اس
یعنی باب ۱۲
عالم کی علاوہ آسمان اور زمین اور دریا اور حیوان وانسان سماوی
ہین اور اس عالم کی ہر چیز آسمانی ہی وہان کوئی چیز ارضی نہین اور وہ
روحانی لوگ جو وہان ہین ان کی دوستی جو یہان ہین ملایمت کرتی
ہین بعض بعض سی نفرت نہین کرتی اور نہ آپسمین نفرت کرتی
یا نقصان پہونچاتی ہین بلکہ ایک دوسرے کو آرام پہونچاتے
ہین انتہی مین کہتا ہون کہ آثولوجیا مین حکیم کا قول کہ اس
عالم کی ہر چیز سماوی ہی کوئی چیز ارضی نہین اس سی اشارہ
اس عالم کی لطافت کیطرف ہی اور من وراء ہذا العالم سماء وارض
سی اس اشارہ کی تائید ہوتی ہی اور یہین سی اس قول کی تاویل

یا من اظهر الجمیل کہ از مشکوة اہل قدس طہارت
علیہم السلام بر تو ظہور یافت کہ ما من مؤمن الا
وله مثال فی العرش از حضیض بطون بذروهٔ
عرش ظہور آمد و شیخ اکبر در فتوحات در تحقیق این
عالم می فرماید کہ فی کل نفس خلق الله فیها عوالم
یسبحون اللیل والنهار لا یفترون وخلق الله
من جملة عوالمها عالماً علی صورنا اذا ابصرها
العارف یشاهد نفسه فیها وبعضی علما اثبات
این عالم بدلیل عقلی کرده اند چنانچہ قلم حکمای مشائین
تحریر آن کرده کہ والدلیل هو ان الصورة المرئية
فی المرایا لیست فیها والا لما اختلفت رویتنا
لها باختلاف مواضع النظر لکن یختلف علی
ما یشهد به التجربة فان من ینظر عن یمین
المرأة یراه فی موضع غیر الموضع الذی یراه
الرائی من الیسار فیه ولا فی الهواء فانه شفاف
لا یظهر فیه شئ مع انا قد نری عند نظرنا
فی المرأة ما هو اعظم من الهواء کالسماء ولیستا
فی البصر لامتناع انطباع العظیم فی الصغیر
ولیست هی صورتك بعینها علی ان ینعکس
الشعاع فی المرأة الی وجهك والی ما یری
فی خلاف جهته المرأة فان القول بالشعاع

کہ ای وہ شخص جسنے جمیل کو ظاہر کیا زبان صاحب قدس وطہارت
علیہم السلام سے ان الفاظ مین پستی بطون سے بلندی عرش پر ظاہر
ہوئی کہ کوئی مومن ایسا نہین ہی جسکے واسطے عرش مین مثال نہ موجود
ہو شیخ اکبر فتوحات مین اس عالم کی تحقیق مین لکھتے ہین کہ ہر نفس مین
اللہ نے عوالم پیدا کیے ہین جو دن رات اسکی تسبیح کرتی ہین کاہلی نہین
کرتی اور اللہ نے منجملہ اون عوالم کے ایک عالم کو ہماری صورت
پر پیدا کیا ہی عارف جب اس عالم کو دیکھتا ہی تو اپنی آپکو اوسمین
مشاہدہ کرتا ہی اور بعض علمانے اس عالم کا اثبات عقلی دلیلون سے
کیا ہی جیسا کہ حکمای مشائین نے اسکو لکھا ہی اور وہ دلیل یہ ہی
کہ جو صورت آئینون مین دیکھی جاتی ہی وہ آئینون مین موجود نہین
رہتی اگر ایسا نہو تو ہماری رویت اختلاف مواضع نظر سے مختلف
نہو لیکن مختلف ہو جاتی ہی چنانچہ تجربہ شاہد ہی کیونکہ جو شخص
آئینہ کی داہنی جانب سے دیکھیگا تو وہ جگہ دیکھیگا جو بائین
جانب دیکھنے والے کی جگہ کے علاوہ ہوگی اور نہ ہوا مین کیونکہ وہ
شفاف ہی کوئی چیز اوسمین ظاہر نہین ہوتی باوجود اس کے
کہ ہم آئینہ دیکھنے کی وقت وہ چیز دیکھتے ہین جو ہوا سے بھی
بڑی ہی جیسے آسمان اور نہ بصارت مین کیونکہ بڑی چیز کا
انطباع چھوٹی چیز مین ممتنع ہی اور نہ یہ بعینہا صورت تمہاری ہے
علاوہ اس کے شعاع آئینے مین تمہارے چہرے کے مقابل
منعکس ہوتی ہے یا اوس چیز مین جو خلاف جہت
آئینہ دیکھی جائے پس اس قول کا مقید کرنا شعاع سے

باطل من وجوہ کثیرۃ ولیست فی عالم	یہ بہت وجہوں سے باطل ہے اور عالم عقول مین نہین
العقول ای عالم المجردۃ عن المادۃ لانہا	یعنی اوس عالم مین جو مجرد اشیاء مادیہ سے ہے اسلیے کہ وہ
ذوات مقداریۃ والمجردات لا تکون	ذوات مقداریہ ہین اور مجردات اس طرح نہین ہوتی تو اس
کذالک فبالضرورۃ تکون فی صقع اخر	سبب سے وہ دوسرے مرتبہ پر ہونگے اور وہی عالم مثال
وھو عالم المثال والخیال وکذا الصور	اور خیال ہے اور اسی طرح وہ صورتین ہین جو خواب مین دیکھی
المرئیۃ فی المنام او تتخیل فی الیقظۃ بل یشاھد	جاتی ہین یا جاگنے مین متخیل ہوتی ہین بلکہ اکثر امراض مین
فی الامراض کاصحاب البرسام والسرسام	دکھائی دیتی ہین جیسے سرسام اور برسام کے مریضون کو
وعند غلبۃ الخوف فیکون لھذہ الصورۃ	غلبہ اور خوف کے وقت بھی۔ تو ان صورتون کے لیے
مظاہر فصور المرایا مظہرھا المرایا وصور	بھی مظاہر ہین پس آئینے والی صورتون کے مظہر آئینے
الخیال مظھرھا التخیل وکذا الحس المشترک	ہین اور خیالی صورتون کا مظہر تخیل ہے اور اسی طرح
وغیرھا من القوی الجسمانیۃ وکذا فی	حس مشترک وغیرہ قوائے جسمانی اور ایسے ہی اس عالم مین
ھذا العالم کثیر من الغرائب وخوارق	بہت سی نادر اور خلاف عادت چیزین ہین چنانچہ بعض
العادات کما یحکی عن بعض الاولیاء	اولیاء اللہ سے مروی ہے کہ وہ باوجود اپنے شہر مین مقیم
انہ مع اقامتہ ببلدتہ کان من حاضری	ہونے کے ایام حج مین مکہ معظمہ مین موجود پائے گئے یا
المسجد الحرام ایام الحج وانہ ظھر من بعض	گھر کی دیوارون سے نکلے یا ایسے گھر سے ظاہر ہوے
جدران البیت او خرج من بیت مسدودۃ	جس کے دروازے بند تھے یا جیسے حضرت موسیٰ ابن
الابواب والکوات وکادراک موسی ابن	عمران نے ذات باری تعالےٰ کا ادراک کیا جب
عمران للباری تعالی لما ظھر فی الطور وغیرہ	اوس کا ظہور کوہ طور پر ہوا اور علاوہ اس کے
مین کہتا ہون اور محال ہی کہ مرتبۂ متوسطہ اوسکو حاصل ہو جو خلاف شریعت و طریقت ہو تو مرتبۂ اخیرہ یعنی جمع الجمع کا جو سب سے اعلی مرتبہ ہے کیا ٹھکانا کیونکہ اوس کا حاصل ہونا بالکل محالات سے ہے واضح ہو کہ

Arabic	Urdu
ان الرياضات لا تفيد ولا تقرب العبد الى الله	رياضات جب تک موافق شريعت ومتابعت سنت نہوں
مالم تكن على موافقة الشريعة ومتابعة السنة	تب تک نہ وہ مفيد ہوتی ہين اور نہ اوس سے بندہ کو حق
كما قال الشيخ الجنيد قدس سره الطرق كلها	کا قرب حاصل ہوتا ہے چنانچہ حضرت شیخ جنید قدس سرہ کا
مسدودة على الخلق الا من اقتفى اثر رسول الله	ارشاد ہے کہ بجز متابعت نبوی صلعم کے اور سب راہين خلق
صلى الله عليه وسلم فحينئذ لا بد لمن اراد التقرب	پر بند ہين تو جو کوئی تقرب الی اللہ بذریعہ ریاضات حکمیہ
الى الله تعالى بالرياضات الحكمية ان يقتدي	چاہے اوسے شریعت غراء کی اقتدا اور سنت سنیہ کی
بالشريعة الغراء ويتبع السنة الحسناء حتى ينتج	پیروی کرنا چاہیے تاکہ نتیجہ ریاضات یعنی معرفت و تقرب
له من الرياضات التقرب اليه تعالى والمعرفة	الٰہی ظاہر ہو کیونکہ ترک اقتداء و اتباع سے اہل ریاضت
به فلعدم الاقتداء وترك الاتباع قد ضل	بجز در ریاضیات اختراعیہ کے بجائے نور ہدایت حاصل
المرتاضون بمجرد الرياضات الاختراعية عن	کرنیکے گمراہ ہوگئے باوجودیکہ اونھون نے تزکیہ نفس مین
نور الهداية في معرفة الحق سبحانه تعالى مع	ان ریاضات شاقہ سے معرفت حق مین غور کیا جس قدر
تعمقهم في تزكية النفس بتلك الرياضات	ریاضات مین غور و خوض کیا اوسی قدر اون کے
الشاقة بل افسدوا عقائدهم كلما تعمقوا في	عقائد فاسد ہوگئے کیونکہ جس کی ریاضت حسب
الرياضات لان كل من لم يلتزم رياضته	شریعت و متابعت سنت نہ ہو تو اوسے معرفت
بالشريعة ولم يتبع السنة فليس له نصيب من	الٰہیہ سے کوئی حصہ نہین اوس کو ان ریاضات سے
التقربات الالهية والمعرفة الحقانية ولا يحصل	اوہام فاسدہ و خیالات واہیہ کے سوا کچھ حاصل نہین
له من تلك الرياضات الا الاوهام الفاسدة	اور یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقبول نہین بلکہ اس
والخيالات الكاسدة التي ليس لها من الله قبول	مین طریق حق سے خروج و عدول کا خوف ہے
بل انما يخاف له عن طريق الحق خروج وعدول	انتہیٰ۔ اسی طرح جامع الاصول مین ہے نیز
انتهى كذا في جامع الاصول وايضا فيه قالوا	اوسی مین ہے کہ صوفیہ کا قول ہے کہ شریعت
الشريعة امر بالتزام العبودية دائما والحقيقة	التزام عبودیت کا حکم ہے۔ اور حقیقت

مشاهدة الربوبية فكل شريعة غير مؤيدة
بالحقيقة فغير مقبولة وكل حقيقة غير
مقيدة بالشريعة فغير مقبولة ايضا فالشريعة
ان تعبده والحقيقة ان تشهده فالشريعة
قيام بما امر والحقيقة شهود لما قضى وقدر
وما اخفى واظهر و باید دانست که اهل ظاهر
اهل شریعت اند واهل باطن اهل حقیقت و این هر دو
متلازم اند حقیقتا چرا که طریق الی الحق را ظاهری است
و باطنی ظاهرش شریعت است و باطنش حقیقت
پس بودن حقیقت در شریعت چون بودن روغن
در لبن است یا بوی گل در گل پس مراد از حقیقت و
شریعت اقامت عبودیت است بر وجه مرضی
فكل شريعة لا حقيقة لها فهي عاطلة وكل
حقيقة لا شريعة لها فهي باطلة پس شريعت
حق است و حقیقت حقیقت آن حق و جامع آن
این را قول تعالی ایاک نعبد و ایاک نستعین
پس ایاک نعبد شریعت است و ایاک نستعین حقیقت فتدبر واستطر

مشاہدہ ربوبیت ہے پس جو شریعت کہ بغیر امداد حقیقت
کے ہو وہ نامقبول ہے اور جو حقیقت شریعت سے مقید نہ ہو
وہ بھی نامقبول ہے پس شریعت یہ ہے کہ اوسکی عبادت کیجائے
اور حقیقت یہ ہے کہ اوسکا مشاہدہ کیا جائے پس شریعت
قیام بہ مامورات ہے اور حقیقت اوس چیز کا شہود ہے جو قضا و
قدر سے متعلق ہے مخفی ہو خواہ ظاہر نیز جاننا چاہیے کہ اہل ظاہر
اہل شریعت ہیں اور اہل باطن اہل حقیقت اور یہ دونوں حقیقتاً
متلازم ہیں کیونکہ راہ حق کا ایک ظاہر ہے اور ایک
باطن ظاہر شریعت ہے اور باطن حقیقت پس حقیقت شریعت
میں اسی طرح پوشیدہ ہے جیسے گھی دودھ میں یا خوشبو پھول
میں پس حقیقت اور شریعت سے مطلب عبودیت کا بطریق
پسندیدہ قائم کرلینا ہے تو جس شریعت میں حقیقت نہو وہ
باطل ہے ہے تو شریعت حق ہے اور حقیقت اوس حق
کی حقیقت ہے اور اللہ تعالے کا ارشاد ایاک نعبد
وایاک نستعین اس کا جامع ہے تو ایاک
نعبد شریعت ہے اور ایاک نستعین حقیقت اس کو
غور کرو اور سمجھو

قوله وان جميع الموجودات من حيث الوجود عين الحق سبحانه وتعالى والغيرية اعتبارية
واما من حيث الحقيقة فالكل هو الحق سبحانه ومثاله الحباب والموج والبرد والثلج
فان كلها من حيث الحقيقة عين الماء ومن حيث التعين غيره وكذا السراب من
حيث الحقيقة عين الهواء ومن حيث التعين غير الهواء والسراب في الحقيقة هو اظهر صورة الماء

اقول جمیع موجودات بحیثیت وجود عین اند و غیریت
اعتباریست ورنہ در اصل کل حق است و مثالش
حباب و موج و برد و برف است کہ ہمہ من حیث الحقیقت
عین آب اند و من حیث التعین غیر و اعتبار واقعی و حقیقی
است نہ اعتبار معتبر چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث
در مکتوب مدنی می نگارند و کذلک کلام مولانا
عبد الرحمن الجامی عندی مسلم فان مقصودہ
نفی تاصل الحقایق بحیالہا و انہا اعتبارات و
اضافات للوجود الحق بمعنی ان الوجود ظہر
فیہا و تعین بہا لا بمعنی الفرق الاعتباری انتہی
بقدر الضرورۃ والباقی فی المقام بالجملہ آن غیریت
اعتباریست دیگر حاجت بیان ندارد کہ ظاہر است
و از تقاریر سابق محقق گشتہ رفت التباین فی الجملہ
غیریت کہ مناط احکام و آثار نشائتین تواند شد اشیا را
ثابت است و نیز کمال ہر شی عبارت از ظہور صورت
نوعیہ اوست بہ تمام احکام و آثار خود یا باکثر آنہا برابر
است کہ بفطرت و موہبت باشد یا بتدبیر و کسب
حاصل شود پس آنانکہ فطرت شان متغیر نشدہ ائمہ
باشند در علوم و اخلاق و اعمال و دیگرے را اقتدا بایشان
واجب باشد تا کمال نوعی حاصل کنند پس ریاضت و
مجاہدہ تدبیر و کسب است برای اقتداء سلیم فطرتان

مین کہتا ہون کہ کل موجودات بحیثیت وجود عین حق ہین
اور غیریت اعتباری ہے ورنہ در اصل سب حق ہی جسکی
مثال حباب اور موج اور ٹھنڈی اوس اور برف ہی کہ سب
حقیقتاً عین کے ہین اور بحیثیت تعین غیر اور اعتبار واقعی و
حقیقی ہی نہ اعتبار معتبر جیسا کہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث مکتوب
مدنی مین لکھتے ہین کہ اسیطرح مولانا عبد الرحمن جامی کا کلام بھی
نزدیک مسلم ہی کیونکہ اونکا مقصود نفی تاصل حقائق ہی انکین
مخلوقات کی ساتھ اور یہ کہ وہ وجود حق کی اعتبارات و اضافات
ہین اس معنی مین کہ وجود انہین ظاہر اور انہی سے متعین ہوا نہ
فرق اعتباری کے معنے مین انتہی بقدر ضرورت اور باقی اس
مقام پر یہی غرضکہ غیریت اعتباری ہے جسمین توضیح کی
ضرورت نہین کہ خود واضح ہی اور پہلی تقریرون ہی ثابت
ہو چکا ہے البتہ یہ تھوڑی غیریت جسپر دونون عالم کے
احکام اور آثار موقوف ہو سکتے ہین اشیا کے لیے ثابت ہے
اور ہر شی کی کمال سی بھی مراد اوسکی صورت نوعیہ کا انکی تمام
یا اکثر احکام و آثار کے ساتھ ظہور ہی تو دو حال سے خالی
نہین یا وہ بفطرت و موہبت ہون یا تدبیر اور کسب سے
حاصل کی گئی ہون تو وہ جن کی فطرت مین تغیر نہین
ہوا وہ علوم اور اخلاق اور اعمال مین ائمہ ہین دوسرون کو
انکی اقتدا واجب ہی تاکہ کمال نوعی حاصل کرین پس ریاضت اور
مجاہدہ صاحب فطرت سلیم کی اقتدا کے لیے تدبیر و کسب ہے

تا ہر چہ از ثمرات بر سلامت فطرت در نشأتین مترتب
میشود بر مقتدیان ہم مترتب شود و شاید ازین جا
فرقۂ از معتزلہ گمان بردہ اند آنچا کہ واجب تعالی
و ممکنات را در ذات شریک و مماثل میدانند و تفاوت
نمیدانند الا در اعتبارات و صفات حالانکہ در کتب
متداولۂ اہل وحدت وجود از ہیچ کسے از کبرائے صوفیہ
این منقول نیست بلکہ بخلاف این تصریحات است
از انجملہ است در لوائح ؎ تا چند حدیث وجہ و
ابعاد و جہات ✣ تا کے سخن از معدن و حیوان و نبات
یک ذات فقط بود محقق نہ ذوات ✣ این کثرت
وہمی ز شیون است و صفات ✣ معنی این رباعی
ہمانست کہ وجود واحد است و موجود متعدد و نیز
بدان کہ چون ظہورات حق مطابق اعیان ثابتۂ
علمیۂ وی تعالی میباشد ضرور است کہ ہر نقصانی کہ
مقتضائی آن اعیان خواہد بود بہمان نقصان ظہور
خواہد فرمود پس آن نقصان خواہ از لوازم ارواح
باشند خواہ از لوازم اجسام صرف بحیثیت آن مرتبۂ ظہور
است نہ بحیثیت ذات وی تعالی کہ از عالم ارواح
نیز باطن تر است و آن ذات پاک در عین این تنزل
بر ہمان کمال ذاتی خود بودہ است پس چنانچہ آن
مراتب نازلہ یعنی عالم ارواح و عالم اجسام از قبیل امور

تا کہ جو کچھ ثمرات فطرت سلیم پر دونون عالم مین مرتب ہون
مقتدیون پر بھی مرتب ہون اور شاید یہان فرقۂ معتزلہ نے
یہ گمان کیا ہے کہ جو واجب تعالی اور ممکنات کو ذات مین
شریک اور مثل جانتے ہین اور اعتبارات وصفات کے
سوا کوئی فرق نہین کرتے حالانکہ اہل وحدت وجود
کی مشہور کتابون مین کسی بزرگ سے بھی یہ منقول نہین
بلکہ اس کے خلاف تصریحات ہین از انجملہ لوائح مین ہے
؎ کہ کب تک وجہ اور ابعاد اور جہات کا بیان ہو اور
کہان تک معدنیات اور حیوانات اور نباتات کے متعلق
گفتگو کیجائے صرف ایک ہی ذات ثابت ہے نہ متعدد
ذاتین یہ کثرت وہمی شیون اور صفات کی ہے اس رباعی
کا یہی مطلب ہے کہ وجود ایک ہے اور موجود متعدد اور
یہ بھی واضح ہو کہ جب ظہورات حق مطابق اوسکے اعیان ثابتہ
علمیہ کے ہوتے ہین تو ضروری ہے کہ ہر نقصان جو اوس
اعیان کا مقتضا ہو اوسی نقصان کے ساتھ ظہور بھی کرے
تو وہ نقصان خواہ لوازم ارواح سے ہو خواہ لوازم اجسام
سے صرف اوس مرتبہ کی حیثیت سے اوس کا ظہور ہے نہ بحیثیت
ذات واجب تعالی کہ وہ عالم ارواح سے بھی زائد پوشیدہ
ہے اور وہ ذات پاک عین اس تنزل مین اپنے
اوسی کمال ذاتی پر ہے تو جس طرح وہ مراتب نازلہ
یعنی عالم ارواح اور عالم اجسام مین بسبب امور

دہمہ مانند پیکر بشری فرشتہ بودہ اند آن نقصانات
نیز یعنی جاہل یا عاجز بودن ارواح و مقید حیز و
مکان بودن اجسام و ریزہ ریزہ شدن آنہا از
ہمین قبیل است و ذات مقدس حضرت واجب الوجود
درعین این نقصانات بہمان کمالات متحقق می باشد

و ہمیہ مثل صورت بشری و فرشتہ کے ہوئے ہین وہ نقصانات
بھی یعنی ارواح کا جاہل یا عاجز ہونا اور اجسام کا حیز و
مکان مین ہونا یا اون کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا بھی اسی
قبیل سے ہے اور ذات مقدس حضرت واجب الوجود عین
ان نقصانات مین انہین کمالات سے قائم رہتی ہے

سبحان ربک رب العزۃ عما یصفون الحاصل
موقوفیت کمال حق بر عالم صرف از جہت تحقق
آن کمال است و ظاہر کہ تحقق خود از معانی مصدریہ
است کہ مر متحقق را ضرورت افتد بر آن و ذات بحت
بہمان بر صرافت خود است چنانکہ بود و ماند چنانکہ ہست
الکنون در اثبات وحدت وجود بعضی آیات و احادیث
کہ بعبارۃ النص و دلالۃ النص دلالت دارند میفرمایند

تیرا پروردگار صاحب عزت وصف کرنیوالونکے وصف سے
پاک ہے خلاصہ یہ کہ حق کی کمال اسمائی کا عالم پر موقوف ہونا
صرف اوس کمال کی تحقق کی وجہ ہے اور ظاہر ہے کہ تحقق خود
معانی مصدریہ مین سے ہے جسکی خود متحقق کو ضرورت پڑتی ہے
ذات بحت اسیطرح اپنی صرافت پر ہے جیسے کہ تھی اسیطرح
ہے ویسی ہیگی اب اثبات وحدت وجود مین بعض آیتین اور
حدیثین جو بعبارۃ النص و دلالۃ النص دلالت کرتی ہین فرماتی ہین

قوله والدلائل الدالة على وحدة الوجود لكثيرة امامن الآيات

اقول دلائل دالہ بر وحدت وجود بسیار اند دلائل
جمع دلیل والدلیل فی اللغۃ ہو المرشد وما بہ
الارشاد وفی الاصطلاح ہو الذی یلزم من العلم
بہ العلم بشیء آخر وحقیقۃ الدلیل ہو ثبوت
الاوسط للاصغر واندراج الاصغر تحت الاوسط
کذا فی تعریفات الاشیاء للسید الشریف
الجرجانی اما دلائل مثبتہ وحدت وجود پس آیات

مین کہتا ہون کہ دلائل وحدت وجود بہت ہین دلائل
دلیل کی جمع ہے جس کی معنی لغت مین راہ بتانے والے کے
ہین نیز جس چیز سے کہ راہ دکھلائی دے اور اصطلاح مین
دلیل وہ ہے جسکے علم سے دوسری چیز کا علم ہونا لازم
ہو اور حقیقت دلیل اوسط کا ثبوت اصغر کے لیے اور اصغر کا
اوسط کے تحت مین داخل ہونا ہے اسی طرح میر سید شریف جرجانی
کی کتاب تعریفات الاشیا مین ہے اب مثبتہ وجود آیات کہ جو دلائل کلام سے ہین

قوله قوله تعالى ولله المشرق والمغرب فاينما تولوا فثم وجه الله

اقول قول وی تعالی وخدای راست جائے برآمدن
آفتاب جائی فرورفتن آن پس ہرجا کہ رو آرید
آن سو روی اوست مغربی گوید ؎ ہر سو کہ دویدیم
ہمہ سوئے تو دیدیم + ہر جا کہ رسیدیم سر کوئے تو دیدیم
روئے ہمہ خوبان جہان را بہ تماشا + دیدیم وے
آئینہ روئے تو دیدیم + ہر قبلہ کہ بگزید دل از بہر عبادت
آن قبلۂ دل را خم ابروی تو دیدیم + ملا عبد الغفور مینویسد
کہ مقتضای آیت تنزہ اوست از تقید چہ اگر مقید بودے
ومحصور مضمون آیت صحیح نیامدے زیرا کہ معنی آیت
این است کہ ہر جا کہ رو آرید آنجا وجہ وجود خدا است
پس اگر مقید بودی در ہر موضع یافت نشدی انتہی کلامہ
گویم کہ این از مقولۂ مکان است و تولیت از روی لغت
رو در آوردن و ثَمَّ اشارت بسوی آن مکان کہ مفہوم
از این است و مراد از وجہ ذات حق است یعنی
ہر جا کہ روید آنجاست ذات خدا و شک نے کہ آن
ہنگام کہ وجود غیر فرض کنند و روی بدو آرند آن جا
ذات حق نباشد چرا کہ حال خالی از آن نیست کہ
ہنگامے کہ وجود غیر فرض کنند و رو بدو آرند منفک
فرض کنند یا غیر منفک فرض کنند ظاہر است کہ آنجا
ذات حق نہ باشد و الا لم یکن منفکا و اگر غیر منفک
فرض کنند ہم ذات حق آنجا نباشد چہ آن ہنگام ذات

میں کہتا ہوں اللہ تعالی فرماتا ہے اور خدا ہی کے لیے مشرق
و مغرب ہے تو جسطرف تم متوجہ ہوا اوسیطرف اللہ کا منھ ہے
مغربی فرماتے ہیں ؎ جسطرف ہم گئے ہر طرف تجھی کو دیکھا
اور جس جگہ پہونچے وہ تجھسے خالی نہ دیکھی تمام عالم کی خوبصورتوں کو
بطور تماشا دیکھا تو سب کو تیری صورت کا آئینہ دیکھا جو قبلہ
دل نے عبادت کیلیے اختیار کیا وہ قبلۂ دل تیرا ہی ابروے
خمدار تھا ملا عبد الغفور لکھتے ہیں کہ آیت کا مقتضا اوسکا تقید
سے منزہ ہونا ہے کیونکہ اگر مقید اور محصور ہوتا تو آیت کا
مضمون صحیح نہ ہوتا اس لیے کہ آیت کے یہ معنی ہیں کہ جسطرف
تم متوجہ ہوا اوسی طرف خدا کا منھ ہے اگر مقید ہوتا تو ہر جگہ
نہ پایا جاتا انتہی میں کہونگا کہ یہ مقولہ مکان سے ہے اور
تولیت کے معنی لغوی متوجہ ہونے کے ہیں اور ثَمَّ سے
اشارہ اوسی مکان کی طرف ہے جو مفہوم آین کا ہے
اور وجہ سے مراد حق کی ذات ہے یعنی جس طرف تم متوجہ
ہوا اوسی طرف خدا کی ذات ہے اور واقعی جب کسی غیر کا
وجود فرض کریں تو خدا کی ذات وہاں نہوگی کیونکہ دو
حال سے خالی نہیں کہ جب وجود غیر فرض کرینگے اور اوسطرف
متوجہ ہونگے تو علیحدہ فرض کرینگے یا نہ کرینگے اگر علیحدہ فرض
کرینگے تو ظاہر ہے کہ وہاں ذات حق نہ ہوگی ورنہ منفک
نہوگی اگر غیر منفک فرض کریں تو بھی وہاں حق کی
ذات نہ ہوگی کیونکہ اوس وقت ضروری ہے کہ ذات

حق را لابد با ذات غیر مفروض کنند بر مثال آتش در آب
گرم و یا روح در قالب و شک نیست که در آب گرم
آتش بجائے خود و آب بجائے خود است نه در مکان
آب آتش است و نه در آتش آب والا یلزم الجمع
بین الضدین و چون این ثابت شد درین حال اگر
کسے رو آورد بمکان یکی لامحاله در آن مکان دیگری
نه باشد پس دانستیم که اثبات وجود غیر در اینما تولوا
فثم وجه الله درست نباید سواء فرض وجود الغیر
منفکا عنه او غیر منفک و گوئیم که چون وجود غیر
فرض کنیم لامحاله منفک از ذات فرض کنیم که بدون تصور
انفکاک وجود غیر محال است والا یلزم المماسة
والاتصال لذاته کما عرفت من فن الکلام و چون
وجود غیر منفک فرض کنند شک نیست که آنجا ذات
حق نباشد چنانکه بالا رفته اگر گوئی که هرگاه ذات حقه
منقسم نمیشود و نیز متغیر یا اینما تولوا فثم وجه الله
پس کل جهات برای توجه ما برابر باشد مشروعیت
استقبال قبله بالخصوص در حالت صلوة چیست گویم
که شیخ اکبر در لواقح الانوار گفته که حکمت در تخصیص جهت
قبله آنست که چون ما یان جنان هستیم که قلوب ما مجتمع
نمیشوند بدون توجهها الی جهة الواحدة لان احدنا
ذو جهة فلا یقبل ان ینتقل الا الی جهة و من هٰهنا

حق کو غیر کے ساتھ فرض کریں جیسے گرم پانی میں آگ
یا جسم میں روح اور کوئی شک نہیں کہ گرم پانی میں آگ
بجائے خود ہے اور پانی بجائے خود نہ پانی کی جگہ آگ
ہے اور نہ آگ کی جگہ پانی اگر ایسا ہو تو جمع بین الضدین
لازم آویگا اور جب یہ ثابت ہوا تو اس حال میں اگر
کوئی ایک مکان کی طرف متوجہ ہو لامحالہ اوس مکان میں
دوسرا نہ ہوگا پس اس سے معلوم ہوا کہ وجود غیر کا اثبات
اینما تولوا فثم وجه الله سے درست نہیں ہوتا خواہ وجود
غیر اوس سے منفک فرض کیا جائے یا غیر منفک اور میں
کہونگا کہ وجود غیر بھی ہم فرض کرلیں تو لامحالہ ذات سے
منفک فرض کرینگے بغیر تصور انفکاک وجود غیر محال ہے ورنہ
اوسکی ذات کے لیے مس اور متصل ہونا لازم آویگا جیسا کہ
فن کلام سے معلوم ہوتا ہے اور جب وجود کو غیر منفک فرض کریں
تو کوئی شک نہیں کہ وہاں حق کی ذات نہوگی جیسا کہ اوپر بیان
ہوچکا اگر یہ کہیں کہ جب ذات حقہ بدرک نہیں ہوتی اور یہ بھی ارشاد ہے
کہ اینما تولوا فثم وجه الله تو کل جہتیں ہماری توجہ کیلیے برابر ہیں پس مشروعیت
استقبال قبلہ مخصوص طور پر نماز کی حالت میں کیوں ہے میں کہونگا کہ شیخ اکبر
لواقح الانوار میں لکھتے ہیں کہ حکمت تخصیص سمت قبلہ یہی کہ چونکہ ہم
لوگوں کے قلوب بغیر ایک جہت کی طرف توجہ کے مجتمع نہیں ہوتے
کیونکہ ہم میں سے ہر ایک ذو جہت ہے تو وہ صاحب
جہت ہی کے نقل کو قبول کرے گا اور اسی لیے

قالوا كلما خطر ببالك فالله تعالى بخلاف
ذلك واوجبوا على ان العبد ان ينزه الحق تعالى
عما ظهر له وصرفه فكان تخصيص التوجه الى الكعبة
شفقة من الحق علينا ليجمع همنا عليه سبحانه والا
فسائر الجهات في حقه سواء وقال العلم انه من
عجيب الامور ان العبد في حقه تعالى سواء قال تعالى
يعلم ويتحقق ان الحق تعالى ليس في جهة ثم مع ذلك
يغلب وهمه على عقله فلا يشهد الحق تعالى الا متعاليا
في جهة الفوق وربما يستدل بعضهم بقوله تعالى
يخافون ربهم من فوقهم وليس في هذه الآية
دليل صريح على ذلك لان المراد يخافون ربهم
ان ينزل عذابا من فوقهم اي من السماء انتهى
وآين مسئله جهت مزلة الاقدام خلقے كثير است و واجب
بر ما است كه اقرار كنيم بجهل در معرفت كيفيت اين و
همين اعتقاد سلف صالح است

حضرت صوفیہ کہتے ہیں کہ جو کچھ تیرے قلب میں گذرے
اللہ تعالی اوس سے علیحدہ ہے اور بندہ پر واجب ہے کہ اللہ
تعالی کو وہ اون چیزوں سے پاک جانے جو اوسکے لیے ظاہر ہوئی ہیں
اور اپنے دل کو اوسکی طرف مصروف کرے تو کعبہ کیطرف توجہ کی
تخصیص اللہ کی مہر شفقت ہے تا کہ ہماری ہمتیں اور ارادے
اوسی پر جمع ہو جائیں ورنہ کل جہات اوسکے لیے برابر ہیں اور
کہا ہے کہ دیکھو یہ عجیب بات ہے کہ بندہ حقتعالی کی بارہ میں
تعالی کہتے ہوئے یہی جانتا ہے سمجھتا ہے کہ حقتعالی کے لیے کوئی جہت
مخصوص نہیں پھر بھی اوسکا وہم عقل پر غالب آتا ہے اور وہ حق کو
نہیں دیکھتا مگر بلندی پر اوپر کی جانب جسپر اکثر لوگ اوسکے
ارشاد یخافون ربہم من فوقہم سے دلیل لاتے ہیں حالانکہ اس آیت
میں سپر دلیل صریح نہیں اسلیے کہ وہ اپنے پروردگار سے اس امر سے خوف
کرتے ہیں کہ وہ اونپر آسمان سے عذاب نازل کرے انتہی اور اس
مسئلہ میں اکثر لوگونکے قدم ڈگمگائے ہیں اور ہمپر واجب ہے کہ ہم معرفت
کی کیفیت میں جہل کا اقرار کریں اور یہی سلف صالحین کا اعتقاد ہے

قوله قوله تعالى نحن اقرب اليه من حبل الوريد

اقول قول وي تعالى است ما قريب تريم بسوى وے
از رگ گردن يعنى نحن اقرب اليه لا بالمكان ولا
بالزمان ولا بالمرتبة بل بالذات من غير اختلاط
ولا اتحاد من حبل الوريد اي من العرق الواردي
من الراس الى مقدم العنق كذا في تفسير الرحماني

میں کہتا ہوں کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے کہ ہم اوس کی طرف
رگ گردن سے زیادہ قریب ہیں یعنی ہم اوسکی طرف نہ بمکان
زمان و مرتبہ بلکہ بالذات بلا اختلاط و اتحاد رگ گردن
سے زیادہ قریب ہیں یعنی اوس رگ سے جو سر سے
گردن کے اوپر کے حصے تک ہے اسی طرح تفسیر رحمانی

که مصنف آن شیخ علی مهائمی یکے از اکابر صوفیه و
علماء ایشان ست و کشف و ایضاح این قرب موقوف
بر مقدمه ایست که علماء این طائفه علیه تحقیق و تدقیق
آن موفق شده اند وهی ان جمیع الموجودات من
حیث الوجود عین الحق ومن حیث التعین
غیره والغیریة اعتباریة واما من حیث الحقیقة
فالکل هو الحق فقول الصوفی الکل هو وقول المتکلم
ان کل شیء غیره کله صحیح ومثاله الحباب
والموج وکوز الثلج فان کلها من حیث الحقیقة
عین الهواء ومن حیث التعین غیرها وکذا
من حیث الحقیقة عین الماء و در لفظ اقرب که صیغه
تفضیل از قرب است اندکے غور باید کرد چه قرب حبل الورید
که مفضل علیه است با مخاطب قرب جزء با کل است و
قرب حق با عبد که مفضل است قرب هویت است
با ماهیت و اگر واضح تر خواهند بدانند که قرب مطلق است
معرا از قید اطلاق هم و اتصال بے تکیف بے قیاس
هست رب الناس را با جان ناس و هرگاه این مقدمه
ممهد شد پس عینیت و غیریت و وحدت و اثنینیت
هر دو راست شدند کذا افاده استاذی و مرشدی
مولانا شاه تقی علی القلندر فی بعض افاداته
و کاتب الحروف گوید که اقرب اسم تفضیل مستعمل بے من است

مصنف شیخ علی مہائمی ہیں اور اس قرب کا کشف اور
ایضاح ایک مقدمہ پر موقوف ہے جسکی تحقیق و تدقیق
کی توفیق اس گروہ کے علما کو ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ کل موجودات
بحیثیت وجود عین حق ہیں اور بحیثیت تعین غیر اور
غیریت اعتباریہ ہے بحیثیت حقیقت تو سب حق ہی ہے
پس صوفی کا قول کہ کل وہی ہے اور متکلم کا قول کہ ہر شے
اوسکی غیر ہے سب صحیح ہیں اور اوسکی مثال حباب اور موج
اور اولوں کی ہے کیونکہ وہ سب بحیثیت حقیقت عین ہوا
ہیں اور بحیثیت تعین غیر اسی طرح بحیثیت حقیقت آب
ہیں لفظ اقرب میں جو باب قرب سے افعل التفضیل کا
صیغہ ہے تھوڑا غور کرنا چاہیے کیونکہ قرب حبل الورید جو
مخاطب کے لیے باعث تفضیل ہے مثل قرب جزء بکل
ہے اور قرب حق بہ بندہ جو باعث تفضیل ہے قرب ہویت
با ماہیت کی طرح ہے اگر اس سے بھی زیادہ واضح جاننا چاہیں
تو قرب مطلق ہے جو قید اطلاق سے بھی معرا ہے خدا
کا بندہ سے اتصال بے کیفیت بے قیاس ہے جب یہ مقدمہ
درست ہو گیا تو عینیت و غیریت اور وحدت و اثنینیت
دونوں ٹھیک ہو گئے ایسا ہی میرے اوستاد اور مرشد
مولانا شاہ تقی علی قلندر نے اپنے بعض افادات
میں لکھا ہے اور کاتب الحروف کہتا ہے کہ
اقرب اسم تفضیل جو بہ لفظ من مستعمل ہے

دلالت دارد بر اشتراک در اسم قرب اگرچہ مختلف الکیف
بود پس اشتراکی نیست درمیان قرب صفات و قرب
حبل الورید چرا کہ قرب از صفات معنویست و قرب
حبل الورید حسی پس در اقربیت او تعالی مر انسان را
از حبل ورید کہ آن حقیقی است دلیلی ست بر آن کہ
قرب او تعالی حقیقی است ای بالذات اللازم لہا
الصفات اگر گوئی کہ چون دوست داشت او تعالی
این را کہ قریب تر باشد بما از حبل ورید پس چرا او را
نہ در یابیم گوئیم شیخ اکبر در باب خامس و ثمانین از
فتوحات گفتہ کہ قرب حجاب است چنانکہ بعد ہمچو
آب کہ چون اندران در آئی ہرچند در وے چشم کشائی
ہیچ نہ بینی بوجہ شدت قرب و اگر گوئی کہ این ہفتاد
ہزار حجاب درمیان حق و خلق کہ شارع علیہ السلام
بیان فرمودہ از چہ روشد گوئیم کہ حجب کنایہ از شہود
عبد است بُعد خود را از حضرت حق پس اینہا راجع
بشہود عبد اند و حق ہمچنان بر شدت ظہور خود است
ایضاح این کلام آن کہ عبد مومن مشتمل بر علم و جہل
است پس علم ادراک حجب نوریہ میکند و جہل حجب
ظلمانیہ آری ؎ گر بعلم آئیم آن ایوان اوست
ور بجہل آئیم آن زندان اوست ❊ در باب رابع و خمسین و
مائتین از فتوحات است کہ حجاب عظمت از حق ابدا

اسم قرب کے ساتھ مشترک ہونے پر دلالت کرتا ہی اگرچہ
کیفیتین مختلف ہون تو کوئی اشتراک قرب صفات اور قرب
حبل الورید مین نہین ہوگا کیونکہ قرب صفات معنوی سے
ہے اور قرب حبل الورید حسی ہی تو اقربیت اوس ذات تعالی
کی انسان کی شہ رگ سے جو حقیقی ہی اسکی دلیل ہی کہ
قرب بھی اوسکا حقیقی یعنی بالذات ہے جسکے لیے صفات
لازم ہین اگر یہ کہو کہ جب حق تعالی نے ہم سے شہ رگ
سے زائد ہونے کو پسند کیا تو اوسکو ہم کیون نہین پاتی تو
مین کہونگا کہ شیخ اکبر نے فتوحات کے باب پچاسی مین لکھا
ہے کہ قرب بعد کی طرح حجاب ہے مثلاً پانی کے اندر آنکھ
کھولین تو بوجہ اوس کے شدت قرب کے کچھ دکھائی نہ دیگا
اگر یہ کہو کہ ستر ہزار حجاب حق اور خلق کے درمیان جو
شارع علیہ السلام نے بیان فرمائے یہ کس طرح ہوئے تو
مین کہونگا کہ حجابات سے مراد بندہ کا حضرت حق سے
اپنی دوری مشاہدہ کرنا ہے تو یہ راجع بہ شہود عبد ہی حق
اوسی طرح اپنی شدت ظہور پر ہی اس کلام کی توضیح یہ ہی کہ
بندۂ مومن علم اور جہل دونون پر مشتمل ہی پس علم حجابات
نوریہ کا ادراک کرتا ہے اور جہل حجابات ظلمانیہ کا ہے
؎ اگر ہم علم کی طرف آوین تو وہ اوس کا محل ہے
اور اگر جہل کی طرف آوین تو وہ اوس کا قید خانہ ہے
فتوحات کی باب دو سو چون ۲۵۴ مین ہی کہ حجاب عظمت حق سے کبھی

رفع نمی توان دشت چه حجاب عظمت عبارت از عدم احاطه
بحق است پس نخواهد او فتاد عین عبد الا برین حجاب
فاذن العبد راه و ما راه و ازین است که در باب
حادی و خمسین و مائتین از فتوحات گوید فسبحان
من لا یعلم الا بانه لا یعلم اگر توهم شود که پس معنی
قل هذه سبیلی ادعوا الی الله چه باشد گویم این که
ادعوا الی طریق الله الخاصة التی جاءه الرسل
علیهم الصلوة والسلام علی حذف مضاف
ومن ادعی انه یدعوا الی الله حقیقة من
غیر مضاف قلنا له کیف عرفت من لیس
کمثله شیء حتی یدعوا الناس الیه فانه لو کان
شیء لوقعت التماثل وهو تعالی لا یماثل
فلیس مثله تعالی شیء ومن هو کذلک لا
یعرف فبطل دعواک معرفة الله تعالی کذا
فی الباب الثالث والتسعین من الفتوحات
کاتب الحروف گوید که خلاصهٔ کار این است که حق
سبحانه به بنده از همه چیزها نزدیک تر است و ازین
گفتن هم نزدیک تر چرا که حال قرب در عبارت
نمی گنجد وقتیکه قرب را بعبارت در آورند بعد می شود
قرب نه آنست که با او نزدیک شدی و از و عبارتی
توانی کرد قرب آن ست که تو در وی گم شوی و خود را

رفع نہین ہوسکتا کیونکہ اوس سی مراد حق کا احاطہ نہ ہوسکنا ہے
تو بندہ کی آنکھ اسی حجاب پر پڑتی ہے تو اس وقت بندہ
اس کو دیکھتا ہے اور نہین بھی دیکھتا اسی لیے فتوحات
کے باب دو سو اکاون مین کہتے ہین کہ پاک ہے وہ
جو نہین جانا جاتا بجز اس حیثیت کے کہ وہ نہین جانا جاتا اگر پھر یہ
وہم ہو کہ قل هذه سبیلی ادعوا الی الله کے کیا معنی ہونگے
تو مین یہ کہونگا یہہ کہ مین اللہ کی اوس خاص راستہ کی طرف
بلاتا ہون جسپر پیغمبران علیہم السلام آئے بطریقہ حذف مضاف
اور جو اوسکا مدعی ہو کہ وہ اللہ کی طرف حقیقتاً دعوت بغیر
نسبت کے کرتا ہے تو اوس کے لیے ہم کہین گے کہ اوس ذات
کو تو نے کیسے پہچانا جسکے مثل کوئی چیز نہین اور جسکی تو لوگونکو
دعوت دیتا ہی اگر وہ شی ہوتا تو تماثل ضرور واقع ہوتا حالانکہ
وہ کسی سی مشابہ نہین ورنہ اوسکے مثل کوئی شی ہے اور جو
ایسا ہو وہ پہچانا نہین جا سکتا تو دعوائی معرفت حق
٩٣
ہی تیرا باطل ہے اسی طرح فتوحات باب ترانوے مین
ہے کاتب الحروف کہتا ہی کہ خلاصہ یہ ہے کہ حق اپنے
بندے سے تمام چیزون سے زیادہ نزدیک ہے اور اس
کہنے سے بھی زیادہ نزدیک ہے کیونکہ قرب کا حال
عبارت مین نہین آسکتا جب قرب کو عبارت مین لاوینگے
بعد ہو جاویگا قرب یہ نہین ہے کہ اوسکی ساتھ نزدیک ہو جاؤ اور
اوس سی کوئی مفہوم حاصل کرسکو قرب یہ ہی کہ اوسمین گم ہو جاؤ

وغیر خود را گم کنی وندانی که کجا بودی واز کجا آمدی
پیش بزرگے خبر آوردند که فلان شیخ از قرب سخن
میکند گفت چون به آن رسی بگوئی آنجا که مائیم
قرب بعد است قرب عبارت از نابودن نسبت
آنجا عبارت کجا گنجد وحجاب میان بنده وحق همین
انتقاش صور کونیه است در دل واین بسبب
صحبتهائی پراگنده ودیدن الوان اشکال گوناگون
زیاده میشود واز گفتن وشنیدن سخنان هم پس باید
که هرچه خیال را نما فزاید اجتناب نماید بی محنت ومشقت
وترک لذت وشهوات حسی این معنی دست ندهد

اور غیر کو بھی اوسمین گم کردو اور یہ نجانو کہ کہان تھے اور
کہان سے آئے ایک بزرگ سے لوگون نے بیان کیا کہ فلان
بزرگ قرب کو بیان کرتے ہین اونھون نے جواب مین کہا
کہ جب اون سے ملاقات ہو تو کہنا کہ جس جگہ ہم ہین وہان قرب
بعد ہے قرب تمھارا نہ ہونا ہے وہ بیان مین کب آسکتا ہے
حق اور بندہ مین حجاب صور کونیہ کا قلب مین منقش ہونا
ہے جو بوجہ پریشان صحبتون اور طرح طرح کے رنگ اور شکل
دیکھنے نیز سے باتون کے کہنے اور سننے سے زیادہ ہوتا ہے
تو چاہیے کہ جو برا خیال آوے اوس سے پرہیز کرے اور بلا محنت
مشقت وترک لذات وشہوات حسی یہ بات حاصل نہین ہوتی

قوله قوله تعالى الله معكم اينما كنتم

اقول قول وی تعالی است الله با شماست
هر جا که باشید ازین جا معیت ذاتیه بذوق وعقل
توان فهمید چه حقیقت معیت مصاحبت شئ است
بشئ آخر خواه هر دو واجب باشند کذات الله
وصفاته یا جائز کالانسان مع مثله یا واجب
وجائز وآن معیت الله تعالی است بذاته وصفاته
بالمخلوقات چنانکه درین آیت وان الله مع
المحسنین ومع الصابرین است چه معلوم است
که مدلول اسم الله ذاتیست لازمه متعینه تا متعلق شود
بجمیع ممکنات واین معیت نیست همچو معیت متحیزین

مین کہتا ہون کہ اللہ تعالی کا قول ہے کہ اللہ تمھارے ساتھ
ہے جہان رہو یہین سے معیت ذاتیہ کو بذوق وعقل
سمجھنا چاہیے کیونکہ معیت کی حقیقت یہ ہے کہ ایک دوسرے
سے یکجا ہو خواہ دونون واجب ہون جیسے حق کی ذات
اور اوسکی صفات یا دونون جائز ہون جیسے انسان اپنے
مثل کے ساتھ یا واجب اور جائز دونون ہون اور وہ حق
کی معیت بذاتہ وصفاتہ مخلوقات سے ہے جیسا کہ اس آیت مین
ہے کہ اللہ احسان اور صبر کرنیوالون کے ساتھ ہے کیونکہ یہ معلوم
ہے کہ اسم اللہ کا مدلول ایک ذات لازمہ متعینہ ہے تاکہ کل ممکنات
کے ساتھ متعلق ہو اور یہ معیت معیت متحیزین کی طرح نہین ہے

بهر نه بودن مماثلت حق تعالی مر خلق را که موصوف اند
بجسمیت و مقتضر اند بلوازم ضروریه آن و متعالیست معیت
از نسبت و نظیر لکماله تعالی وارتفاعه عن صفات
خلقه لیس کمثله شیء وهو السمیع البصیر و نیز ازین
منتفی شد قول بلزوم حلول و حیز کائنات از قول بمعیت
ذات مع انه لا یلزم من معیة الصفات و ذات
الذات انفکاک الصفات عن الذات و لا بعدها
و لا تحیزها و سائر لوازمها فلزم من معیة
الصفات بشیء معیة الذات و عکسه لتلازمها
مع تعالیهما عن المکان و لوازم الامکان لانه تعالی
مباین لصفات خلقه تباینا مطلقا مولانا جامی
در اشعة اللمعات میفرماید که هر موجود را با حق سبحانه دو
جهت اند معیت وے با حق و احاطه و سریان وے
سبحانه تعالی در وی بالذات بے توسط امری دیگر
و این جهت را طریق وجه خاص گویند و فیضی که ازین
طریق میرسد بی واسطه است و توجه بنده را باین جهت
توجه بوجه خاص گویند و استیلا این جهت را بر بنده
و استهلاک و اضمحلال بنده را درین جهت جذبه گویند و جهت
دیگر سلسله ترتیب است و فیضی که بوی رسد نخست
بر مراتب آنها مرور کند و منصبغ با حکام آنها شود و متنازلا
بوی رسد و چون بنده بر همین طریق متصاعدا حق سبحانه

اس لیے کہ حق کو خلق کے ساتھ کوئی مماثلت نہیں کیونکہ خلق
جسمیت سے موصوف اور اوسکی لوازم ضروریہ کی محتاج ہیں
اور معیت نسبت اور نظیر سے اونچی ہے بوجہ واجب تعالی کے
کمال اور اوسکی صفات خلق سے عالی ہونیکے اوسکی مثل کوئی
چیز نہیں وہی سنتا اور بینا ہے نیز اس سے اوس قول کی نفی
بھی ہو گئی کہ معیت ذاتی کی کامل ہو نیسے حیز کائنات میں حلول
لازم آتا ہے باوجود اسکے کہ معیت صفات نہ کہ ذات سے صفات کا
ذات سے جدا ہونا لازم نہیں آتا اور نہ اسکا بعد و تحیز اور دیگر لوازم
پس لازم آویگا کہ اگر کسی شیء کیساتھ صفات کی معیت ہو تو ذات کی بھی
معیت ہوگی یا اسکے برعکس کیونکہ ذات و صفات اگرچہ مکان اور
لوازم امکان سے بلند ہیں لیکن ایک دوسرے کیلیے لازم ہیں اسلیے کہ واجب تعالی
صفات خلق سے بہ تباین مطلق مباین ہے مولانا جامی اشعة اللمعات میں
فرماتی ہیں کہ ہر موجود کو حق کیساتھ دو جہتیں ہیں ایک جہت حق سے
اسکی معیت کی اور اسکا محیط ہونا اور اسمیں بالذات بغیر کسی دوسرے
امر کی توسط کی ساری ہونا اور اس جہت کو طریق وجہ خاص کہتے ہیں
جو فیض اس طریقہ سے پہونچتا ہے وہ بلا واسطہ ہوتا ہے اور بندہ کی توجہ کو اس جہت
میں توجہ خاص کہتے ہیں اور بندہ پر اس جہت کی غلبہ کو اور اوسکی مغلوب
اور مضمحل ہونیکو جذبہ کہتے ہیں اور دوسری جہت سلسلہ ترتیب کی ہے جو فیض
اس سے پہونچتا ہے وہ اون امور کی واسطے ہوتا ہے جو وجود حق کیساتھ اسکی معیت میں
دخل رکھتے ہیں اور جو فیض کہ اسکو پہونچتا ہے اولا اسکی مراتب پر گذر پاتا ہے اور انکے
احکام کی رنگ سے رنگین ہو جاتا ہے اور نزول کرتا ہوا اسکو پہونچتا ہے اور جب بندہ

تعالی بازگرد با آنکه احکام یک یک مرتبه باز میگذارد
در مرتبهٔ فوق آن ترقی می کند تا بآن آمی که مبدأ تعین
ویست برسد و دران مستهلک و مضمحل گردد و آن
نسبت یوی تجلی ذاتی وی باشد و این طریق را سلسلهٔ
ترتیب گویند و روش بنده را باین طریق مرتبهٔ بعد مرتبهٔ
سلوک گویند و واصل باین طریق را اگرچه کمتر باشد از
واصل بطریق اول اما او را احاطه است باحوال
مراتب که واصل بطریق اول را نیست
و واصل بطریق اول را چون باز گردانند و بر
طریق سلسلهٔ ترتیب باز بمطلوب رسانند وی را
مجذوب سالک خوانند و سالک بر طریق ثانی را
چون سلوک وی منتهی شود و بوجه خاص استهلاک دران
حاصل گردد سالک مجذوب گویند و هر یکی صاحب
دولت و اقتدار را شاید که تربیت مریدان از وی آید
انتهی کاتب الحروف می گوید که چون مقرر شده که ذات حق
تعالی وجود بحت است و وجود اشیاء وجود مقید پس
لا محاله معیت ذاتی بود و درین سخنی نیست کسانی که
از معیت ذاتی احتراز نمایند و تاویل بمعیت صفاتی کنند
برایشان بچند وجه اعتراض می تواند شد اول آنکه
ضمائر در قرآن و حدیث راجع اند بذات نه بصفات
در آیت وهو معکم اینما کنتم وانه بکل شئ محیط

کی طرف واپس ہوتا ہے تو ایک ایک مرتبہ کے احکام کو چھوڑتا
جاتا ہے اوس سے ترقی کرتا رہتا ہے یہان تک کہ اوس اسم تک
جو اوس کا مبدأ تعین ہے پہونچتا ہے اور اوسمین مغلوب اور
مضمحل ہو جاتا ہے اور وہ نسبت اسکی ساتھ اسکی تجلی ذاتی
ہو جاتی ہے اس طریقہ کو سلسلۂ ترتیب کہتے ہین اور اس طریق کے
بندہ کی ایک مرتبہ سے دوسرے مرتبہ پر پہونچنے کو سلوک کہتے ہین اور اس
طریق پر واصل اگرچہ طریق اول کے واصل سے کمتر ہوتا ہے لیکن اوسے
احوال مراتب کا احاطہ حاصل ہوتا ہے جو طریق اول
کے واصل کو نہین ہوتا اور واصل طریق اول جب رجوع
کرتا ہے اور یہ طریق سلسلہ ترتیب مطلوب پر پہونچتا ہے
اوس کو مجذوب سالک کہتے ہین اور سالک طریق ثانی کا
جب کسی خاص وجہ سے سلوک ختم ہو جاتا ہے اور اوسمین وہ
مغلوب ہو جاتا ہے اوسکو سالک مجذوب کہتے ہین اور ان دونون
صاحب دولت اقتدار مین سے ہر ایک کو تربیت مریدین کرنا
لائق ہے انتہی کاتب الحروف کہتا ہے کہ جب یہ امر ثابت ہو گیا
کہ ذات حق تعالی وجود بحت ہے اور اشیاء کا وجود وجود مقید تو
لا محالہ معیت ذاتی ہو گی اور اسمین کوئی اعتراض نہین جو لوگ
معیت ذاتی سے احتراز کرتے اور معیت صفاتی کی تاویل کرتے ہین
ان پر کئی وجہون سے اعتراض ہو سکتا ہے اول یہ کہ جتنی
ضمیرین قرآن اور حدیث مین ہین وہ ذات کیطرف راجع ہین
نہ صفات کیطرف تو پھر وہو معکم اینما کنتم اور انہ بکل شئ محیط مین

چگونه راجع بصفات توانند شد دوم آنکه در قرن اول کسی تاویل نه نموده است چنانچه حافظ ابن حجر آن را بقلم آورده پس درین تاویل مخالفت با خیر القرون است سوم آنکه صفات از ذات منکشف نیستند نزد متکلم نیز که قائل بزیادتی صفات است وجود صفات مجرد عن الذات غیر معقول بود و لقولنا الله معنا بالعلم فقط لا بالذات لازم می آید استقلال صفات بانفسها فحینئذ بمسابقت معیت صفاتی معیت ذاتی لازم خواهد آمد پس تاویل چه فائده خواهد بخشید ؎ روستائے زدست باران جست ✤ رفت در پائے ناودان بنشست۔ محققین متکلمین نیز قائل بمعیت ذاتی شده اند شعرانی در یواقیت الجواهر می نگارد که در جامع ازهر سنه خمس و تسع مائة درین مسئله معیت میان شیخ بدر الدین علائی حنفی و شیخ مواهبی شاذلی مجلسی منعقد گردیده شیخ علائی درین مقدمه رساله مفرده تصنیف کرده اصول آن را درانجا بقلم آورده است هر که طالب تفصیل باشد در یواقیت الجواهر و نیز در اصل سی چارم اصل الاصول و دیگر کتب مبسوطه به بیند۔

کس طرح ضمیرین صفات کیطرف راجع ہوسکتی ہین دوسرے یہ قرن اول مین کسی شخص نے تاویل نہین کی جیسا کہ حافظ ابن حجر نے اس کو لکھا ہے تو اس تاویل مین خیر القرون کی مخالفت ہی تیسرے یہ کہ صفات ذات سے متکلم کے نزدیک بھی جو زیادتی صفات کا قائل ہی منفک نہین ہین اور صفات کا وجود ذات سی مجرد غیر معقول ہی اور ہماری اس قول سی کہ اللہ ہماری ساتھ صرف علماً ہی نہ ذاتاً صفات کا استقلال بذاتہ لازم آتا ہی جس سی بمتابعت معیت صفاتی معیت ذاتی لازم آویگی تو تاویل کیا فائدہ بخشیگی ؎ دیہاتی بارش سی تو بھاگا مگر نابدان کے نیچے بیٹھ گیا محققین متکلمین بھی معیت ذاتی کے قائل ہوے ہین شعرانی یواقیت والجواہر مین لکھتے ہین کہ مدرسہ جامع ازہر مین ۹۰۵ھ مین اس معیت کے مسئلے مین شیخ بدر الدین علائی حنفی اور شیخ مواہبی شاذلی کے درمیان مجلس منعقد ہوئی اور شیخ علائی نے اس بحث مین ایک رسالہ تصنیف کیا اور اوس مین اس کے اصولون کو بھی لکھا ہے جو شخص طالب تفصیل ہو وہ یواقیت والجواہر نیز اصل الاصول کی چونتیسوین اصل و نیز دیگر کتب مبسوط دیکھے۔

قوله تعالیٰ ونحن اقرب الیه منکم ولکن لا تبصرون ۝

اقول قول وی تعالی است من قریب تر هستم بسوی عبد از شما ولیکن شما نمی بینید شیخ الاسلام

مین کہتا ہون کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہی کہ مین بندہ کیطرف تم سے زیادہ قریب ہون لیکن تم نہین دیکھتے ہو شیخ الاسلام

ابن اللبان گوید کہ درین آیت دلیل است بران کہ
اقربیت او تعالی از عبد خود بقرب حقیقی است چنانکہ
لائق است بذات او تعالی چہ او متعالی ست از مکان
و مراد از قرب او تعالی بہ عبد قرب بالعلم والقدرۃ او
بالتدبیر است مثلاً پس ہر گاہ فرمود ولکن لا تبصرون
دلالت کرد بران کہ مراد با و قرب حقیقی مدرک بالبصر
است لو کشف اللہ عن بصرنا فان المعلوم ان
البصر لا تعلق لادراکہ بالصفات المعنویۃ وانما
یتعلق بالحقائق المرئیۃ انتہی و اول مراتب قرب
قرب است از طاعت حق و اتصاف در دوام اوقات
بعبادت او تعالی پس قرب عبد از حق بالایمان والاحسان
است و قرب او تعالی از عبد در دنیا از عرفان است
و در آخرت از شہود عیان لا بالمشافہۃ تعالی
عن ذلک و بندہ تا از خلق بعید نہ کند با خالق قریب
نبود و قرب از صفات قلوب است نہ اجسام و قرب
حق بالعلم والقدرۃ عام است بکل و باللطف و نصرت
خاص بہ مومنین و بالانس خاص برای اولیا و فرق
میان قرب و حضور آن کہ قرب بسبب طاعت و عبادت
دائمہ بود و حضور بصرف کلیت خود در ذکر او و رویۃ القلب
قرب را حجاب است کہ فمن شاہد فی نفسہ محلا
و خطرا فہو ممکور بہ و لذا قالوا اوحشک اللہ

ابن اللبان کہتے ہین کہ یہ آیت اسکی دلیل ہی کہ حق تعالے
کی اقربیت اپنے بندہ سے بقرب حقیقی ہے جو اوسکی ذات کے
لائق ہی کیونکہ وہ مکان سے برتر ہی اور اوسکے قرب بہ بندہ سے
مراد اوسکا قرب بعلم و قدرت بالتدبیر ہی مثلاً پس جس وقت
ولکن لا تبصرون فرمایا تو اس بات پر دلالت کی کہ اس سے
مراد قرب حقیقی ہی جو آنکھ سے ادراک ہوتا ہی اگر اللہ ہماری آنکھ
کھول دے کیونکہ یہ معلوم ہی کہ بصر اوسکے ادراک کے لیے صفات
معنویہ سے متعلق نہین ہی بلکہ وہ حقائق مرئیہ سے متعلق ہے
انتہی اور اول مرتبہ قرب خدا کی عبادت سے قرب اور ہر
وقت اوسکی عبادت مین مصروف ہونا ہے تو بندہ کا قرب
حق سے بذریعہ ایمان اور احسان کے ہے اور حق کا قرب
بندہ سے دنیا مین عرفان سے ہے اور آخرت مین شہود اور
اعیان سے نہ مشافہہ سے اللہ تعالی اس سے برتر ہے اور
بندہ جب تک خلق سے بعید نہو خدا سے قریب نہ ہوگا اور
قرب صفات قلوب سے ہی نہ اجسام سے اور قرب حق بعلم و
قدرت سب کے لیے عام ہی اور بہ لطف و نصرت مومنین سے
اور بہ انس اولیاء اللہ سے مخصوص ہی قرب اور حضور مین فرق یہ
ہے کہ قرب طاعت و عبادت دائمی کے سبب سے ہوتا ہی اور حضور
صرف اپنی کلیت کو اسکے ذکر مین صرف کرنے سے اور رویت القلب
قرب کا حجاب ہے پس جو شخص اپنی ذات مین محل اور خطرہ مشاہدہ کرے وہ
دیا گیا ہوا اسلیے کہتے ہین کہ اللہ تجھکو اپنے قریب سے وحشت دے

متن	ترجمہ
من قربه ای من شهودك بقربه	یعنی اپنے شہود سے اوس کے قرب مین

قوله قوله تعالی ان الذین یبایعونك انما یبایعون الله ید الله فوق ایدیهم

متن	ترجمہ
اقول قول حق تعالی ست آنانکه بیعت کردند ترا	مین کہتا ہون کہ اللہ تعالی کا قول ہی کہ جن لوگون نی تجھسے
جز این نیست که بیعت می کنند با حق و دست حق	بیعت کی حقیقتا اونھون نی خدا کی بیعت کی خدا کا ہاتھ اونکی
بالای دست او شان است نزول این آیت در قصهٔ	ہاتھون پر ہی اس آیت کا نزول بیعت الرضوان کی قصہ مین ہی
بیعت الرضوان ست مراد این که دست رسول الله	اور اس سی مراد یہ ہی کہ رسول اللہ کا ہاتھ جو بیعت کرنیوالون کے
که بالای دستهای مبایعین است آن دست خدا است	ہاتھونکی اوپر ہی وہ خدا کا ہاتھ ہی حضرت ابن عباس کا قول ہی کہ
قال ابن عباس ید الله بالوفاء لما وعدهم من	اللہ کا ہاتھ اوس اچھائی کی ایفاء وعدہ کی ساتھ جو اونسی کیا گیا اون
الخیر فوق ایدیهم (نکتة ید بیعتهم) قال الشیخ الاکبر	لوگونکی ہاتھونکی اوپر ہی (نکتہ ید بیعہم) شیخ اکبر لواقح الانوار مین لکھتی
فی لواقح الانوار اعلم انه لیس عند اهل الکشف	ہین کہ اہل کشف کی نزدیک کلام عرب مین وہ بالکل مجازی
فی کلام العرب مجازا اصلا وانما هو حقیقة	معنی مین نہین ہی بلکہ حقیقی معنی مین ہی اسلیے کہ اون لوگون نے
وذلك انهم وضعوا الفاظهم حقیقة لما وضعوا	حقیقتا جو الفاظ جس چیز کیلیے بنائے اوسیکے لیے بنائی ہین جیسے
فوضعوا ید القدرة للقدرة وید الجارحة للجارحة	لفظ ید قدرت کو قدرت کیلیے بنایا ہی اور ید جارحہ کو جارحہ کیلیے
وید المعروف للمعروف وهکذا ومن ادعی انهم	اور ید معروف کو معروف کیلیے اور بھی اسی طرح اور جو شخص اس کا
یتجوزوا فی ذلك فعلیه الدلیل ولا سبیل الیه	مدعی ہو کہ اونھون نی مجازی معنی اعتبار کیے تو اوسپر دلیل بیان کرنا لازم
فان لما قالوا فلان اسد وضعوا هذا حقیقة	ہی حالانکہ کوئی دلیل اسپر نہین ہی پس جب اون لوگون نی کہا کہ فلان
فی لسانهم ان کل شجاع یسمی اسدا فوضعوا	شخص شیر ہی تو اوسکو حقیقتا اونھون نی اپنی محاورہ مین اسلیے بنایا
هذا الاطلاق حقیقة لا مجازا ومن هٰهنا	کہ ہر شجاع شخص شیر سی تعبیر کیا جاوے تو اس اطلاق کو اونھون نے
یعلم العاقل ان کلما جاء فی الکتاب والسنة من	حقیقتا رکھا ہی مجازا اور یہین سی عاقل سمجھ سکتا ہی کہ جو کچھ قرآن
ذکر الید والعین ونحو ذلك لا یقتضی بالتشبیه	اور حدیث مین ہاتھ و آنکھ وغیرہ کا ذکر آیا ہی اوسمین سی کسی مین تشبیہ
فی شیٔ اذا التشبیه انما یکون بلفظ المثل او	کا حکم نہین کیا جاتا اس لیے کہ تشبیہ درحقیقت لفظ مثل یا

كاف الصفة وما عدا هذين الامرين انما
هو الفاظ اشتراك فنسبها حينئذ متى جاءت
الى كل ذات بما تعطيه حقيقة تلك الذات
انتهى وقال فى الباب الثامن من الفتوحات
اعلم ان كلما جاء فى الكتاب والسنة مما يوهم
ظاهره التشبيه هو على بابه وانما ذلك تنزل
بعقول العرب الذين جاء القرآن على لغتهم
وذلك مثل قوله تعالى ثم دنى فتدلى
فكان قاب قوسين او ادنى فان ملوك
العرب كانت عندها المكرم المقرب مجلس
منهم على هذا الحد فعلقت بذلك قرب محمد
صلى الله عليه وسلم من ربه عز وجل ولا ينالى
بما فهمت من ذلك سوى القرب انتهى ملخصًا
وقال فى الباب السابع والسبعين ومائة
عليك يا اخى بالتسليم لكل ما جاءك من
آيات الصفات واخبارها وان اكثر المأولين
هالكون

کاف صفت کے ساتھ بیان ہوتی ہی اور جو الفاظ ان دونون
کی علاوہ ہین وہ مشترک ہین تو اوسکی نسبتین اس وقت مین اکثر
کل ذاتون کی طرف ہوتی ہین جنکو ذات حقیقت عطا کرتی ہے
انتہی اور فتوحات کی آٹھوین باب مین لکھا ہی واضح ہو کہ جو کچھ
قرآن اور حدیث مین آیا ہی جس سی بظاہر تشبیہ کا وہم ہوتا ہی وہ
اوسی طریقہ پر ہے اور درحقیقت یہ تنزل اقوال عرب کے موافق
ہے کہ جنکی زبان مین قرآن نازل ہوا اور یہ اللہ تعالی کے
اس ارشاد کی طرح ہے کہ پھر قریب ہوئے اور زیادہ قریب ہوے
تو دو کمانون کا فرق رہ گیا یا اس سی کم کیونکہ شاہان عرب
کے یہان مکرم و مقرب وہ شخص ہوتا تھا جو اس حد پر بٹھلایا
جاتا تھا اسی لیے آنحضرت کا قرب خدا کی بیان سی اسی طریقہ
پر بیان کیا گیا اور اس سی اس قرب کے سوا اور کچھ نہین
سمجھا جا سکتا انتہی ملخصًا۔ اور فتوحات کے باب ایکسو ستتر
مین ہے کہ اے بھائی اون باتون کا تسلیم کر لینا تجھکو
لازم ہی جو آیات و اخبار مین صفات کی بیان مین آئی ہین
کیونکہ اکثر اہل تاویل ہلاک ہوئے ہین۔

قوله قوله تعالى هو الاول والآخر والظاهر والباطن

اقول قول وی تعالی است او ست اول یعنی
اولیت قبل هر شئ بلا ابتداء ای کان هو ولم یکن
شئ موجودا و آخر بعد فناء هر شئ بلا انتهاء یعنی
اشیاء فانی خواهند شد و او باقی خواهد ماند و ظاهر است

مین کہتا ہون کہ اللہ تعالی کا قول کہ وہی اول ہے یعنی
بلا ابتدا ہر چیز سے پہلے وہی تھا اور کوئی شئ موجود نہ تھی
اور آخر ہے بلا انتہا ہر چیز کے فنا کے بعد یعنی اشیاء
فانی ہو جائین گی اور وہ باقی رہیگا اور ظاہر ہے یعنی

غالب بر ہر شئ و باطن ای عالم بہر شئ - ہذا معنی
قول ابن عباس وقال بعضہم ہو الاول القدیم
والاخر الرحیم والظاہر الحلیم والباطن العلیم
وقال الجنید ہو الاول بشرح القلوب ہو
الاخر بغفران الذنوب ہو الظاہر بکشف
الکروب ہو الباطن بعلم الغیوب قال الشیخ
الاکبر فی شرحہ لترجمان الاشواق ان الحق
اول عین ما ہو اخر وظاہر و باطن واخر عین
ما ہو اول وظاہر و باطن و باطن من عین
ما ہو ظاہر و اول واخر وظاہر من عین ما ہو
باطن و اول واخر ففی کل صفۃ ما فی اخواتہا
وذلک لمباینۃ صفاتہ تعالی خلقہ اذ لا یتعدی
کل صفۃ من صفاتہم ما حدہ الحق لہا مثلا
صفۃ الشم لا یعطی سوی شم العطر والنتن و صفۃ
السمع لا یتعدی المسموعات فلا یری بہا ولا یتکلم
وقس علی ذلک فعلم ان سبب توقف العقول
الضعیفۃ فی کون الصفات الالہیۃ تعقل
کل صفۃ منہا فعل اخواتہا کون من توقف
رای ان القوی التی خلق الانسان علیہا
لا یتعدی حقایقہا فقاس الحق تعالی علی
نفسہ وظن ان صفۃ الحق کذلک انتہی

ہر شئی پر غالب ہے اور باطن یعنی ہر شئی کا عالم ہے یہی حضرت
ابن عباس کے ارشاد کا مطلب ہے بعضوں کا قول ہے کہ
وہی اول میں قدیم اور آخر میں رحیم اور ظاہر میں بردبار اور
باطن میں عالم ہے اور حضرت جنیدؒ کا ارشاد ہے کہ وہی قلوب
کھولنے میں اول اور گناہوں کے بخشنے میں آخر اور غموں
کے دفع کرنے میں ظاہر اور غیبی باتوں کی جاننے میں باطن
ہے شیخ اکبر شرح ترجمان الاشواق میں لکھتے ہیں کہ حق
اول ہے جو آخر و ظاہر و باطن کا عین ہے اور آخر ہے جو اول و ظاہر
و باطن کا عین ہے اور باطن ہے جو ظاہر و اول و آخر کا
عین ہے اور ظاہر ہے جو باطن و اول و آخر کا عین ہے
پس ہر صفت میں ویسا ہی ہے جیسا کہ اوسکی متشابہات میں ہے اور
یہ بسبب صفات واجب تعالی کے صفات خلق سے متباین ہونیکے
اسلیے کہ خلق کی کوئی صفت اوس حد سے متجاوز نہیں ہوتی جو
اوسکے لیے حق نے مقرر کردی ہے مثلاً سونگھنے کی صفت عطا نہیں
ہوتی بجز عطر اور مٹی سونگھنے کی اور صفت سمع مسموعات سے نہیں
بڑھتی یعنی اوس سے نہ دیکھا جا سکتا اور نہ کلام کیا جا سکتا ہے اسی پر اور دوسری
قیاس کرنا چاہیے پس یہ بات معلوم ہوئی کہ صفات الٰہیہ کی کونیت میں
عقول ضعیفہ کے توقف کا سبب یہ ہے کہ انہوں سے ہر ایک صفت کو ویسی ہی صفات
کے فعل اور اوسکی مشابہات پر تعقل ہوتا کہ جنہوں نے یہ بات دیکھی کہ وہ چیز انسان
کی تخلیق ہوئی اوسکی حقایق متعدی نہیں تو حق کو بھی اسی پر قیاس کیا
اور یہ گمان کیا ہے کہ حق کی صفت بھی اسی طرح ہے انتہی

قال في باب الاسرار انما اخبرنا الله تعالى
بانه الاول والآخر والظاهر والباطن
ليرشدنا الى ترك التعب في طريق معرفة
الذاتية كانه تعالى يقول الذي يطلبونه
من الباطن مثلا هو عين ما تطلبونه من
الظاهر ومع ذلك فلم تصنع النفوس الى
هذه الارشاد بل يجب في الادلة وصارت
كل شئ ظهر لها من صفات الحق تطلب خلافه
ولو انها كانت وقفت مع ما ظهر لها من
وجوه المعارف لعرفت على ما هو عليه فكان
طلبها لما غاب عينها هو عين حجابها فما
قدرت الذي ظهر لها حق قدره لشغلها
بما تخيلت انه بطن عنها وانه ما بطن عنها
شئ هو من مقامها وانما حجب كل واحد عما
فوقها مقامه لا غير وقال ايضا في الباب
السادس والخمسين ومائتين من الفتوحات
اعلم ان تجليات الحق تعالى بالاسماء لها ثلث
مراتب الاول يتجلى للعالم باسم الظاهر ولا
يبطن على العالم شئ من امر الحق تعالى وهذه
خاص لموقف القيامة الثانية ان يتجلى
للعالم في اسمه الباطن فيشهده القلوب

باب الاسرار مین لکھا ہی کہ اللہ تعالی نے ہم کو خبر دی کہ وہ اول اور
آخر اور ظاہر اور باطن ہی تاکہ معرفت ذاتیہ کی راہ مین ہمکو ترک
تعب کا راستہ دکھائی گویا کہ حقتعالی فرماتا ہی کہ وہ شخص جسکو لوگ
مثلاً باطن مین ڈھونڈھتے ہین اوسکا عین ہی جسکو تم ظاہر مین ڈھونڈھتے
ہو اور باوجود اس کے نفوس اس ارشاد کی طرف نہین جاتے
بلکہ دلیلین پسند کرتی ہین اور جو چیز انپر صفات حق سے ظاہر ہے
اسکے خلاف طلب کرتی ہین اگر وہ نفوس اس چیز کے ساتھ ٹھہرتے
جو معارف مین سے اونکے لیے ظاہر ہوئی ہی تو اوسکی ماہیت کو
پہچان جاتے پس اوس چیز کی طلب جسکی ذات غائب ہی ہی
عین حجاب ہو جاتی ہے تو جو چیز اونکے لیے ظاہر ہوئی اوسکی
پوری قدر نفوس سے نہ کی اس خیال سے کہ وہ اون سے پوشیدہ ہے
حالانکہ جو چیز اونسے پوشیدہ ہے وہ صرف مقام کی نسبت
سے ہے کیونکہ ہر نفس سے وہ چیز پوشیدہ ہوتی ہے جسکا مقام
اوس کے مافوق ہی اس کے سوا اور کچھ نہین ہی اور فتوحات
کے باب دوسو چھپن (۲۵۶) مین ہے کہ تجلیات حق کے
تین مرتبے ہین اول یہہ کہ عالم کے لیے باسم ظاہر
متجلی ہوتا ہے اور عالم پر کوئی امر حق پوشیدہ
نہین ہوتا اور یہ موقف قیامت کے لیے
خاص ہے دوسرے یہ کہ عالم مین اپنے
اسم باطن سے متجلی ہوا ہے۔ پس
قلوب اوس کا مشاہدہ کرتے ہین

دون الابصار ولهذا يجد الانسان فى فطرته
الاستناد اليه والاقرار به من غير نظر فى دليل
ويرجع فى اموره كلها اليه الثالث ان يتجلى
فى اسمه الظاهر والباطن معا وهذه خاص
بالانبياء وكمال ورثتهم انتهى كما فى اليواقيت
والجواهر شيخ ابو الحسن شاذلى گويد كه حق تعالى محو
كرد جميع اغيار را بقول خود هو الاول والاخر
والظاهر والباطن پرسيده شد كه فاين الخلق فرمود
موجودون ولكن حكمهم مع الحق كالهباءات
التى فى كوة الشمس تراها صاعدة وهابطة
واذا قبضت عليها لا تراها فهى موجودة فى
الشهود ومفقودة فى الوجود انتهى ومخفى نماند
كه محققان علوم عربيه را اتفاق است براين كه تعريف
هر دو جزو جمله موجب حصر است وهيچ قسمى از اقسام ثلثه
حصر در ما نحن فيه درست نمى گردد الا حصر محكوم به بر محكوم
عليه واين مستلزم آن است كه حق سبحانه بغير صفات
اربعه مذكوره به هيچ صفتے موصوف نباشد نيز بجز
الله موجود بودن ظاهر بودى يا باطن وبر هر دو طريق
حصر آيت مذكوره كاذب افتادے وانچه بعضے
گفته اند كه حصر در صورت تعريف جزئين اكثرى است
نه كلى جوابش آن كه باتفاق علما كثرت سبب تبادر است

نہ کہ ابصار اور اسی واسطے انسان فطرۃً اوسکی طرف استناد
کرتا اور اوسکا اقرار بلا دلیل کرتا اور اپنے کل امور مین اوسی
کی طرف رجوع کرتا ہے تیسرے یہ کہ اپنے اسم ظاہر اور
باطن سے یکدفعہ متجلی ہو ایسا ور یہ انبیا اور اونکے وارثین
کاملین سے مخصوص ہے انتہی جیسا کہ یواقیت والجواہر مین ہے
شیخ ابو الحسن شاذلی نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے کل اغیار کو
اپنے اس ارشاد ہو الاول والآخر والظاہر والباطن سے
محو کر دیا لوگون نے پوچھا کہ پھر خلق کہان ہے فرمایا موجود ہین
لیکن اون کا حکم حق کے ساتھ اون ذرون کی طرح ہے
جن کو آفتاب کی موجودگی مین کسی شعاع دان مین اوترتے
چڑھتے دیکھو اور جب وہ بند کر دیا جائے تو نہ دیکھو پس وہی
ظاہر مین موجود اور وجود مین مفقود ہے انتہی اور واضح ہو کہ
محققین علوم عربیہ کا اسپر اتفاق ہے کہ دونون جزو جملہ
کی تعریف حصر کا سبب ہے اور کسی قسم کا حصر اس مبحث
مین درست نہین بجز حصر محکوم بہ محکوم علیہ کے اور اس کو
مستلزم ہے کہ حق بغیر چارون صفات مذکورہ کے کسی
صفت سے موصوف نہو لیس اللہ کے سوا ظاہر یا باطن
مین موجود ہونا دونون طرح یہ آیت مذکورہ کا حصر
جھوٹ ہوتا اور یہ جو بعضون نے لکھا ہے کہ حصر
درصورت تعریف جزئین اکثری ہے نہ کلی اسکا
جواب یہ ہے کہ باتفاق علما کثرت سبب تبادر ہے

وتبادر علامت حقیقت است دوم آنکه زید هو العالم
باتفاق علما مفید حصر است وحصر صفتی است اضافی
ونسبتی بین الشیئین وظاهر است که مدلول ضمیر فصل
ومرجع او زید است نه نسبتی که بین الجزئین است زیراکه
حال ضمیر بافراد وتثنیه وتانیث وتذکیر بسبب اختلاف
مرجع مختلف میگردد واستفادهٔ حکم در صورت عدم ذکر
ضمیر نیز دلیل عدم دلالت وست بر نسبت وچون
دلالت بر حکم ندارد دلالتش بر حصر که اخص ازوی است
نیز نخواهد بود زیراکه حصر حکمی است مرکب از ایجاب و
سلب وانتفاء اعم مستلزم انتفاء اخص است **سوال**
میتواند بود که مجموعهٔ ضمیر وتعریف جزئین مفید حصر نباشد
جواب اگر علت حصر مجموع باشد باید که تعریف جزئین
فقط اصلا مفید حصر نباشد تا به اکثر چه رسد زیراکه انتفاء
علت مستلزم انتفاء معلول است ازینجا دانسته میشود
بطلان آنچه علماء منطق گفته اند که وضع ضمیر برائے
نسبت است

اور تبادر حقیقت کی علامت ہے دوسری یہ کہ زید
ہو العالم باتفاق علما حصر کو مفید ہے اور حصر ایک
اضافی صفت اور دو چیزون کی باہم نسبت ہے اور
ظاہر ہے کہ مدلول ضمیر فصل اور اوس کا مرجع زید ہے
نہ وہ نسبت جو دونون جزون کے درمیان ہے اس
لیے کہ ضمیر کا حال مفرد اور تثنیہ اور تانیث اور تذکیر سے
بہ نسبت اختلاف مرجع مختلف ہو جاتی اور حکم کا استفادہ
ضمیر کے ذکر نہ کرنے کی صورت مین بھی اوس کی نسبت پر
دلالت نہ کرنے کی دلیل ہے اور جب حکم پر دلالت نہین کرتی تو
اوس کی دلالت حصر پر بھی جو اوس سے اخص ہے نہ ہوگی
سوال ہو سکتا ہے کہ مجموعہ ضمیر اور تعریف جزئین مفید
حصر نہ ہو **جواب** اگر علت حصر مجموع ہو تو چاہیے کہ
صرف جزئین کی تعریف سے بالکل مفید نہ ہو تو اکثر کا
کیا ذکر اس لیے کہ نفی علت مستلزم نفی معلول کو ہے
ہے یہین سے علماء منطق کے قول کا بطلان معلوم
ہوتا ہے کہ وضع ضمیر نسبت کے لیے ہے۔

قوله قوله تعالى وفي انفسكم افلا تبصرون

اقول قول وی تعالی است در نفوس خود چرا
نمی بینید یعنی حق در نفوس شما است وشما بوجہ کوری
توہم انانیت نمی بینید وچون از حجاب ہستی محض
کہ چون حباب است وخود پرستی کہ مثل سراب است

مین کہتا ہون کہ اللہ تعالے کا ارشاد ہے کہ اپنی نفوس
مین کیون نہین دیکھتے یعنی حق تمہارے نفوس مین ہے تم بوجہ
نابینائی توہم انانیت کی نہین دیکھتے جب حجاب ہستی محض سے
جو حباب کی طرح ہے اور خود پرستی جو سراب کی طرح ہے

بیرون آئید و دیدۂ بصیرت بکحل الجواہر معرفت مکحل
سازید لامحالہ آیات و کرامات کہ در نفس انسانی تعبیہ
نمودہ اند ہدانید بعد ازان بمقتضای مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ
فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ در بارگاہ صمدیت بار یابید و اینجا
گفتہ اند کہ ہیچ راہ بہتر از راہ دل نیست اَلْقَلْبُ بَیْتُ اللّٰہِ
ہمین معنی دارد ع ای آنکہ ہمیشہ در جہان می پوئی
این سعی ترا چہ سود دارد گوئی چیزیکہ تو جویای نشان
اوئی + با تست ہمی تو جای دیگر جوئی + داود علیہ السلام
پرسید کہ یا رب ترا کجا جویم فرمود نزد کسانیکہ قلوب
اوشان بہر من شکستہ اند از بہر آنکہ ہر کہ چیزے
دوست دارد ذکرش بسیار کند اَنَا جَلِیْسُ مَنْ
ذَکَرَنِیْ آسمان چہ منزلت دارد کہ حامل او باشند زمین
چہ مرتبت دارد کہ موضع او بود قلب ہم محب اوست و ہم
مونس او و ہم موضع اسرار او پس ہر کہ طواف قلب کرد
مقصود یافت ہر کہ راہ دل غلط کرد آن پایہ دور افتاد کہ
ہرگز خود را باز نیابد درین میاویز کہ کفر قبیح است و
اسلام نیک ہر چہ ترا بخدا رساند اسلام است و ہر چہ
از راہ باز دارد کفر و در حقیقت مرد سالک را ہرگز نہ کفر
باز دارد و نہ اسلام کہ کفر و اسلام دو حالت است کہ
از و لابد است کہ تا با خود باشی و چون از خود خلاص یافتی
کفر و ایمان نیز اگر ترا طلبند نیابند آری تا بندہ نہ شوی

باہر آؤ گے اور دیدۂ بصیرت میں کحل الجواہر معرفت کا سرمہ
لگاؤ گے تو لا محالہ آیات اور کرامات جو نفس انسانی میں
رکھے گئے ہیں جانو گے اوسکے بعد بمقتضای من عرف
نفسہ فقد عرف ربہ بارگاہ صمدیت میں جا سکو گے اس لیے
کہتے ہیں کہ کوئی راہ خدا تک پہونچنے کی راہ دل سے بہتر نہیں دل
اللہ کا گھر ہے اسی معنی میں ہے ع اے شخص تو جو ہمیشہ عالم میں
دوڑتا پھرتا ہے تو یہ کوشش تیری بے فائدہ ہے جس چیز کو تو ڈھونڈھتا
ہے وہ تجھی میں موجود ہے تو اوسے دوسری جگہ تلاش کرتا ہے +
داؤد علیہ السلام نے پوچھا کہ خدایا میں تجھے کہاں تلاش کروں
حکم ہوا اون لوگوں کے پاس جنکے قلوب میرے لیے شکستہ ہیں
اسواسطے جو شخص جس چیز کو دوست رکھتا ہے اوسے بہت یاد کرتا ہے
میں اوسکا ہمنشین ہوں جو مجھکو یاد کرتا ہے آسمان و زمین کی کیا
طاقت جو اوسکے حامل ہوں قلب اوس کا محب بھی ہے اور مونس
اور موضع اسرار بھی تو جس نے قلب کا طواف کیا مقصود پالیا اور
جس نے دل کی راہ بھلا دی اتنا دور جا پڑا کہ پھر اپنی کو واپس
پا نہیں سکا یہ خیال نہ کرو کہ کفر برا ہے اور اسلام اچھا جو چیز تمکو
خدا تک پہونچا دے وہ اسلام ہے اور جو باز رکھے وہ کفر در حقیقت
سالک کو ہرگز نہ کفر باز رکھ سکتا ہے اور نہ اسلام کیونکہ کفر و
اسلام دو ضروری حالتیں ہیں جبتک اپنی خودی میں ہو
اور جب خودی سے علحدہ ہو گئے تو اگر کفر اور ایمان تم کو تلاش
بھی کریں تو نہ پاویں سچ ہے کہ جبتک بندہ نہ ہو گے

آزاد نشوی و تا فقیر نشوی غنی نباشی و تا همه بر هم نزنی و پشت بر همه نکنی همه نشوی تا پشت بهر دو عالم نکنی به آدم و آدمیت نرسی

آزاد نہوگی اور جبتک فقیر نہوگی امیر نہوگی اور جبتک سب کو تہ وبالا کرکے اور سب سے توجہ نہ ہٹاوگی مرتبہ کلی مین نہ پہنچوگی اور جبتک دونون عالم سی منہ نہ پھیروگی مرتبۂ آدم اور آدمیت تک نہ پہونچوگے۔

قوله قوله تعالیٰ واذا سالك عبادی عنی فانی قریب

اقول قول وی تعالیٰ است هرگاه بپرسند از تو بندگان من مرا پس بگو که من قریب ام معنی قرب سابقاً گذشتند و اقرب طرق وصول الی الله نزد حضرت قلندر نفی وجود است گو صوم و صلوة نیز طریقه وصول بحضرت احدیت بوده اند اما تمام نمیشود وصول بدون نفی وجود و بدین وجه می باید سالك از امداد ظاهری و باطنی آن قدر که می یابد ازین هر دو چرا که هرگاه وجود منتفی شود سائر اوصاف او مضمحل گردند و بر گردد سالك عبد خالص و این معنی دارد وجودك ذنب لا یقاس به ذنب رزقنی الله۔

مین کہتا ہون اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے جب میرے بندے تم سے مجھکو پوچھین تو کہدو کہ مین قریب ہون قرب کے معنے پہلے گذر چکے سب سے نزدیک راستہ خدا تک پہونچنے کا حضرات قلندران عظام کے نزدیک نفی وجود ہے اگرچہ صوم و صلوة بھی طریقۂ وصول حضرت احدیت مین لیکن پورا وصول بغیر نفی وجود کے نہین ہوتا ہے اور اس سی سالک امداد ظاہری اور باطنی اسقدر پاتا ہی جا اون دونو سی نہین پاتا کیونکہ جب وجود منتفی ہو جاتا تو کل اوصاف مضمحل ہو جاتی ہین اور سالک عبد خالص ہو جاتا ہی اس مقولہ کا کہ تیرا وجود وہ گناہ ہی جسکے برابر کوئی گناہ نہین یہی مطلب ہے۔ اللہ مجھکو بھی توفیق دے

قوله قوله تعالیٰ ما رمیت اذ رمیت ولکن الله رمی

اقول قول وی تعالیٰ است نه انداخته بودی تو وقتیکه انداخته بودی ولیکن انداخت حق سبحانه و این آیت مخبر از قرب فرایض است درین مرتبه حق فاعل است و بنده آله و ظاهر است که حق جل مجده در وقت صدور رمی از سرور عالم صلی الله علیه وسلم نفی رمی نمود یعنی ای محمد صلی الله علیه وسلم تو رمی نکردی لیکن

مین کہتا ہون اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ تم نے تیر نہین پھینکا تھا جب کہ تیر پھینکا تھا بلکہ اللہ نے تیر پھینکا یہ آیت قرب فرایض کی مخبر ہے اس مرتبے مین حق فاعل ہے اور بندہ آلہ اور ظاہر ہے کہ حق نے تیر پھینکنے کے وقت آنحضرت سے تیر پھینکنے کی نفی فرمائی یعنی اے محمد صلعم تم نے تیر نہین پھینکا بلکہ

حق تعالی رمی کرد چراکه تو آله بودی ومن فاعل بودم
ونسبت افعال درحقیقت بسوی فاعل است وبمجاز
بسوی آله میشود وکذا فی سلوک القادریة للمولوی
رفیع الدین القندهاری وقلت فی هذه الآیة
وقوله تعالی ید الله فوق ایدیهم نزول الحق
الی الخلق من حیث یشاء تفضلا منه واظهار
العنایة علی اخص العباد لان السیر له النزول
الی الخلق اذ لا یحکم علیه ولیس المراد بالنزول
الحلول او الاتحاد بالمعنی اللغوی تعالی عن
ذلک بل المراد منه انتساب الحق الی الخلق
نسبة مراتب الحقیة فی الاسماء کالرب والرحیم
وغیرهما وانتسابه الیه بعض مراتب الخلقیة
فی الاوصاف کالجوع والمرض ونحوهما وان
کان بوجه من التاویل والتفویض علی
علم الالهی فهذه النزول للرب والعروج للعبد
دائمان ثابتان للتجلی الالهی فی الالوهیة ففی
الحقیقة هو الله لا غیر یفعل ما یشاء ویحکم
ما یرید وقال صاحب نقد النصوص فی
الفص الابراهیمیة وکذلک هو الرامی حقیقة
فی ذرمیت فیده ای ید محمد علیه السلام
ید الحق وهو الرامی لنفیه الرمی عن محمد علیه السلام

خدا نے پھینکا کیونکہ تم آلہ تھے اور مین فاعل تھا اور افعال
کی نسبت حقیقتًا فاعل کیطرف ہوتی ہی اور مجازًا آلہ کیطرف
ایسا ہی مولوی رفیع الدین قندھاری کی کتاب سلوک القادریہ
مین ہی مین کہونگا کہ اس آیت اور اللہ تعالے کے ارشاد
ید اللہ فوق ایدیہم مین حق کا خلق کیطرف نزول ہی جس طرح
چاہے تفضل اور مخصوص بندون پر اظہار عنایت کے لیے
اس لیے کہ اوس کی سیر خلق کی طرف نزول ہی کیونکہ اوسپر
حکم نہین کیا جاتا ہے اور نزول سے مراد حلول یا اتحاد کے
لغوی معنی نہین ہین کیونکہ واجب تعالی اس سے برتر ہی بلکہ
اوس سے حق کا سلسلہ خلق کی طرف نسبت کرنا ہی بطور
نسبت مراتب حقیہ کے اسما مین جیسے رب اور رحیم وغیرہ اور
اوس کا اپنی طرف بعض اوصاف خلقیہ منسوب کرنا جیسے
بھوک اور مرض وغیرہ اگرچہ تاویل یا تفویض کسی وجہ سے
علم الٰہی مین ہو تو بھی رب کا نزول اور عبد کا عروج ہی
اور یہ دونون دائمی اور تجلی الٰہی کے لیے الوہیت مین
ثابت ہین پس درحقیقت وہی اللہ ہے نہ غیر اللہ
جو کچھ چاہتا ہے کرتا ہے جس بات کا ارادہ کرتا ہے
اوس کا حکم کرتا ہے صاحب نقد النصوص نے فص
ابراہیمیہ مین لکھا ہے کہ اسی طرح حقیقتًا اذ رمیت
مین وہی رامی ہے یعنی آنحضرت صلعم کا ہاتھ
خدا کا ہاتھ ہے اور وہی رامی ہے کیونکہ خدا نے اپنے

فی قوله وما رمیت واثبات الرمی للحق سبحانه بقوله ولکن الله رمی وهذا قرب الفرائض انتهی

ارشاد وما رمیت سے رمی آنحضرت کی نفی فرما کر ولکن الله رمیٰ سے اپنی رمی ثابت کی ہے اور یہی قرب فرائض ہے انتہی

قوله وغیر ذلك من الآیات الکریمة

اقول سوای ازین دیگر آیات کریمہ اند کہ دلالت بر وحدت وجود دارند بلکہ نزد من نزول جملہ قرآن بر بنائے وحدت وجود است کما لا یخفیٰ۔

میں کہتا ہوں علاوہ اسکے اور آیات کریمہ بھی ہیں جو وحدت وجود پر دلالت کرتی ہیں بلکہ میرے نزدیک تمام قرآن کا نزول وحدت وجود کو ثابت کرنیکی بنا پر ہے جیسا کہ مخفی نہیں

قوله ومن اقواله صلی الله علیه وسلم اصدق کلمة قالها العرب قول لبید الا کل شیء ما خلا الله باطل

اقول واز اقوال آنحضرت است راست ترین کلمات کہ عرب گفتہ اند قول لبید شاعر است آگاہ باشید کہ ہر شی ما سوائے حق باطل است تحقیق این آنکہ ماہیات ممکنہ اگرچہ مجعول اند وموجود اما من حیث ذاتها مسلوبة التقرر والتجوهر اند پس ممکنات ہالکہ اند الا بنظر الی وجه الحق الجاعل فهو الموجود وما سواه باطل فی حد ذاته وانما هو بانتسابه الی باریه فلو لم یمسك السموات والارض لزالتا ان امسکهما من احد من بعده این اند معنی اصدق کلمہ عرب یعنی کلمہ لبید شاعر پس مناط انتزاع موجودیت آن مناط انتساب است بسوی جاعل پس عالم را سر قوام او بنظر الی الجعل جاعل قیوم توانا است وانتساب بسوی او واگر از واجب قیوم قطع نظر کردہ شود نماند مر عالم را تقرر و تمیز کہ انتزاع

میں کہتا ہوں آنحضرتؐ کا ارشاد ہے کہ عمدہ ترین کلمات عرب لبید شاعر کا قول ہے کہ ہر چیز اللہ کے سوا باطل ہے تحقیق اسکی یہ ہے کہ ماہیات ممکنہ اگرچہ مجعول و موجود ہیں لیکن بحیثیت ذات اونکا تقرر اور تجوہر مسلوب ہے پس ممکنات ہمیشہ ہالک ہیں مگر بہ نظر وجہ حق جاعل یعنی خالق موجود ہیں اس کے علاوہ ہر چیز اپنی حد ذات میں باطل ہے اور در حقیقت باری تعالےٰ سے منسوب ہونے سے موجود ہے پس اگر آسمانوں کو اور زمینوں کو نہ روکتا تو وہ زائل ہو جاتے اور اسکے سوا ان کو کون روکتا یہی معنی اوس سچے کلمہ عرب یعنی مقولہ لبید شاعر کے ہیں پس موقوف الیہ اسکی انتزاع موجودیت کا اوسکے انتساب کا جاعل کیطرف موقوف ہوتا ہے تو تمام عالم کا قیام بنظر جعل جاعل قیوم توانا سے ہے اور انتساب بھی اوسی کی طرف ہے اگر واجب قیوم سے قطع نظر کی جاے تو عالم کے لیے تقرر اور تمیز کچھ بھی نہ رہیگا جس سے انتزاع

موجودیت ازان تصور کرده آید پس واجب بالحقیقت
وجود عالم است یعنی آنکه صدق وجود بر عالم و انتزاع
موجودیت از عالم آن حیثیت انتساب است بجناب
رفیع او ولیکن واجب چون مقرر بذات خود است
پس ذات او همان وجود است بدان معنی که موجودیت
منتزع است از ذات و کنه حقیقت او بلا اعتبار حیثیتی
تعلیلیه و تقییدیه پس نسبت موجودیت باو مثل نسبت
منتزعه انسانیت است بسوی انسان و مراد ما ازین نسبت
که عقل تصور ذات و کنه حقیقت کرده ازان این انتزاع
کرده است تا خلاف تحقیقات سابقه فهمیده شود بلکه
مقصود اینست که عقل بشهادت برهان حکم میکند که این
حقیقت حقه مجهولة الکنه بعینها مناط انتزاع الانیت
است پس لائح گشته که وجود او تعالی لذاته بذاته است
و وجود سائر ذوات از جعل او و افاضه اوست پس وجود
در حقیقت یکی بیش نیست و کذلک موجود بالذات نیز
یکی اگرچه در موجود بوجه انتساب تعدد و تکثر است
هذا کما قاله اساطین الحکمة من اهل الاشراق
ان الوجود واحد والمتکثر هو الموجود و ازین
بدان که عالم بنظام جملی خود معلول واحد است و بذاته
فائض از علت واجبه خویش لکون ذاته تابعا
لذات مبدئه و موجده و مناسبا له و ظلا

موجودیت خیال کیا جاتا ہے پس واجب در حقیقت عالم کا وجود
اس معنی میں ہے کہ صدق وجود عالم پر اور انتزاع موجودیت
عالم سے اوس حیثیت میں حق کیطرف انتساب ہے مگر واجب چونکہ
بذاتہ مقرر ہے تو اوسکی ذات ہی اوسکا وجود ہے اسطرح کہ موجودیت
اوسکی ذات اور اوسکی کنہ حقیقت سے بغیر اعتبار کسی حیثیت تعلیلیہ
اور تقییدیہ کی منتزع ہے اوسکی ساتھ نسبت موجودیت انسان
کیطرف نسبت منتزع انسانیہ کیطرح ہے اور اس سے ہمارا یہ مقصد
نہیں ہے کہ عقل نے ذات اور کنہ حقیقت کا تصور کرکے اوس سے
یہ انتزاع کیا ہے تا کہ خلاف تحقیقات سابقہ سمجھی جائے بلکہ
یہ مقصود ہے کہ عقل بشہادت دلیل یہ حکم کرتی ہے کہ
حقیقت حقہ مجہولة الکنہ بذاتہ موقوف علیہ انتزاع انیت
کی ہے تو ظاہر ہوا کہ واجب تعالی کا وجود ذاتی ہے اور
باقی تمام ذاتیں اوسکی صفت خلق و افاضہ سے ہیں پس
وجود حقیقتا ایک ہے زائد نہیں اسی طرح موجود بالذات بھی ایک
ہے اگرچہ موجودوں میں بوجہ انتساب تعدد اور تکثر ہے ایسا ہی
حکمائے اشراقین اساطین حکمت کا قول ہے کہ وجود
در حقیقت ایک ہے اور موجود متکثر ہے پھر جاننا چاہیے
کہ عالم اپنے نظام کلی سے معلول واحد ہے اور بذاتہ
اپنی علت واجبہ سے فائض کیونکہ اوس کی
ذات اپنے مبدء اور موجد کی ذات کی تابع اور
اوراوس کی ذات کریمہ کے مناسب اور اوسکی ظل

لذاته الكونية لیکن ہرگاہ ازین نظر بریدہ آید خود ابود عالم تفصیلاً معلولات شتّی کہ ہر ہمہ ظل مبدا اند و فیض علیہ و قائم بہ اما بدون وساطت تنزل سابق او

يسبق لكونه غير صالح للاستناد اليه بلا واسطة پس در حقیقت نیست آنجا مگر ذات واحدہ کہ اورا ظل ممدود است و فیض مبسوط و این معرفت قدسیہ غایت اقدام عقول است و نہایت مقام فحول اما درجات عرفان متفاوت اند مگر چون این معرفت بر باطن مستولی شود و بہ نور آن قلب مستضئ گردد لا سیما اگر حصولش از راہ کشف بود قطع کند عارف نظر را از رویت نفس خود و صفات آن و فنا کند ذات و صفات خود را در ذات و صفات او تعالی پس بیند جمال او در آئینہ نفس خویش بل قطع گردد نظر او از عالم بالکلیہ و مستہلک گردند ذوات باسرہا در ذات و صفات حق و بیند حق را در ہر شئ بل نہ بیند در وجود دیگر حقیقت وحدانیہ کہ نورش محیط دائرۂ اکوان است و در گیرد اورا دہشتی کہ زبانش گنگ گردد و نیز در افاضۂ حق بہر زمان مراد آن نیست کہ تاثیر حق زمانی است بل آنکہ اللہ تعالی افاضۂ ماہیت کند و اگر داند ذات

آنہا را با فاضۂ دہری و جعل ابداعی ممال کون

المجعولية والماهية المجعولة مختصة بزمان

ہے لیکن جب اس سے قطع نظر کی جائے تو عالم تفصیلاً مختلف معلولات ہوگا جو سب مبدا کے ظل اور اوس پر فائض اور اوس سے قائم ہین مگر بغیر وساطت تنزل

سابق کے یا بوجہ اوسکے بلا واسطہ استناد کے لیے صالح نہونیکے پس درحقیقت وہان ذات واحد کے سوا کوئی چیز نہین جسکا سایہ ممدود اور فیض مبسوط ہے اور یہ معرفت قدسی عقلا کی اخیری دریافت اور علما کے مقام کی انتہا ہی لیکن عرفان کی درجے مختلف ہین مگر جب یہ معرفت باطن پر غالب ہوجاتی ہی اور اوسکی نور سی قلب روشن ہوجاتا ہی خصوصًا اگر اوسکا حصول بذریعہ کشف ہوتا ہی تو عارف اپنی نفس اور اوس کے صفات کی رویت سی قطع نظر کرتا ہے اور اپنی ذات و صفات کو ذات و صفات حق مین فنا کردیتا ہے تب اوسکا جمال اپنی آئینہ نفس مین دیکھتا ہی بلکہ اوسکی نظر عالم سی بالکل اوٹھ جاتی ہی اور تمام ذاتین بالکل ذات و صفات حق مین فانی ہوجاتی ہین اور حق کو ہر شی مین دیکھتا ہی بلکہ وجود مین ایک حقیقت کے سوا کچھ نہین دیکھتا جسکا نور دائرۂ عالم کو محیط ہی اور وہ خائف ہوجاتا ہی اوسکی زبان بند ہوجاتی ہی اور ہر گھڑی افاضۂ حق سے یہ مراد نہین کہ تاثیر حق زمانی ہے بلکہ اللہ تعالے ماہیت کا افاضہ کرتا ہے اور اون کی ذاتون کو افاضۂ

زمانی و جعل ابداعی کے ساتھ مجعولیت اور ماہیت مجعولہ

ہونے کے وقت کسی زمانہ سے مخصوص کردیتا ہے

ای یصلح الهیته لقبول الفیض فی ذلک الزمان
فهذا هو الحق الحقیق بالقبول وبه نأخذ و
به نقول نعم سه عبارتنا شتی وحسنک
واحد ؛ وکل الی ذاک الجمال یشیر ؛

یعنی ماہیت اسی زمانہ مین قبول فیض کی صلاحیت رکھتی
ہے پس یہی امر ثابت قابل قبول ہے اور اسی کو ہم
اختیار کر کے کہتے ہین کہ ہمارے بیانات مختلف اور تیرا
حسن ایک ہی ہے اور ہر شخص اسی حسن کی طرف اشارہ کرتا ہے

قوله قوله صلی الله علیه وسلم ان احدکم اذا قام للصلوٰة فانما یناجی ربه فان ربه بینه وبین القبلة

اقول وقول آنحضرت صلی الله علیه وسلم از شما
کسیکه بر نماز می استد پس جز این نیست که مناجات
بحق می کند وتحقیق رب او میان او و قبله اوست
واین نیز اشاره به قربیست از دو قرب مذکوره

مین کہتا ہون آنحضرت صلعم کا ارشاد ہے کہ تم مین سے جو
شخص نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے وہ حقیقتاً حق سے مناجات
کرتا ہے اور بیشک اوس کا رب اوس کے اور قبلہ کے
درمیان ہے یہ بھی اشارہ اونھین قرب مذکورہ کی طرف ہے

**قوله قوله صلی الله علیه وسلم و ما یزال عبدی یتقرب الی بالنوافل حتی
احبه فاذا احببته کنت سمعه الذی یسمع به وبصره الذی یبصر به**

اقول وقول آنحضرت صلی الله علیه وسلم همیشه
است بندهٔ من که نزدیکی میجوید بسوی من بنوافل
یعنی عبادتی که واجب نیستند تا آنکه دوست میدارم
من بنده را پس چون دوست میدارم او را می باشم
من شنوائی وی که می شنود به آن و می باشم
بینائی وی که می بیند بآن ویده التی یبطش بها
و می باشم دست آن بنده که میگیرد به آن بطش
در اصل حمله کردن و سخت گرفتن و مراد این جا مطلق
گرفتن است و رجله التی یمشی بها و می باشم
پای وی که راه می رود بآن و در بعضی روایات

مین کہتا ہون آنحضرت صلعم کا ارشاد ہے کہ ہمیشہ
میرا بندہ میری طرف بذریعہ نوافل یعنی وہ عبادات
جو واجب نہین قرب طلب کرتا ہے یہان تک کہ مین
اوسے دوست بنا لیتا ہون جب دوست بنا لیتا
ہون تو پھر مین ہی اوس کی سماعت ہو جاتا ہون
جس سے وہ سنتا ہے اور اوس کی بینائی
جس سے وہ دیکھتا ہے اور اوس کا ہاتھ جس
سے وہ پکڑتا ہے بطش کے معنے حملہ کرنے اور مضبوط
پکڑنے کے ہین یہان صرف پکڑنا مراد ہے اور اوس کے
پیر جس سے وہ چلتا ہے اور بعض روایتون مین ہے

وفواده الذی یعقل به یعنی باشم دل وے که
ادراک می کند بآن ولسانه الذی یتکلم به و
زبان وی که سخن می کند بآن و در آخر این حدیث
در بعضی روایات این نیز زیادت می کند که بی یسمع
یعنی بمن می شنود و بی یبصر یعنی بمن می بیند و بی
یبطش یعنی بمن می گیرد و بی یمشی یعنی بمن می رود
یعنی نمی شنود و نمی بیند و نمی گیرد و نمی رود بسوئی
چیزے مگر آنکه ملحوظ و مقصود وے رضا و طاعت
من می باشد و منظور و مشهود وے ذات مقدس
من است و اول این مرتبه عمل است از جهت امتثال
امر و بے نیست تقرب بسوی وی سبحانه و آخر وی فنا
در توحید و مراین کلام را بیانے است که در فتوح الغیب
آورده شده است کذا قال الشیخ الدهلوی
سوال اگر گوئی که جماعتے ازین حدیث فهمیدند
وجود اتحاد حق تعالی بعبد و حدوث آن در ان و
این سابقًا باطل کرده رفت جواب معنی کنت
سمعه الی آخر این اند که این کون شهودی مرتب
است برین شرط که آن حصول معیت است پس
بحیثیت ترتیب شهودی آمد حدوث مشار الیه بقوله
کنت سمعه لا من حیث التقدیر الوجودی
شیخ محی الدین بن عربی در باب ثامن و ستین در کلام

اوس کا دل جس سے وہ ادراک کرتا ہے اور اوس کی
زبان جس سے وہ بات کرتا ہے اور اس حدیث کے
آخر میں بعض روایتوں میں اتنا اور زیادہ ہے کہ پھر
مجھی سے سنتا اور مجھی سے دیکھتا ہے اور مجھی سے پکڑتا
اور مجھی سے چلتا ہے یعنی نہ سنتا اور نہ دیکھتا اور نہ
پکڑتا اور نہ کسی چیز کی طرف جاتا ہے مگر اوس کا ملحوظ
اور مقصود میری خوشنودی اور عبادت ہوتی
ہے اور اوس کا منظور نظر اور مشہود میری ذات
مقدس ہوتی ہے اور اوس کا پہلا مرتبہ عمل ہے
بسبب اوس کے امتثال امر اور نیت تقرب
حق کے جس کا آخر مرتبہ توحید میں فنا ہے اور
مخصوص طور پر اس ارشاد کی توضیح شرح
فتوح الغیب میں کی گئی ہے ایسا ہی شیخ عبد الحق
محدث دہلوی نے لکھا ہے سوال اگر یہ کہو کہ ایک
جماعت نے اس حدیث سے حق اور بندہ کے
اتحاد وجود و حدوث کو سمجھا ہے جو پہلے ہی باطل
کیا جا چکا ہے جواب کنت سمعہ کے معنی یہ ہیں کہ
کہ یہ کون شہودی اس شرط پر مرتب ہے کہ وہ معیت کا
حصول ہے پس بحیثیت ترتیب شہودی کنت سمعہ
سے مشار الیہ کا حدوث ہوا نہ بحیثیت تقدیر وجودی کے
شیخ محی الدین ابن عربی فتوحات مکیہ کی اڑسٹھویں باب یعنی

على الاذان فی الفتوحات المکیه گوید که مراد به کنت
سمعه و بصره الی آخره انکشاف امر است برای آنکه
بنده بتقرب نوافل حاصل ساخت چرا که حق تعالی
سمع عبد قبل تقرب نبود ثم کان الآن تعالی الله
عن ذلك وعن عوارض الطاریة قال وهذه
من اغمض المسائل الالهیة سوال اگر پرسی که درین
حدیث حق تعالی صور حسیه را از سمع و بصر و نحوها چرا
ذکر فرمود و چون ذکر نکرد قوای روحانیه را کالخیال
والحفظ والفکر والتصور والوهم والعقل وما
وجه تخصیص الحسیة جواب شیخ اکبر خود
در باب سادس واربعین وثلاثمائة از فتوحات
گفته اند که انه تعالی ما ذکر الحواس الظاهرة الا
لکونها مفتقرة الی الله لا الی غیره بخلاف
القوی الروحانیة فانها مفتقرة الی الحواس
والحق تعالی لا ینزل منزلة من یفتقر الی غیره
بخلاف من هو مفتقر الی الله تعالی وحده
لا شریك به احد فقد بان لك ان الحواس
الظاهرة اسم لکونها هو التی یهب للقوی
الروحانیة ما تتصرف فیه وما به یکون
حیاتها العلمیة والله اعلم و در باب الاسرار
من الفتوحات گفته که ومن قال بالحلول فهو

باب الاذان مین لکھتے ہین کہ کنت سمعہ و بصرہ سی مراد
انکشاف امر ہے اس لیے کہ بندہ نے قرب نوافل سے
یہ حاصل کیا ہے کیونکہ حق تعالی سمع عبد تقرب کے پہلے
نہ تھا اب ہوا اللہ تعالی اس سی اور عوارض طاریہ سی برتر ہے
اور کہا کہ یہ مشکل ترین مسائل آلہیہ سے ہے سوال
اس حدیث مین حق تعالے نے ہمارے صور حسیہ
یعنی سمع و بصر وغیرہ کا کیون ذکر کیا اور کیون قوائے
روحانیہ یعنی خیال اور حافظہ اور فکر اور تصور اور
وہم اور عقل کا ذکر نہ کیا حسیہ کی تخصیص کی کیا وجہ
ہے جواب خود شیخ اکبر فتوحات کے دو سو چھیالیسوین
باب مین لکھتے ہین کہ اللہ تعالے نے حواس ظاہرہ کو بسبب
اونکے حق کی طرف محتاج ہونے اور غیر کی طرف محتاج
نہ ہونے کے ذکر کیا بخلاف قوائے روحانیہ کے جو
درحقیقت حواس کے محتاج ہین اور حق تعالی اوس چیز
کیطرف نزول نہین فرماتا جو اوسکے غیر کی محتاج ہو
بخلاف اونکے کہ جو اوسی کے محتاج ہون بزرگ و یکتا ہے
اوسکا کوئی شریک نہین تو تم پر یہ بات ظاہر ہوئی کہ حواس ظاہرہ
اون چیزونکا نام ہے جو قوائے روحانیہ کو وہ چیز بخشتے ہین
جس مین قوای روحانیہ تصرف کرتے ہین جس کی وجہ سے
اونکو حیات علمیہ ہوتی ہے واللہ اعلم اور فتوحات کے
باب الاسرار مین ہے کہ جو شخص حلول کا قائل ہے وہ

معلول فان القول بالحلول مرض لا یزول
ومن فصّل بینك وبینه اثبت عینك و
عینه الا تری قوله کنت سمعه الذی یسمع
به فاثبتك باعادة الضمیر الیك لیدل
علیك وما قال بالاتحاد الا اهل الالحاد و
کما ان القائل بالحلول من اهل الجهل
والفضول فانه اثبت حالاً ومحلاً فمن
فصّل نفسه عن الحق فنعم ما فعل ومن وصل
فکانه شهد علی نفسه بانه کان منفصلاً حتّی
اتصل والشئ الواحد لا یصل نفسه وما ثم الا
ذاته ومصنوعاته وایضاً الحادث لا یخلو
من الحوادث ولو حل بالحوادث القدیم
لصح قول اهل التجسیم فالقدیم لا یحل ولا یکون
محلاً ومن ادّعی الوصل فهو فی عین الفصل
انتهی و در باب ثانی وتسعین ومائتین از فتوحات
گوید که اعظم دلیل بر نفی حلول و اتحاد این است که عقلاً
میدانی که در قمر چیزے از نور شمس نیست و نه شمس
بذاتها منتقل می شود پس در عبد نیست از خالق او
شئ حال انتهی ۔ و نیز ظاہر است که اگر حق در عالم حال
شود ہمانا حق تعالی قدیم و نیز قلب حقایق لازم آید و
این ہر دو قاعدہ مقررہ عقلا درست نیاید ۔ و نیز فقیر

بیمار ہی کیونکہ حلول کا قائل ہونا مرض لازوال ہی اور جس نے
تیرے اور اوسکے درمیان مین فصل کر دیا اوسنے تیری اور
اوسکی عینیت ثابت کر دی دیکھو کہ کنت سمعہ الذی یسمع بہ مین
تمہاری طرف ضمیر کے اعادہ سی تمہارے لیئے ثابت کر دیا تاکہ
تمہاری لیئے دلیل ہو اور اتحاد کا قائل ملحد کی سوا کوئی نہین اسیطرح
حلول کا قائل بھی جاہل اور فضولی ہی کیونکہ اوسنے حال اور محل کو
ثابت کیا ہی تو جس نی اپنی نفس کو حق سی علیحدہ کیا اوسنے جو کچھ
کیا اچھا کیا اور جس نی ملا دیا گویا اپنی نفس پر اس بات کا گواہ
ہوا کہ وہ علیحدہ تھا پھر متصل ہوا اور شئی اپنی ذات سے
نہین ملتی اور یہان صرف اوس کی ذات ہی ہے اور
اوس کے مصنوعات نیز حادث حادث سی خالی نہین ہوتا
اور اگر حوادث مین قدیم حال ہو تو البتہ اہل تجسیم کا قول
بھی صحیح ہو گا پس قدیم نہ حال ہوتا ہے نہ محل جو شخص
وصل کا مدعی ہو وہ عین فصل مین ہی انتہی اور فتوحات
کے باب دو سو بیانوے ۲۹۲ مین لکھتے ہین کہ اعلی دلیل نفی
حلول و اتحاد یہ ہی کہ عقلاً تم اس کو جانتے ہو کہ ماہتاب
مین کوئی چیز نور آفتاب سے نہین اور نہ آفتاب بذاتہ
منتقل ہوتا ہے لہذا بندہ مین بھی اوس کے خالق سے
کوئی چیز حال نہین انتہی اور ظاہر ہی کہ اگر حق عالم مین حلول
کر جائے تو حق قدیم نہ رہے اور قلب حقایق بھی لازم
آوی اور یہ بھی عقلا کے قاعدہ مقررہ پر ٹھیک نہین اور فقیر

کاتب الحروف میگوید کہ حق خلق و خلق حق بدین اعتبار نیز نمیتواند شد و معلول در رتبہ علت ہرگز نمیتواند گشت فتامل یا اخی فانک لا تجدہ فی غیر کتابی

کاتب الحروف کہتا ہے کہ حق کا خلق اور خلق کا حق ہونا اس اعتبار سے بھی ممکن نہین کہ معلول علت ہرگز نہین ہو سکتا لہذا اسمین غور کرو دوسری کتاب کے سوا اور کہین نہ پاؤگے

قولہ قولہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ یقول مرضت فلم تعدنی

اقول قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم است کہ او تعالی خواہد فرمود در روز قیامت بیمار شدم پس مرا عیادت نکردی۔ و تحقیق این در شرح مشکوۃ شریف موجود است آن جا باید نگریست۔

مین کہتا ہون کہ آنحضرت کا قول ہے کہ اللہ تعالے نے قیامت کے دن فرمائیگا کہ مین بیمار ہوا تو نے میری عیادت نکی اس کی تحقیق شرح مشکوۃ شریف مین موجود ہے اوس مین دیکھنا چاہیے۔

قولہ وروی الترمذی فی حدیث والذی نفس محمد بیدہ لو انکم دلیتم بحبل الی الارض السفلی لھبط علی اللہ ثم قرء ھو الاول والاخر والظاھر والباطن وھو بکل شیء علیم

اقول ترمذی از ابوہریرہؓ در حدیثی طویل روایت می کند کہ فرمود آنحضرت قسم بکسیکہ جان من بقبضۂ قدرت اوست کہ اگر بیندازید شما دلوے بہ ریسمانی بستہ بر زمین اسفل ہر آئینہ خواہد آفتاد آن ریسمان بر خدا گوییم چرا کہ نقطۂ مرکز آسمان و زمین و ہر چہ دران و درین است وجود مطلق است کہ اسم او اللہ است پس تحت و فوق باو یکسان باشد و چنانچہ در باطن زمین باشد در باطن آسمان نیز باشد و ہر چہ در سموات است کہ عالم ارواح است از وست و ہر چہ در زمین است کہ عالم اجسام است ہم از وست بعد ازان فرمود آنحضرتؐ ھو الاول والاخر

مین کہتا ہون کہ ترمذی ابوہریرہ سے حدیث طویل روایت کرتے ہین کہ آنحضرتؐ نے فرمایا قسم اوسکی جسکے قبضہ قدرت مین میری جان ہے اگر تم ڈول کو رسی مین باندھکر زمین کے نیچے ڈالو تو وہ رسی خدا پر پڑیگی مین کہونگا اس واسطے کہ نقطہ مرکز آسمان اور زمین اور جو کچھ اسمین یا اوس مین ہے ایک وجود مطلق ہے جس کا نام اللہ ہے تحت و فوق اوسکے نزدیک برابر ہے جس طرح باطن زمین مین ہے باطن آسمان مین بھی ہے اور جو کچھ آسمانون مین ہے یعنی عالم ارواح اوسی کا ہے اور جو کچھ زمین مین ہے یعنی عالم اجسام وہ اوسی کے لیے ہے پھر آنحضرت صلعم نے فرمایا ھو الاول والاخر

والظاهر والباطن وهو بکل شیء علیم یعنی چون حضرت حق وجود خودرا معلوم فرمود ازان چار نسبت متحقق شدند صفت علم او خودرا وصفت نور که مستلزم ظهور اوست خودرا وصفت وجود ای یافتن او خودرا وشهود ای حضور او خودرا از تحقق علم عالمیت ومعلومیت متحقق شد واز نور ظاهریت ومظهریت واز وجود واجبیت وموجودیت واز شهود شاهدیت ومشهودیت وباز ظهور که لازم نور است مستلزم بطون شد چه ظهور متأخر است از بطون وبطون مقدم بر ظهور به تقدیم ذاتی واین مستلزم اولیت وآخریت شد پس بوسیلهٔ ظهور که لازم نور است چار صفت دیگر متحقق شدند اول وآخر وظاهر وباطن۔

والظاهر والباطن وهو بکل شیء علیم یعنی جب حضرت حق نے اپنا وجود معلوم کیا اوس سے چار نسبتین ثابت ہوئین اوس کی صفت علم اپنے لیے اور صفت نور جو اوس کے ظہور کو مستلزم ہی اور صفت وجود یعنی اوس کا اپنے کو پانا اور شہود یعنی اوسکا حضور اپنے لیے تحقق علم سے عالمیت اور معلومیت متحقق ہوئی اور نور سے ظاہریت اور مظہریت اور وجود سے واجبیت اور موجودیت اور شہود سے شاہدیت اور مشہودیت پھر ظہور جو لازم نور سے بطون کا مستلزم ہوا کیونکہ ظہور بطون کے بعد سے اور بطون ظہور پر ذاتاً مقدم سے اور یہ اولیت اور آخریت کا مستلزم ہوا تو بسبب ظہور کے جو لازم نور سے چار صفتین ثابت ہوئین اول اور آخر اور ظاہر اور باطن۔

قوله وقال امیر المؤمنین علی کرم الله وجهه عرفت ربی بربی ولم اعبد ربا لم اراه۔

اقول فرمود امیر المؤمنین علی کرم الله وجهه شناختم رب خودرا برب خود ونمی پرستم خدائے راکه نبینم اورا وشرح این ظاهر است الی غیر ذلک

مین کہتا ہون کہ امیر المؤمنین علی کرم الله وجہہ نے فرمایا کہ مین نے اپنی رب کو اپنی رب سے پہچانا اور مین خدا کی پرستش نہین کرتا ہون جبتک اوسکو دیکھتا نہین ہون اور اسکی شرح ظاہر ہے اسکی علاوہ اور بھی ہین

قوله واما اقوال الائمة العارفین بالله الدالة علی وحدة الوجود فاکثر کثیرة بحیث لا یاتی فی العد والحصر ولذا لم اذکرها وان شئت فعلیك بمطالعة کتبهم

اقول واما اقوال ائمهٔ عارفین که مثبت وحدت وجود اند پس بسیار تر اند که در شمار وحصار نمی تواند رسید تا کجا ذکر کنیم اگر خواهی در کتب ورسائل ایشان ببین۔

مین کہتا ہون کہ ائمۂ عارفین کی اقوال مثبت وحدت وجود بہت زیادہ ہین جو حصر اور شمار مین نہین آسکتے کہان تک ہم ذکر کرین اگر چاہو تو اونکی کتابون اور رسالون مین دیکھو۔

قوله ایها الطالب ان اردت الوصول الی الله تعالی فالزم بمتابعة النبی اولاً قولاً وفعلاً وظاهراً وباطناً

اقول ای طالب اگر می خواہی وصول الی اللہ
را پس لازم گیر اولاً متابعت نبوی در قول و فعل
وظاہر و باطن چرا کہ متابعت حضرت صلی اللہ علیہ
وسلم منتج و مثمر محبت الٰہی است چنانچہ فرمود حق
جل وعلا قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی
یحببکم اللہ و مثال محبت قدیم در جذب حقیقت
مصطفوی ہمچنان است کہ خاصیت مقناطیس در
جذب آہن۔ حق صفت خود را کہ جذب آہن است
بہ مجذوب و محبوب خود بخشید تا آہن دیگر جذب
تواند کرد و علی ہذا خاصیت ہر جاذبے در مجذوب
خود سرایت می کند ہمچنین روح محمدی کہ محبوب و مجذوب
اول است خاصیت جذب ارواح مومنان از
مقناطیس محبت قدیمہ اکتساب کرد و چندین ہزار
ارواح صحابہ از اطراف و اکناف عالم بخود کشید
و ہر ایکے از ایشان بقدر استعداد ازان خاصیت
نصیبے یافتند و ارواح تابعین را بخود کشیدند و ہمچنین
از ارواح تابعین بہ ارواح مشایخ و علماء راسخ
آن خاصیت قرناً بعد قرنٍ و بطناً بعد بطنٍ منتقل
شد و سلسلہ مریدی و مرادی منتظم گشت و ہر مریدے

میں کہتا ہوں کہ اگر تم وصول الی اللہ چاہتے ہو تو اولاً
متابعت نبوی قولاً و فعلاً و ظاہراً و باطناً مضبوطی سے
اختیار کرو کیونکہ متابعت نبوی کا نتیجہ محبت الٰہی ہے
جیسا کہ اللہ تعالے نے فرمایا کہ ای محمد کہو اگر اللہ کو تم کو
دوست رکھتے ہو تو میری متابعت کرو اللہ تمکو دوست
رکھیگا اور مثال محبت قدیم کی جذب حقیقت مصطفوی
میں رکھی ہی جیسے مقناطیس کی خاصیت جذب آہن میں
حق نے اپنی صفت کو جو جذب آہن ہی اپنی محبوب اور
مجذوب کو بخشا تا کہ دوسرے آہن کو بھی جذب کر سکے اور
اسی طرح یہ ہر جاذب کی خاصیت اپنی مجذوب میں سرایت
کرتی ہی اسی طرح روح محمدی نے جو محبوب و مجذوب
اول ہے جذب ارواح مومنین کی خاصیت مقناطیس
محبت قدیمہ سے حاصل کر کے ہزاروں ارواح
صحابہ کو اطراف اور کناف عالم سے اپنی طرف جذب
کیا اور انمیں سے ہر ایک نے بقدر اپنی استعداد کے حصہ پایا
اور ارواح تابعین کو اپنی طرف کھینچا اسی طرح ارواح
تابعین سے ارواح مشایخ و علماء راسخ میں وہ خاصیت
قرناً بعد قرنٍ اور بطناً بعد بطنٍ منتقل ہوئی اور
سلسلہ مریدی اور مرادی کا مضبوط ہو گیا اور ہر مرید

مراد شد و این معنی از اثر برکت متابعت رسول آن
صلی اللہ علیہ وسلم پس ہر کہ بواسطۂ کمال متابعت
و رابطۂ اتصال بہ ارواح مشایخ با روح نبی
علیہ السلام اتصال یافتہ خاصیت محبت
الٰہی در وے پدید آمد و رتبۂ محبوبی و مرادی یافت
چہ ارواح مشایخ علی الترتیب با روح نبی
علیہ السلام پیوستہ اند بہ محبت و متابعت و
خاصیت محبت الٰہی بدان واسطہ در ہمہ
سرایت کردہ و متابعت قولی وے صلعم آن کہ
سخن سالک آن بود کہ وے را بود و فعلاً آن کہ
برخلاف اشارت وے ہیچ فعلے نہ کند دینی و
دنیوی و ظاہراً آن کہ خود را از صفات مذمومہ
پاک دارد چنانکہ وے صلعم داشتہ و باطناً این کہ
حواس و جوارح را مرتب دارد چنانکہ او داشتہ۔

مراد ہوا اور یہ متابعت نبوی صلعم ہی کی برکت کا اثر ہے
پس جو شخص بواسطہ متابعت و رابطہ اتصال بہ ارواح مشایخ
کے آنحضرتؐ کی روح مبارک سے متصل ہو گیا اوسمین
محبت الٰہی کی خاصیت ظاہر ہوئی اور اوس نی مرتبہ
محبوبی و مرادی پا لیا کیونکہ ارواح مشایخ با ترتیب بسبب
محبت اور متابعت کے روح آنحضرت سے ملی ہین اور
محبت الٰہی کی خاصیت نے اون سب مین سرایت کی ہے
اور متابعت قولی آنحضرتؐ کی یہ ہے کہ سالک کے
منہ سے وہی بات نکلے جو آپ نے فرمائی ہو اور فعلی یہ
ہے کہ آنحضرتؐ کے اشارہ کے خلاف کوئی فعل
دینی یا دنیاوی نہ کرے اور ظاہری یہ ہے کہ صفات
مذمومہ سے اپنے کو پاک رکھے جس طرح آنحضرتؐ نے اپنی کو
پاک رکھا اور باطنی یہ کہ حواس اور جوارح کو مرتب رکھے
جس طرح آنحضرتؐ نے مرتب رکھا۔

قولہ ثم افعل مراقبة وحدة الوجود ثانیاً التی ھی عین معنی الکلمة الطیبة

اقول شریعت اقوال است و طریقت افعال
و حقیقت احوال و معرفت راس المال طہارت
شریعت از آب و خاک است و طہارت طریقت
بہ تخلیہ از ہوا و ہوس و طہارت حقیقت خلو قلب
از ماسوی اللہ پس ہر کہ گمان برد کہ عبور از
حجب بشریت و وقوف بر اسرار طریقت و حقیقت

مین کہتا ہوں شریعت اقوال ہین اور طریقت
افعال اور حقیقت احوال اور معرفت راس المال
طہارت شریعت پانی اور مٹی سے ہے اور طہارت
طریقت تخلیہ ہوا و ہوس سے اور طہارت حقیقت قلب کا
ماسوا اللہ سے خالی ہونا ہے تو جو شخص یہ سمجھے کہ حجابات
بشریت سے عبور اور اسرار طریقت و حقیقت پر وقوف

بدان چیز است که مخالف شریعت است فقد
طغی و غلبت علیه الضلالة شیخ نجم الدین
کبری گوید که شریعت مثل کشتی است و طریقت
مثل دریا و حقیقت مثل دُر پس آن که دُر خواست
تا بر کشتی سوار شده در دریا نیاید دُر بکف نیارد
پس اول شئ که واجب است بر طالب
شریعت است و آن عبارت است از اوامر
آلهیه دنیویه از غسل و وضو و صوم و صلوٰة و غیر ذلک
و طریقت اخذ بالتقوے را گویند و حقیقت وصول
الی المقصد و مشاهدۂ نور تجلی را پس می فرماید
که بعد ملازمت اتباع شریعت مراقبۂ وحدت
وجود کن که آن عین معنی کلمۂ طیبه لا اله الا الله
است . بدان که مراقبه اقرب طرق الی الله است
من حیث التقرب الی الله ولیکن این مطلقًا
نیست بلکه بنسبت اہل جاذب جیه که مراقبه
غیر وے را اقرب طرق نیست چه سالک
محتاج است بسلوک بالاسماء والمجاهده و
مراقبه گویند رویت جناب حق را بعین بصیرت
بر دوام مع تعظیم مذہل و جذب حاصل و سرور
باعث و شوق حادث . صوفیه گویند مراعاة السر
لاطلاع الحق فی لحظة ولفظة علی

مخالف شریعت سے ہے وہ گمراہ ہے اور اس پر
گمراہی غالب ہے شیخ نجم الدین کبرے کہتے ہیں کہ
شریعت کشتی کی طرح ہے اور طریقت دریا کی طرح اور
حقیقت موتی کی طرح پس جو شخص موتی چاہے جب
تک وہ کشتی پر سوار ہوکے دریا میں نہ جائیگا موتی
نہ ملےگا پس اول چیز جو طالب پر واجب ہے وہ
شریعت ہے یعنی اوامر الٰہیہ دنیویہ جیسے غسل و وضو
و صوم و صلوٰۃ وغیرہ اور طریقت تقوے اختیار
کرنے کو کہتے ہیں اور حقیقت مقصد پر پہونچنے اور
نور تجلی کے مشاہدہ کرنے کو پس فرماتے ہیں کہ بعد
ملازمت اتباع شریعت وحدت وجود کا مراقبہ کرو
کہ وہ عین کلمۂ طیبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کے معنی ہیں۔
واضح ہو کہ مراقبہ خدا کی راہوں میں سب سے
نزدیک راہ بہ حیثیت خدا کے تقرب کے ہے مگر
نہ مطلقًا بلکہ بہ نسبت اہل جاذب کے کیونکہ غیر
اہل جاذب کا مراقبہ اقرب طرق میں نہیں ہے
اس لیے کہ سالک سلوک اسماء اور مجاہدہ کا محتاج
ہے اور مراقبہ حق کو چشم بصیرت سے ہمیشہ دیکھنے
اور تعظیم مذہل و جذب حاصل و سرور باعث و شوق
حادث کو کہتے ہیں صوفیہ کہتے ہیں کہ ہر بات میں اور ہر وقت
انکشاف از حقیقت کا پاس و لحاظ اس معنی میں ہونا چاہیے

معنی قوله تعالی افمن هو قائم الی آخره
و مراقبه ماخوذ از رقابت است بمعنی محافظت
یا از رقوب بمعنی انتظار و نیز بمعنی مراصدت و آن
قریب است از معنی حفظ و انتظار - و در اصطلاح
اہل حقیقت مراقبه استدامت علم عبد است
باطلاع الرب فی جمیع احواله و بعضی گویند
هی مراعاة السر بملاحظة الحق
مع کل خطرة و قیل هی تسلیط هیبة
الحق و نظره علی القلب و سائر الاعضاء
فی کل حرکاتها و سکناتها - قال الله کان
علیکم رقیبا و قال علیه السلام
لجبرئیل لما سئل عن الاحسان
ان تعبد الله کانک تراه فان لم تکن
تراه فانه یراک فقوله فان لم تکن
تراه فانه یراک اشارة الی حال المراقبة
پس مراقبه اقرب طرق الی الله است من
حیث التقرب الیه و این بعینه معنی نفی
و اثبات اند چه که مراقبه ملاحظهٔ اثبات وحدت
وجود آلہی است در باطن و این معنی بعینه معنی
لا اله الا الله است زیرا که نتیجهٔ ذکر نفی و
اثبات مراقبه است چه حقیقت نفی و اثبات

جیسا کہ ارشاد باری تعالی ہے اَفَمَن ہُوَ قَائِمٌ الخ اور مراقبہ رقابت
سے ماخوذ ہے محافظت کے معنی مین یا رقوب سے انتظار
کے معنی مین اور مراصدت کے معنی مین بھی ہے اور
یہ حفظ اور انتظار کے معنے سے قریب ہے اور اصطلاح
اہل حقیقت مین مراقبہ کے یہ معنی ہین کہ بندہ ہمیشہ
یہ یقین کرے کہ پروردگار اس کے ہر حال سے مطلع ہے
اور بعض کہتے ہین کہ یہ باطن کی نگاہداشت ہے بملاحظہ
حق مع ہر خطرہ کے اور بعض کے نزدیک ہیبت حق
اور اوس کی نظر کا مسلط ہونا ہے قلب اور کل اعضا کے
حرکات و سکنات پر اللہ تعالے نے فرمایا کہ وہ تمہارا
نگران ہے اور آنحضرت صلعم نے جبرئیل سے فرمایا
جبکہ اونھون نے مرتبۂ احسان کو پوچھا کہ اللہ کی عبادت
کرو گویا کہ تم اوس کو دیکھتے ہو اگر تم اوس کو نہین
دیکھ سکتے ہو تو وہ تم کو دیکھتا ہے پس آنحضرتؐ کا
ارشاد فَاِنْ لَمْ تَکُنْ تَرَاہُ فَاِنَّہٗ یَرَاکَ مین مراقبہ
کی طرف اشارہ ہے تو مراقبہ خدا کی سب سے نزدیک
راہ ہے بحیثیت اوس کے تقرب کے اور یہ بعینہ نفی اور
اثبات کے معنے ہین کیونکہ مراقبہ باطن مین اثبات
وحدت وجود الٰہی کا ملاحظہ ہے اور یہ بعینہ لا الٰہ
الا اللہ کے معنے ہین اس لیے کہ ذکر نفی و اثبات
کا نتیجہ مراقبہ ہے کیونکہ حقیقت نفی و اثبات

بالقلب است و بعضی گفته اند که توجه و مراقبه
یکی است و بعضی فرق باین چنین بیان می کنند
که توجه آن است که مقید متوجه مطلق شود و
هر ارادت و طلب در مطلق نماید و اشتیاق و
انتظار ظهور مطلق به کمال در نهایت است یا
در قرب نهایت که آن را مراقبه گویند۔

بالقلب ہے اور بعضے کہتے ہین کہ توجہ اور مراقبہ
ایک چیز ہے اور بعضے یہ فرق بیان کرتے ہین کہ توجہ
یہ ہے کہ مقید مطلق کی طرف متوجہ اور اوس کی ارادت
وطلب مطلق ہی کے لیے ہو اور اشتیاق اور انتظار ظہور
مطلق کمال انتہا مین ہے یا قرب بہ انتہا کے جس کو مراقبہ
کہتے ہین۔

قوله من غير اشتراط وضوء وان وجد فهو اولى ولا في تخصيص وقت
دون وقت ومن غير ملاحظة النفس دخولاً وخروجاً في مراقبة ولا من
ملاحظة حروف الكلمة الطيبة بل لا يلاحظ الا المعنى فقط في كل حال
قائماً او قاعداً او ماشياً او مضطجعاً او متحركاً او ساكناً شارباً او آكلاً

اقول وضو در مراقبه شرط نیست و اگر بود اولیٰ
است که به آداب باشد و اثرش زیاده تر
بود بلا تخصیص وقت و غیر وقت و بغیر ملاحظهٔ
نفس در دخول و خروج در مراقبه و بدون ملاحظهٔ
حروف کلمهٔ طیّبه بلکه ملاحظهٔ معنے باید در هر حال
خواه در حالت قیام باشد یا قعود یا مشی یا در
اضطجاع و یا بحالت حرکت یا سکون یا در
اکل و یا در شرب گویم طریقهٔ آن این که ذاکر
بلسان قلب لا اِلٰهَ تلفظ کند و جمیع
تعلقات قلبیه را نفی کند بعد از ان هم به لسان
قلب اِلّا الله تصور کند و بدان اثبات

مین کہتا ہون کہ وضو مراقبہ مین شرط نہین
اگر ہو تو بہتر ہے کہ یہ آداب سے ہے اور اوس کا
اثر زیادہ ہوگا بلا تخصیص وقت وغیرہ کے اور بغیر
ملاحظۂ نفس کے دخول اور خروج کے مراقبہ مین
اور بغیر ملاحظہ حروف کلمۂ طیبہ کے بلکہ صرف معنی کا
ملاحظہ چاہیے ہر حال مین خواہ حالت قیام مین ہو
یا قعود مین یا چلنے مین یا لیٹنے مین یا حرکت مین یا
سکون مین یا کھانے پینے کے وقت میرے نزدیک
اوس کا طریقہ یہ ہے کہ ذاکر زبان قلب سے لا اِلٰہ
کہے اور کل تعلقات قلبیہ کی نفی کرے پھر زبان
قلب سے اِلّا اللہ کہے اور اوس سے حق کا

وجود وحدانیت حق کند واگر باین طریقہ کند
حاجت بہ حبس نفس بہر حضور مذکور و وصول
ذہول از ماسوی اللہ ندارد پس ہرگاہ آسمین
مذکورین را بطریقین معلومین ذکر کرد بوجہ
آن صفوت وزکا نفس حاصل گشت وذاکر
باین ہر دو ذکر عارف باللہ و واصل الی اللہ
گردد پس بجز این بہر معرفت حق حاجت
بہ طریقۂ دیگر ندارد کما لا یخفی علی
من فعل۔

وجود یکتا ثابت کرے اور اس طرح کرنے مین حضور
مذکور اور ماسوی اللہ سے غفلت کے وصول مین
سانس روکنے کی ضرورت نہین پھر جب اوس نے
اسماء مذکورہ کا ذکر بطریق معلوم کیا اور اوس کی
وجہ سے صفائی اور برگزیدگی نفس مین حاصل ہوگئی
تو ذاکران ذکرون کی وجہ سے عارف باللہ اور واصل
الی اللہ ہوگیا اس کے سوا معرفت حق کے لیے کسی
دوسرے طریقہ کی حاصل کرنے کی ضرورت نہین
چنانچہ جس نے اس کو کیا ہے اوسپر مخفی نہین ۔

قوله وطريق المراقبة ان تنفي اينيتك اوّلاً والاينية عبارة عن ان يكون
حقيقتك وباطنك غير الحق سبحانه ولا تنفي الا هذا الاينية وهو معنى
لا اله ثم اثبت الحق في باطنك ثانيا وهو معنى الا الله

اقول وطریق مراقبہ آن است کہ نفی کن اوّلاً
اینیت خود را واینیت عبارت است ازین کہ
حقیقت و باطن تو غیر حق باشد پس نفی ہمین
زعم غیریت کنی کہ این باشند معنی لا الہ
واثبات حق کن در باطن کہ این بوند معنی الا اللہ
باید دانست کہ اینیت عبارت است از بودن
قلب محجوب بہ وجود امکان واثبات وجود
حق در آن عبارت از مشاہدہ وجود اللہ است در
قلب پس مادام کہ قلب محجوب بود بوجود امکانی

مین کہتا ہون کہ مراقبہ کا طریقہ یہ ہے کہ اوّلاً اپنی
اینیت کی نفی کرو اینیت یہ ہے کہ تمھاری حقیقت
اور تمھارا باطن غیر حق معلوم ہو تو اسی خیال غیریت
کی نفی کرنا چاہیے لا الہ کے یہی معنی ہین ۔ اور
باطن مین حق کا اثبات کرو کہ الا اللہ کے یہی
معنی ہین جاننا چاہیے کہ بسبب وجود امکانی قلب
کا محجوب ہونا اینیت ہے اور اس وجود امکانی مین
اثبات وجود حق قلب مین وجود الٰہی کے مشاہدہ سے
عبارت ہے پس جبتک کہ قلب وجود امکانی سے محجوب

وجود حق مشاہدہ نہ گردد وحق تجلی نہ کند دران ابدًا
ودانستہ نہ شود طریق توحید وطالب عارف باللہ
حق المعرفت نہ شود **سوال** وجود امکانی کہ
مجازی ظلی است چگونہ حاجب ومانع از شہود
وجود حقیقی اصلی تواند بود **جواب** وجود امکانی
حجاب می گردد بہ نسبت اہل حجاب کہ محجوب اند
بہ وجوب امکانی در قلب کالعمی فی العین
کہ مادامیکہ قلب محجوب بدان حجاب بود نور وجود
مشاہد نہ گردد چنانکہ بچشم کور نور آفتاب نتوان دید
با این ہمہ کہ آفتاب موجود لنفس الامر سیت ونورش
ظاہر دو عالم است فافہم

رہے گا وجود حق کا مشاہدہ نہ ہوگا اور حق اوس مین
کبھی متجلی نہ ہوگا اور طریق توحید کا علم بھی نہ ہوگا اور
طالب کما حقہ عارف باللہ نہ ہوگا **سوال** وجود
امکانی کہ جو مجازی ظلی ہے شہود وجود حقیقی اصلی
کا حاجب ومانع کیسے ہوسکتا ہے **جواب** وجود
امکانی بہ نسبت اہل حجاب کے حجاب ہوجاتا ہے
جن کے قلب پر وجوب امکانی کا پردہ پڑا ہے جیسے
نابینائی آنکھ مین ہے جب تک قلب اوس حجاب سے
محجوب رہتا ہے اوسے نور وجود کا شہود نہین ہوتا جیسے
اندھے کو نور آفتاب نظر نہین آتا باوجود اين ہمہ کہ آفتاب
موجود ہے اور اوسکی روشنی پھیلی ہوئی ہے پس سمجھو

قولہ فان قلت اذا کان الوجود واحدا وغیرہ لیس بموجود فای شیء
ینفی وای شیء یثبت

اقول یعنی اگر گوئی کہ چون حسب تقریرات
سابقہ ظاہر ومبرہن گشت کہ وجود مطلق واحد
است غیر او موجود نے پس نفی کرا کنیم واثبات کرا

مین کہتا ہون کہ اگر یہ کہو کہ جب حسب تحریرات سابق
ظاہر ہوا کہ وجود مطلق ایک ہے اوس کا غیر موجود
نہین تو ہم کس کی نفی کرین اور کس کا اثبات کرین

قولہ قلت وہم الغیریۃ والاثنینیۃ نشأ للخلق وہذا الوہم باطل فلا شان ینفی
ہذا الوہم ثم اثبت الحق سبحانہ فی باطنک ثانیًا

اقول گویم کہ آن وہم غیریت ودوئی است
کہ این را باطل باید کرد وحق را ثابت وطریقہ
آن بالا رفت

مین کہتا ہون اس کا جواب یہ ہے کہ وہ وہم
غیریت اور دوئی ہے جس کو باطل اور حق کو ثابت
کرنا چاہیے جس کا طریقہ اوپر بیان ہوچکا۔

قولہ ایہا الطالب اذا غلب علیک الحال بفضل اللہ وکرمہ لا تقدر علی نفی
انیتک الوہمیۃ بل لم تبق فیک الا اثبات الحق سبحانہ تعالی رزقنا اللہ تعالی
وایاکم ہذا المقام بحرمۃ النبی وآلہ الامجاد

اقول ای طالب ہرگاہ کہ بر تو حال غالب شود بفضل
خدا و کرم وی قدرت بر نفی انیت وہمیہ خود نتوانی
داشت بلکہ نخواہد ماند در تو مگر اثبات حق روزی
دہد ما را و شما را خدائے بزرگ این مقام بحرمت رسول
و آل وی کہ بزرگ اند این اشارہ بہ جذبۂ تعلق
قرب ایجادی حق است کما اشار الیہ تعالی اللہ
یجتبی الیہ من یشاء ہذا آخر ما اردنا شرح
ہذا الصحیفۃ الشریفۃ اللہم کما انعمنی
من تیسیر اتمامہا فیسر لنا تمام معرفتک
و تمام توفیقک و تمام مغفرتک و
تمام رضوانک۔

مین کہتا ہون ای طالب جسوقت تجہپر خدا کے فضل اور
کرم سے حال غالب ہوگا تو نفی انیت وہمیہ کی تجہ مین
خود قدرت باقی رہیگی بلکہ اثبات حق کے سوا تجہ سے
کچہ نہ ہو ویگا اللہ تعالی ہم کو اور تم کو یہ مقام بحرمت آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم اور اون کی اولاد برگزیدہ کے عطا کرے
اس سے جذبۂ تعلق قرب ایجادی حق کی طرف اشارہ
ہے چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہے کہ اللہ جس کو چاہتا ہے
برگزیدہ کرتا ہے۔ یہ اوس چیز کا ختم ہے جسکا ہم نے ارادہ
کیا تھا یعنی اس صحیفہ کی شرح یا اللہ جسطرح تو نے ہمین اس شرح
کی بآسانی اتمام کی نعمت بخشی اوسیطرح ہماری لیے اپنی پوری
معرفت و مغفرت و بخشش و خوشنودی آسان فرما

بفضل اللہ العلی الاقدر قد تم ترجمۃ ہذا الکتاب علی ید العبد الاحقر علی حیدر غفر لہ
اللہ العلی الاکبر نہار سابع وعشرین یوم الثلثاء من شہر صفر المظفر سنۃ اثنی و اربعین
وثلث مائۃ بعد الالف من ہجرۃ النبی المطہر علیہ صلوۃ اللہ وسلامہ دائما ما طلع
الشمس و لمع القمر اللہم تقبل منا ہذا السعی کما تقبلت عن اسلافنا و انعمنا کما انعمت
علیہم برحمتک ومنک وارزقنا معرفۃ تامۃ واجعلہ لنا خیر رفیق واہدنا الی
سواء الطریق وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ
حبیبہ سید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ واولیاء امتہ اجمعین آمین ثم آمین

اشتہار

قاضی محمد نظام علیخان محلہ مفتی گڈھی کاکوری ضلع لکھنؤ